**جواب**: دھک، دھک، دھک! جی ہاں، دل کی یہی دھڑکن انسان کے زندہ ہونے کا ثبوت ہے۔ یہ رک جائے تو انسان کی سانسیں رک جائیں۔ انسانی جسم میں دل و دماغ ہی وہ سب سے اہم عضو سمجھے جاتے ہیں دل و دماغ صحت مند ہیں تو جسم توانا رہتا ہے۔ لہٰذا ہر آدمی کا فرض ہے کہ وہ اپنے دل کی حفاظت کرے۔ ذیل میں قلب کی دیکھ بھال کرنے والے ایسے نسخے پیش کئے جارہے ہیں جو ماہرین کی سینکڑوں برس کی تحقیق و تجربات کا نچوڑ ہیں۔ امریکی ڈاکٹروں نے دریافت کیا ہے کہ جو مرد و عورت ہفتے میں تین بار تین منٹ تک سگریٹ کے دھوئیں کی زد میں ہیں ان میں امراض قلب میں مبتلا ہونے کا خدشہ چھبیس فیصد تک بڑھ جاتا ہے۔ سگریٹ کے دھوئیں والے ماحول میں بھی نہ بیٹھیں، ڈاکٹروں کا کہنا ہے کہ کھیل اور ورزش سمیت وہ کام جو دل کی دھڑکن کو بڑھادیں دل کی صحت کے لئے مفید ہیں۔ دراصل جب بھی دل کی دھڑکن تیز ہو تو یہ اس کی دھڑکن کو از سر نو شروع کرنے کے مترادف ہے۔ یوں دل کی کارکردگی بہتر ہوجاتی ہے۔ آلودہ ماحول میں ورزش کرنے سے خون میں آکسیجن کم ہوجاتی ہے ایسی حالت میں دل کی نالیوں میں لوتھرے بننے کا امکان بڑھ جاتا ہے۔ برطانوی ماہرین نے بعد از تجربات دریافت کیا ہے کہ جو مرد وزن شدید جسمانی سرگرمی تیرنے یا پہاڑ پر چڑھنے بائیکنگ سے محض پچاس حرارے بھی چلائیں ان میں امراض قلب کا خطرہ ساٹھ فیصد کم ہوجاتا ہے۔ تاہم ہلکی ورزش چلنے پھرنے سے اتنا فائدہ نہیں ہوتا۔ ایک تجربے میں آسٹریلوی ماہرین کو گری دار میوے کھانے کے چند دن بعد ان کا معائنہ کیا تو ان میں تین یا پانچ فیصد کولیسٹرول کم پایا۔ وجہ یہ ہے کہ گری دار میوے میچور یٹیڈ چکنائی کی کثیر مقدار رکھتے ہیں جو انسان ڈپریشن میں ہو دوسروں کی نسبت جلد امراض قلب کا نشانہ بن جاتے ہیں۔ کئی مرد و زن دوا کھا کر ڈپریشن بھگانے کی سعی کرتے ہیں۔ جدید تحقیق نے انکشاف کیا ہے کہ ڈپریشن سے نجات پانے کا ایک بہترین طریقہ کوئی بھی ورزش کرنا مثلاً سائیکل چلانے یا بیڈمنٹن کھیلنا ہے۔ امراض قلب میں مبتلا افراد روزانہ بیس منٹ مراقبہ کرنے کے لئے نکالیں۔ یہ روحانی عمل گھبراہٹ اور بے چینی سے نجات دلا کر انسان کو پر سکون کرتا ہے۔ غصہ قلب کے لئے نقصان دہ ہے ہارڈ ورڈ یونیورسٹی کے ریسرچر نے دریافت کیا ہے۔ جو لوگ اپنا غصہ باہر نکال دیں اور امراض قلب میں بہت کم مبتلا ہوتے ہیں جب کہ دبا ہوا غصہ دل کے لئے نقصان دہ ہے۔ دنیا بھر میں امراض قلب سے اموات کی شرح بڑھتی جارہی ہے۔ غذائی تبدیلی کر کے اور ورزش کو معمول بنا کر دل کو صحت مند رکھا جاسکتا ہے۔ کئی برسوں کی تحقیق کے بعد ماہرین نے دل کے لئے مندرجہ ذیل اجزاء کو مفید قرار دیا ہے۔ دل کی ناکامی میں دل اپنی معمول کی صلاحیتوں کے مطابق خون پمپ نہیں کر پاتا جس سے جسم میں سیال مادہ کی زیادتی اور دیگر پیچیدگیاں پیدا ہوتی ہیں۔ دل کی بیماریوں سے بچاؤ کے لئے صحت مند طرز زندگی اپنانا ضروری ہے۔ جس میں متوازن غذا ضروری ہے۔ با قاعدہ ورزش اور تمباکو نوشی سے پرہیز شامل ہے اس کے علاوہ خون کی شکر، بلڈ پریشر، اور کولیسٹرول کی سطح کو کنٹرول میں رکھنا بھی اہم ہے۔ اگرچہ دل کی بیماریوں کے خطرات کو مکمل طور پر ختم کرنا ممکن نہیں۔ مگر صحت مند عادت علامات اور بروقت علاج سے ان کے اثرات کو کم کیا جاسکتا ہے۔ اس طرح ہمیں اپنی روزمرہ کی زندگی میں دل کی بیماریوں سے بچنے کے لئے احتیاط برتنی چاہئے اور صحت مند زندگی گزارنی چاہئے۔ Crat Ox Q اور Cactus Grand Q دونوں سے پندرہ پندرہ بوند آدھے کپ پانی میں روزانہ تین بار لیں۔

**سوال**: ڈاکٹر صاحب: پیراسیٹامول ایک کم قیمت اور آسانی سے دستیاب ہوجانے والی دوا ہے۔ بخار، سردی، بدن درد اور موسمی بیماری کے لئے بھی اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔ دوران حمل پیراسیٹامول مضر ہے یا مفید؟ تحقیق کی روشنی میں بتائیں اور اس کا متبادل ہومیو پیتھی دوا تحریر کریں۔ صاعقہ متین، بیت المکرّم مسجد، شیب پور، ہوڑہ۔

**جواب**: ایک نئی تحقیق میں انکشاف ہوا ہے کہ حمل کے دوران پیراسیٹامول کا زیادہ استعمال بچوں میں آٹزم اور آٹینشن ڈلینسٹ ہائپرایکٹیوٹی ڈس آرڈر کے خطرات کو بڑھاتا ہے۔ یہ تحقیق ماؤنٹ سیٹی ہاسپٹل اور ہارورڈ اسکول آف پبلک ہیلتھ کے ماہرین کی سربراہی میں کی گئی جس میں پچھلی ۴۶ تحقیقات کے اعداد و شمار کو بھی مدنظر رکھا گیا ہے۔ اس تحقیق میں ایک لاکھ سے زائد افراد کا ڈیٹا شامل کیا گیا ہے اور نیویکیشن گائیڈ سسمیک ریولو کے تحت نتائج مرتب کئے گئے ہیں۔ ماہرین اس تحقیق کے مختلف مراحل سمیت پیراسیٹامول کے استعمال کے دورانئے کو بھی جانچا اور نتائج میں شامل کیا ہے۔ تحقیق کے مطابق مطالعات میں واضح طور پر یہ تعلق سامنے آیا کہ حمل کے دوران پیراسیٹامول کے استعمال سے بچوں میں نیورو ڈیمنٹل ڈس آرڈنرز بڑھ سکتے ہیں۔ تحقیق میں کہا گیا ہے چونکہ یہ دوا دنیا بھر میں بڑے پیمانے پر عام استعمال ہوتی ہے اس لئے مضر اثرات میں معمولی اضافہ بھی صحت عامہ کے لئے بڑے اثرات مرتب کرسکتا ہے۔ تحقیق کے شریک مصنف اسسٹنٹ پروفیسر ماؤنٹ سینی ہاسپٹل ڈاکٹر ویڈیئر برادا نے کہا ہے کہ حاملہ خواتین کو اچانک دوا بند نہیں کرنی چاہئے کیوں کہ بغیر علاج کے بخار یا شدید درد بھی ماں اور بچے کے لئے دونوں نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے۔ ان کے مطابق خواتین کو پیراسیٹامول کے استعمال سے قبل اپنے معالج سے مشورہ کرنا چاہئے اور ممکن ہوسکے تو دوائی کے استعمال کے بغیر متبادل طریقوں پر غور کرنا چاہئے۔ ماہرین کی تجویز ہے کہ پیراسیٹامول اگرچہ عام اور نسبتاً محفوظ دوا سمجھی جاتی ہے۔ لیکن حمل کے دوران اس کا استعمال صرف ڈاکٹر کے مشورے سے ضرورت پڑنے پر ہی کیا جانا چاہئے۔ پیراسیٹامول کا متبادل ہومیو پیتھ میں Pyrogenium نمبر ایک پر آتا ہے۔ ویسے دواؤں کی کمی نہیں ہے۔ سینکڑوں کی تعداد میں ہیں۔

**سوال**: ڈاکٹر صاحب: سلام نیاز۔ میں گیدڑ کی سو سال کی زندگی سے شیر کی ایک دن کی زندگی بہتر ہے کا قول رکھنے والے میسور کے حکمراں اور جنگ آزادی کے صف اول کے مجاہد آزادی کے شہر سری رنگا پٹنم میں ایک تقریب میں شرکت کی غرض سے آئی ہوں ایک طبی جریدے کے ایڈیٹر معروف حکیم صاحب نے ہومیو پیتھی کی کرشمہ سازیاں کالم پڑھنے کو دیئے اور آپ کے انداز نگارش طریقۂ علاج طرز گفتگو، قدیم و جدید دواؤں کے انتخاب کی تعریف و توصیف کرتے ہوئے آپ سے رابطہ رکھنے کی تلقین کی اور فرمایا کہ سوالات و جوابات میں حصہ لے کر نہ صرف معلومات میں اضافہ ہوگا بلکہ مشاہدہ اور تجربہ کا اک صحیفہ بھی عطا ہوگا۔ حکم کی تعمیل میں اک سوال خواتین میں امراض قلب کی کیوں اور کیسے، لے کر حاضر ہوں اور انہیں بیماریوں کی دوا بھی تحریر فرمائیں امید کہ طلب کو منزلت عطا کریں گے۔ سیدہ نسرین نفاش کشمیر۔

**جواب**: بہت سی خواتین سرطان سے ہونے والی بیماریوں سے خوف زدہ رہتی ہیں جب کہ حقیقت یہ ہے کہ چالیس سال سے زیادہ عمر کی خواتین میں اموات کی وجہ امراض قلب ہیں۔ یہ خطرہ پچاس سال سے زیادہ عمر کی خواتین اور خصوصاً سن یاس کی عمر میں بڑھ جاتا ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق خواتین میں سن یاس ہونے کی عمر ۴۵ سے ۵۰ سال ہے۔ جو مغربی ممالک کی خواتین کے مقابلے نسبتاً کم ہے۔ ایسٹروجن اپنے دیگر افعال کے علاوہ دل کی مدافعت کرنے والا ہارمون بھی ہے۔ یہ خراب کولیسٹرول یعنی LDL کی مقدار کو کم کر کے اور مفید کولیسٹرول یعنی HDL کو زیادہ رکھتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ کولیسٹرول کو شریانوں میں جمع ہونے سے روکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ خواتین میں سن یاس کے بعد ہارمون کے پیدا کردہ مدافعتی اثرات ختم ہوجاتے ہیں اور امراض قلب یا دل کی شریانوں کی بیماری کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ دل کی شریانوں کی بیماری دنیا بھر میں امراض قلب سب سے عام بیماری ہے جس طرح جسم کے ہر حصے کو آکسیجن کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسی طرح دل کو توانائی فراہم کرنے کی ذمہ داری دل کی سطح پر موجود تین شریانوں کے سپرد ہے۔ وہ شریانیں جو دل تک خون پہنچاتی ہیں "کورونری" (دل کی شریان) کہلاتی ہیں۔ جب یہ کورونری شریانیں کولیسٹرول جمع ہونے کے باعث تنگ ہوجاتی ہیں تو دل کو خون کی مناسب فراہمی نہیں ہوتی اور دل کی بیماری کی علامت پیدا ہوجاتی ہیں۔ لہٰذا کورونری آرٹری ڈیزیز CAD یا دل کی شریان کی بیماری کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ CAD کی سب سے عام علامت سینے میں بے چینی کا احساس یا انجائنا ہوتا ہے اور یہ دل تک خون کی ناکافی فراہمی کے باعث ہوتا ہے جس میں رکاوٹ کا اہم سبب چکنائی یا فیٹی بلاک ہے اگر خون کا ایک ٹکڑا اس بلاک پر بن جائے تو اس کے باعث دل تک خون کا بہاؤ مکمل طور پر رک جاتا ہے اور دل کے عضلات میں نقصان ہونا شروع ہوجاتا ہے۔ اسے عام الفاظ میں دل کا دورہ کہتے ہیں۔ انجائنا دل تک خون کی فراہمی میں کمی تو کہا جاتا ہے جو کسی زخم کے بغیر رونما ہو، جب کہ دل کے دورے میں دل کا پٹھا شدید متاثر ہوتا ہے۔ کارنری آرٹری ڈیزیز کا طبی یا دیگر طریقے سے دل تک آکسیجن کی فراہمی بڑھائی جاسکتی ہے تاکہ دل کی کارکردگی زیادہ موثر ہوسکے۔ دل کے دورے کی صورت میں خون کے ٹکڑے گھلانے والی ادویات بھی فائدہ مند ہوسکتی ہیں، اگر ان کا استعمال فوری اور بروقت کیا جائے۔ بعض اوقات یہ ادویات مطلوبہ مقاصد کو مکمل طور پر پورا نہیں کرتیں اور پھر دیگر طریقہ علاج استعمال کئے جاتے ہیں۔ کارنری انجیو گرافی بھی ایک ایسا ہی طریقۂ کار ہے جس میں شریانوں (دل تک خون لے جانے والی شریانوں کی تصاویر، ایکسرے، ڈائی اور کیمرے کی مدد سے لی جاتی ہے یہ سرجری نہیں بلکہ ایک تشخیصی ٹیسٹ ہے۔ جس میں درد یا تکلیف نہیں ہوتی اور اسے مریض کو بے ہوش کئے بغیر انجام دیا جاتا ہے۔ انجیو گرافی سے شریانوں میں رکاوٹوں اور ان سے متاثر شریانوں کا مکمل طور پر جائزہ ممکن ہوتا ہے۔ یہ ان معلومات کی بنیاد پر فیصلہ کیا جاتا ہے انجیو پلاسٹی گرافی کرائی جائے یا بائی پاس سرجری۔ انجیو پلاسٹی ایسا طریقہ کار ہے جس میں ایک غبارے کی مدد سے دل کی شریانوں کی تنگی دور کی جاتی ہے اور سرجری بغیر انہیں کشادہ کیا جاتا ہے۔ پھر اس میں لاسٹینٹ اسپرنگ ڈالا جاتا ہے تاکہ شریان میں دوبارہ رکاوٹ نہ پیدا ہوسکے۔ یہ سرجری نہیں ہے اور اسے مریض کو بے ہوش کئے بغیر انجام دیا جاتا ہے۔ اگر رکاوٹ کافی حد تک تشویش ناک ہو تو پھر بائی پاس سرجری کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ جس کے لئے ٹانگ سے رگیں لے کر انہیں دل میں متبادل شریان کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے چونکہ کارونری آرٹری کی بیماری بہت عام اور مہلک بھی ہے اس لئے ضروری ہے کہ اس عوامل کی نشاندہی کی جائے جو اس بیماری کے خطرے کو بڑھاتے ہیں۔ ان عام عوامل میں سگریٹ نوشی، ذیابیطس، موٹاپا، ورزش کی کمی، ذہنی تناؤ، بلند فشار خون، ہائی کولیسٹرول اور سن یاس شامل ہے۔ ذیابیطس اور بلند فشار خوں کے مریضوں کو اپنے معالج کے پاس باقاعدگی سے معائنہ کے لئے جانا چاہئے بلڈ پریشر اوپر کا ۱۳۰ اور نیچے کا ۸۰ ہونا چاہئے۔ عورتوں میں جہاں تک امراض قلب کا سوال ہے عموماً خواتین امراض نسوانیت اور ہیری ڈایٹری اور سسرال اور شوہر کے ظلم سے ہو کر اس مرض تک پہنچتی ہیں اس لئے عورتوں میں Ignatia 1m سے علاج کی شروعات کی جائے۔ ویسے وہی دوائیں جو مردوں کی جاتی ہیں مردوں کی دی جاسکتی ہیں۔

☆☆☆

## بی جے پی نے درگا پوجا کے ذریعے رابطہ مہم کو وسعت دی ملک بھر کے بنگالی تارکینِ وطن کو نشانہ بنایا

کولکاتا: 20 ستمبر (عوامی نیوز سروس) جیسے جیسے مغربی بنگال اسمبلی انتخابات قریب آرہے ہیں، بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) نے درگا پوجا کو ایک اہم ثقافتی و سیاسی پلیٹ فارم میں بدل دیا ہے۔ اس سال پارٹی نے بڑے پیمانے پر "پوجا آؤٹ ریچ پروگرام" کا آغاز کیا ہے، جو نہ صرف بنگال کے اندر بلکہ ملک بھر میں بنگالی تارکینِ وطن کو خصوصی طور پر ہدف بنا رہا ہے۔ اگرچہ بی جے پی اسے عوامی سطح پر ثقافتی مہم قرار دے رہی ہے، لیکن پارٹی کے اندرونی ذرائع تسلیم کرتے ہیں کہ اس کا اصل مقصد ڈائسپورا کے ذریعے ووٹروں کو متاثر کرنا ہے۔ کئی برسوں سے ترنمول کانگریس (ٹی ایم سی) نے خود کو "بنگلہ عصمیتا" (بنگالی شناخت و وقار) کا محافظ بتاتے ہوئے یہ دعویٰ کیا ہے کہ ریاست سے باہر بنگالیوں کو ہراسانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس کے برعکس بی جے پی لیڈران کا کہنا ہے کہ ایسی کوئی ہراسانی موجود نہیں اور ٹی ایم سی جھوٹا پروپیگنڈہ پھیلا رہی ہے۔ بی جے پی کے سابق ریاستی صدر راہل سنہا نے کہا، "ملک کے کسی حصے میں بنگالیوں کو ہراسانی نہیں جھیلنی پڑ رہی۔ ٹی ایم سی کہانیاں گھڑ رہی ہے۔ ہماری مہم تہوار کے ذریعے عوام سے جڑنے کی کوشش ہے۔

بی جے پی کے مطابق اس مہم کا مقصد یہ ہے کہ ریاست سے باہر مقیم بنگالی اپنے خاندان اور کمیونٹی تک "ترقی اور بہتر حکمرانی" کا پیغام پہنچائیں، تاکہ ٹی ایم سی کے دعوؤں کو جھوٹا ثابت کیا جاسکے۔ ایک سینئر لیڈر نے اسے "پوجا کیلنڈر سے جڑی ایک ہدفی رابطہ مہم" قرار دیا۔

یہ حکمتِ عملی قومی سطح پر تیار کی گئی ہے اور اس کی نگرانی جنرل سکریٹری ڈشوَنت کمار گوتم اور ترون چگھ کر رہے ہیں۔ ہر ریاست میں ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جو پوجا کمیٹیوں کے ساتھ تال میل بٹھا کر مقامی منتظمین کو بنگال سے آنے والے لیڈروں سے ملاقات کا موقع فراہم کر رہی ہیں۔ ریاستی صدر سمیک بھٹاچاریہ نے کہنا ہے کہ "پارٹی کی ہر سرگرمی منصوبہ بند ہوتی ہے۔ یہ مہم بھی ٹھوس حکمت عملی کے تحت چل رہی ہے، تاہم ہم سب تفصیلات ابھی ظاہر نہیں کر سکتے۔" وہ ذاتی طور پر گجرات مرحلے کی قیادت کر رہے ہیں، جبکہ سابق صدر سکانتا ماجمدار وارانسی (وزیر اعظم نریندر مودی کے حلقے) میں پروگرام میں شامل ہوں گے۔ راہل سنہا نے حال ہی میں چندی گڑھ کا دورہ کیا جبکہ امیتا بھ رائے کو انڈمان و نکوبار کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ اب تک بی جے پی لیڈران نے دہلی، ممبئی، پونے، ناسک، سورت، جے پور، دہرہ دون، ہری دوار، لکھنؤ، وارانسی، رانچی، پٹنہ، بھونیشور، حیدرآباد، چنئی، ترواننت پورم، کوچین، بنگلورو، پناجی اور مدگاؤں سمیت کئی شہروں میں پوجا کمیٹیوں اور بنگالی انجمنوں سے ملاقاتیں کی ہیں۔

چندی گڑھ اور انڈمان و نکوبار بھی اس مہم کے نقشے پر شامل ہیں۔ بی جے پی کے مطابق مختلف شہروں میں ان کا پرتپاک استقبال ہوا۔ دہلی میں پوجا کمیٹیوں نے انہیں روایتی بنگالی ناشتہ کرایا، جبکہ پونے میں 50 سے زائد اراکین کے ساتھ انٹرا ایکٹوسیشن کے بعد کمیونٹی لنچ کا اہتمام کیا گیا۔ ادھر ٹی ایم سی نے بی جے پی پر الزام لگایا ہے کہ وہ دورگا پوجا کو سیاسی پلیٹ فارم کے طور پر استعمال کر رہی ہے اور فرقہ وارانہ ماحول کو ہوا دے رہی ہے۔ ایک سینئر ٹی ایم سی لیڈر نے کہا، "بی جے پی جانتی ہے کہ بنگال کے اندر اس کا اثر محدود ہے۔ اسی لیے وہ بنگالی تارکین وطن کے درمیان ثقافتی شناخت کے نام پر سیاسی فائدہ اٹھانا چاہتی ہے۔"

جیسے جیسے دورگا پوجا قریب آرہی ہے، یہ واضح ہوتا جارہا ہے کہ پوجا پنڈال محض پوجا و جشن کے مراکز نہیں رہے بلکہ سیاسی بیانیوں کی جنگ کے میدان بھی بن چکے ہیں۔ بی جے پی ثقافتی رشتے کو انتخابی فائدے میں بدلنے کی کوشش کر رہی ہے، جبکہ ٹی ایم سی اسے بنگالی شناخت کے تحفظ کی لڑائی کے طور پر پیش کر رہی ہے۔ ووٹوں میں یہ تہواری مہم کتنا رنگ لاتی ہے، یہ تو وقت ہی بتائے گا لیکن اتنا طے ہے کہ اس بار دورگا پوجا بنگال کی سب سے سخت سیاسی جنگ کا بڑا اسٹیج بن چکی ہے۔

## 4 طالبہ کو گھر بلا کر جنسی ہراسانی، ہیڈ ماسٹر کو جج نے ریمانڈ پر جیل بھیجا



علی پور دوا: 20 ستمبر (عوامی نیوز سروس) قائم مقام ہیڈ ماسٹر کو اسکول کے چار لڑکیوں کو اپنے گھر بلا کر ان کے ساتھ جنسی ہراسانی کا معاملہ میں گرفتار کیا گیا ہے۔ یہ سنسنی خیز واقعہ علی پور دوار میں پیش آیا ہے۔ ملزم کو کل جمعہ کو عدالت میں پیش کیا گیا۔ فاضل جج نے ملزم کو سات روزہ ریمانڈ پر جیل بھیجنے کا حکم دیا ہے۔ اس واقعہ سے علاقے میں کہرام مچ گیا ہے۔ اسکول کیمپس کے اندر ایک ہاسٹل ہے۔ بہت سے طلباء اس ہاسٹل میں رہتے ہیں۔ الزام ہے کہ اسکول کے قائم مقام ہیڈ ماسٹر نے جمعرات کو انہیں اپنے گھر بلایا۔ الزام ہے کہ لڑکیوں کو جنسی طور پر ہراساں کیا گیا۔ یہ بھی الزام ہے اس وقت ملزم ہیڈ ماسٹر نشے میں تھا۔ واقعہ سامنے آنے کے بعد علی پور دوار پولس اسٹیشن میں تحریری شکایت درج کرائی گئی۔ جس کے بعد پولس نے اسے جمعرات کی رات گرفتار کرلیا۔ جمعہ کو جب ملزم کو علی پور دوار ضلع کی ایڈیشنل سیشن عدالت میں پیش کیا گیا تو جج نے ٹیچر کو سات دن کی جیل کی تحویل میں بھیج دیا۔ عدالت کے سرکاری وکیل پیوش کانتی دتہ نے کہا کہ استاد کو ہاسٹل سپرنٹنڈنٹ کی شکایت کی بنیاد پر گرفتار کیا گیا ہے۔ ملزم کے وکیل نے آج عدالت میں ضمانت کی درخواست دائر کی تھی۔ جس کی ہم نے مخالفت کی۔ جج نے ملزم کو سات دن کی جیل بھیجنے کا حکم دیا۔ علی پور دوار کے پولس سپرنٹنڈنٹ وائی رگھوونشی نے کہا کہ ہم نے تحریری شکایت کی بنیاد پر ٹیچر کو گرفتار کیا ہے۔ ٹیچر کے خلاف براانچ کا الزام ہے۔ علی پور دوار ڈسٹرکٹ چائلڈ ویلفیئر کمیٹی کے چیئرمین اسیم بوس نے کہا کہ ہمارے مشیروں نے طالبات سے بات کی۔ پولس نے قانون کے مطابق کارروائی کی ہے۔ طالبات کو ابتدائی کونسلنگ دی گئی ہے۔ جبکہ ملزم کا دعویٰ ہے کہ اسے پھنسایا گیا ہے۔

## طاہر پور میں محبت کی پیشکش سے انکار پر طالبہ کا سڑک پر چھرا مار کر قتل

طاہر پور، 20 ستمبر: لڑکی بار بار محبت کی پیشکش کو ٹھکرا چکی تھی۔ پھر بھی نوجوان محبت کا رشتہ استوار کرنے کے لیے بے چین تھا۔ 10 ویں جماعت کی طالبہ کو دوبارہ تجویز مسترد کرنے پر سڑک پر قتل کردیا گیا۔ ندیا علاقہ کے طاہر پور میں جمعہ کی شب ایک سنسنی خیز واقعہ پیش آیا ہے۔ پولس نے تفتیش کے بعد 19 سالہ شیو منڈل کو گرفتار کرلیا ہے۔ واضح ہو کہ گزشتہ ماہ کرشنا نگر میں ایک طالب علم کو محبت کے رشتہ ٹوٹنے کے بعد قتل کردیا گیا تھا۔ اس کا بوائے فرینڈ دیلش راج بندوق لے کر ایشیتا کے گھر گیا اور اسے مار ڈالا۔ ملزم کو بعد میں گرفتار کرلیا گیا۔ یہ واقعہ اس وقت منظر عام پر آیا جب اس واقعہ کا پردہ فاش ہوا تھا۔ لڑکی طاہر پور تھانہ کے علاقے بیر نگرا چا پور کی رہنے والی ہے۔ ملزم نوجوان اسی علاقے میں رہتا ہے۔ دسویں جماعت کا طالبہ کل جمعہ کی شام ٹیوشن پڑھنے گئی تھی۔ لیکن رات ہونے



کے بعد بھی وہ گھر واپس نہیں آئی۔ گھر والے بیٹی کو ڈھونڈنے نکل پڑے۔ رات گئے علاقے کے تالاب سے طالبہ کی خون آلود لاش برآمد ہوئی۔ یہ خبر تھانہ طاہر پور پہنچ گئی۔ پولس نے جا کر لاش برآمد کرلی۔ متوفی کے اہل خانہ نے الزام لگایا کہ ایک مقامی نوجوان لڑکی کو بہت دنوں سے محبت کا رشتہ قائم کرنے کے لیے ہراساں کر رہا تھا۔ اسے مختلف اوقات میں چھیڑا بھی کرتا تھا۔ اہل خانہ نے الزام لگایا کہ دسویں جماعت کی طالبہ کو محبت کی پیشکش کا جواب نہ ملنے پر اغوا کر کے قتل کردیا گیا۔ اسی رات طاہر پور تھانے میں قتل کی شکایت درج کرائی گئی۔ پولس نے نوجوان کو گرفتار کرلیا۔ تفتیش کار گرفتار نوجوان سے پوچھ گچھ کی جارہی ہے۔ بروز سنیچر لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا گیا ہے۔ اہل خانہ نے ملزم کو سخت سے سخت سزا دینے کا مطالبہ کیا ہے۔ اس واقعہ سے پڑوسیوں میں بھی غم و غصہ پھیل گیا ہے۔ اتفاق سے، ایشیتا ملک، ایک طالبہ جس نے ابھی اپنا ہائیر سکنڈری اسکول پاس کیا تھا، گزشتہ ماہ کرشنا نگر میں اس کے ہی گھر میں قتل کردیا گیا تھا۔ ایشیتا نے اپنا رشتہ توڑ دیا تھا۔ محبت میں ٹھکرائے جانے کے بعد، اس کے بوائے فرینڈ دیلش راج نے بندوق لے کر گھر پر دھاوا بول دیا۔ اس نے ایشیتا کو گولی مار کر قتل کردیا۔ دیلش راج اس وقت جیل میں ہے۔ اس واقعہ کے بعد طاہر پور واقعہ نے پورے علاقے میں سنسنی پھیلا دی ہے۔

## بقیہ صفحہ اول کی

**بقیہ**: ہائیڈروجن بم لانے

فیصد جانکاری ہے اور جو کچھ ہوا ہے وہ سامنے آنے والا ہے۔"

جب ان سے یہ سوال کیا گیا کہ کیا ان کا 'ہائیڈروجن بم' وزیر اعظم مودی کے وارانسی انتخابی حلقہ سے منسلک ہوگا، تو انھوں نے جواب دیا کہ "میڈیا کا کام قیاس آرائیاں کرنا ہے، جبکہ ہمارا کام اپنی ذمہ داری نبھانا ہے۔" وہ آگے کہتے ہیں "یہ قیاس آرائیاں آپ کو لگانی ہیں، اور میں اپنا کام کروں گا، میں اپنا کام کر کے دکھاو?ں گا۔"

راہل گاندھی نے اپنی گزشتہ 2 پریس کانفرنسوں کا بھی ذکر کیا۔ انھوں نے کہا کہ "ہم نے مہادیو پورہ اور آلند میں ووٹرس کی غلط طریقے سے جوڑی اور ہٹائی گئی جانکاری دکھائی ہے۔ ہم اسے اِس طرح دکھائیں گے کہ ہندوستان میں کسی کو بھی اس بات میں شبہ نہیں رہ جائے گا کہ نریندر مودی نے ووٹ چوری کر انتخاب جیتا ہے۔" کانگریس رکن پارلیمنٹ نے چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار پر 'ووٹ چوروں کی حفاظت' کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ کرناٹک کے آلند اسمبلی حلقہ سے 6 ہزار ووٹرس کے نام ہٹانے کی جانچ چیف الیکشن کمشنر کے خلاف ایک واضح ثبوت ہے۔ کرناٹک میں سی ا?ئی ڈی جانچ چل رہی ہے۔ اس نے ووٹ چوری میں استعمال فون نمبروں کی جانکاری طلب کی ہے۔ گیانیش کمار ہی وہ چیف الیکشن کمشنر ہیں، جن کی کرناٹک سی ا?ئی ڈی جانچ کر رہی ہے۔ اس سے سنگین الزام الیکشن کمیشن کے چیف پر عائد نہیں ہوسکتا۔ راہل کہتے ہیں کہ "یہ میرا بیان نہیں ہے، بلکہ یہ حقائق پر مبنی بات ہے۔"

**بقیہ**: پرتگال کا بھی فلسطین

پرتگال کے وزیر خارجہ نے رواں ہفتے برطانیہ کے دورے کے دوران کہا تھا کہ ان کا ملک فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے پر غور کر رہا ہے تاہم اب وزارت خارجہ کی جانب سے فلسطین کو ریاست تسلیم سے متعلق اعلان کردیا گیا ہے۔

پرتگال نے اب تک یورپی یونین کے بعض دیگر ارکان کی نسبت اس معاملے میں محتاط رویہ اختیار کیا تھا اور یورپی یونین کے اندر مشترکہ موقف اختیار کرنے پر زور دیا تھا۔

**بقیہ**: غزہ پر اسرائیل

ادارے کے مطابق اسرائیلی فوجیوں نے خان یونس میں بے گھر فلسطینیوں کے خیموں پر بھی بمباری کی جس کے نتیجے میں 2 بچے شہید ہوگئے۔

غزہ شہر کے مرکز میں اسرائیلی فوج کی پیش قدمی کا سلسلہ جاری ہے جب کہ زمینی آپریشن میں اب تک غزہ شہر کی 1700 کثیر المنزلہ عمارتیں تباہ کی جاچکی ہیں۔

غزہ سٹی سے اب تک ساڑھے 4 لاکھ فلسطینی نقل مکانی کرچکے ہیں اور شہر چھوڑنے والے افراد کی مجموعی تعداد 4 لاکھ 80 ہزار ہوچکی۔ اس کے علاوہ 2 روز قبل اسرائیلی فوج نے غزہ شہر کے 40 فیصد حصے پر قبضے کا دعویٰ کیا تھا۔

**بقیہ**: ٹرمپ انتظامیہ اسرائیل

کے روز ممکنہ ہیلی کاپٹر اور گاڑیوں کی فروخت کی خبر دی، تاہم وائٹ ہاؤس نے اس خبر پر تبصرہ کرنے کی فوری طور پر کوئی درخواست منظور نہیں کی۔

یہ مجوزہ فروخت اس وقت سامنے آئی ہے، جب اگلے ہفتے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے سالانہ اجلاس کے لیے دنیا کے رہنما جمع ہونے والے ہیں، جب کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل بھی غزہ پر اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد کرنے والی ہے۔

مجوزہ پیکیج میں 3 ارب 80 کروڑ ڈالر مالیت کے 30 اے ایچ 64- اپاچی حملہ آور ہیلی کاپٹر اور ایک ارب 90 کروڑ ڈالر مالیت کی 3 ہزار 250 پیادہ فوجی جنگی گاڑیاں شامل ہیں، مزید 75 کروڑ ڈالر کے پرزہ جات، جو بکتر بند گاڑیوں اور بجلی کی فراہمی کے لیے ہیں، وہ بھی فروخت کے عمل میں شامل ہیں۔

ریپبلکن صدر کی جانب سے اسرائیلی فوج کے لیے بھرپور حمایت اس حقیقت کے برعکس ہے کہ ڈیموکریٹس میں اسرائیل کے غزہ پر حملے کے حوالے سے بڑھتی ہوئی تشویش پائی جاتی ہے۔

جمعرات کے روز سینیٹرز کے ایک گروپ نے فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کی پہلی سینیٹ قرارداد پیش کی تھی، اور حال ہی میں امریکی سینیٹ میں نصف سے زیادہ ڈیموکریٹس نے مزید ہتھیاروں کی فروخت کے خلاف ووٹ دیا تھا۔

# بہار میں ترقی اور روزگار کی کمی سب سے بڑا مسئلہ: تیجسوی

## بہار کی عوام تیجسوی یادو کو اُمید بھری نگاہوں سے بہار کے مستقبل کے طور پر دیکھ رہی ہے: اخترالایمان



سمستی پور(اے این بی) بہار ادھیکار یاترا کے تحت جمعہ کی دیر شام جتوار پور کالج میدان میں عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے قائدِ حزبِ اختلاف تیجسوی یادو نے کہا کہ نئے عزم کے ساتھ نیا بہار بنانے، بے روزگاری، مہنگائی اور غربت کو ختم کرنے، کسان ومزدور کے وقار کی تحفظ، ماؤں بہنوں کی سلامتی اور بہار میں کارخانے وصنعتیں قائم کرنے کے عہد کے ساتھ ہم یہ یاترا شروع کیے ہیں۔قائدِ حزبِ اختلاف نے مزید کہا کہ یہ یاترا محض سیاسی پیغام نہیں بلکہ عوام کی آرزوؤں اور اُمیدوں کی آواز ہے۔ انہوں نے اسے نوجوانوں کی بے روزگاری، خواتین کی حفاظت، کسانوں ومزدوروں کے احترام اور صنعتوں وکارخانوں کے قیام کی سمت ایک بڑی مہم قرار دیا۔ان کے مطابق آج بھی بہار میں ترقی اور روزگار کی کمی سب سے بڑا مسئلہ ہے اور اسی کو لے کر وہ عوام کے بیچ جارہے ہیں۔نتیش کمار پر حملہ بولتے ہوئے تیجسوی نے کہا کہ ریاست کی موجودہ حکومت پوری طرح ناکام ہے اور عوام اس سے تنگ آچکی ہے۔انہوں نے کہا یہ لاٹھی ڈنڈے کی حکومت ہے،عوام کہہ رہی ہے 2025 بہت ہوگیا نتیش"۔ لوگ اب تبدیلی چاہتے ہیں اور یہ تبدیلی یقینی طور پر ہوگی۔عوام کو خطاب کرتے ہوئے تیجسوی نے کہا کہ موجودہ حکومت کے تئیں عوام کی ناراضگی بڑھتی جارہی ہے، این ڈی اے کے پاس کوئی وژن نہیں ہے اور یہ حکومت بس ہماری نقل کر رہی ہے۔ انہوں نے نیا بہار بنانے کے لیے موجود عوام سے ہاتھ اٹھا کر تائید مانگی۔ مقامی ایم ایل اے و بہار اسمبلی کے چیف وہپ اخترالاسلام شاہین نے کہا کہ بہار کی عوام تیجسوی یادو کو اُمید بھری نگاہوں سے بہار کے مستقبل کے طور پر دیکھ رہی ہے اور بہار میں تبدیلی طے ہے۔آر جے ڈی ضلع صدر و سابق ایم ایل سی روما بھارتی نے کہا کہ نتیش حکومت کی اُلٹی گنتی شروع ہو چکی ہے اور اسمبلی انتخابات کے بعد بہار میں تیجسوی یادو کی قیادت میں مہاگٹھ بندھن کی حکومت بنے گی۔اس سے قبل مقامی ایم ایل اے و چیف وہپ اخترالاسلام شاہین نے قائدِ حزبِ اختلاف تیجسوی یادو کو کیوس لکھی چوک سے تقریباً 750 موٹر سائیکل اور 25 گھوڑوں کے ساتھ ریسیو کیا۔جتوار پور چوک پہنچنے پر تقریباً ایک درجن جے سی بی مشینوں سے تیجسوی یادو پر پھول برسائے گئے۔ مقامی ایم ایل اے نے ان کا استقبال متھلا روایت کے مطابق بھی کیا۔اس غیر معمولی اور شاندار استقبال سے قائدِ حزبِ اختلاف نہایت خوش نظر آرہے تھے۔ پروگرام کی صدارت آر جے ڈی ضلع صدر و سابق ایم ایل سی روما بھارتی نے کی جبکہ نظامت وشکریہ کی ذمہ داری مقامی ایم ایل اے و چیف وہپ اخترالاسلام شاہین نے نبھائی۔ بتادیں کہ تجسوی یادو طے شدہ پروگرام سے کافی تاخیر سے پہنچے اسکے بعد بھی انہیں دیکھنے اور سننے والوں کی بھیڑ میں کمی نہیں آئی۔

# نتیش کے 20 سالوں میں بہار کی تصویر بدلی ہے: شرون



بہارشریف(اے این بی) نالندہ ضلع کے وین بلاک میں مختلف اسکیموں کا افتتاح علاقائی ایم ایل اے اور بہار حکومت کے دیہی ترقی کے وزیر شرون کمار نے کیا۔اس موقع پر وزیر شرون کمار نے کہا کہ نتیش حکومت کے تحت بہار آج ترقی کے میدان میں ایک سرکردہ ریاست ہے۔وہ ریاست جس نے کبھی جنگل راج کا تجربہ کیا تھا، آج وہاں اچھی حکمرانی اور قانون کی حکمرانی ہے۔وزیر اعلیٰ نتیش کمار ہمیشہ کہتے ہیں کہ ان کی ترجیح بہار کے لوگوں کی خدمت ہے۔مجھے ووٹروں کی پرواہ ہے ووٹوں کی نہیں۔ مجھے بہار کی فکر ہے۔بہار پڑھ رہا ہے، بہار ترقی کر رہا ہے۔ ریاست کے ہر ضلع میں انجینئرنگ کالج اور پولی ٹیکنیک کالج صرف 10 روپے سالانہ فیس پر نوجوانوں کو نہ صرف اعلیٰ تعلیم فراہم کر رہے ہیں بلکہ ان کے خوابوں کو بھی حقیقت بنا رہے ہیں۔ایک انجینئر کے ذہن میں عمارت یا مشین بنانے سے پہلے ایک بلیو پرنٹ ہوتا ہے۔نتیش کے ذہن میں بہار کی مناسب ترقی کا خاکہ بھی تھا۔ چاہے وہ مرکز میں وزیر رہے یا اپوزیشن میں، انہوں نے بہار اور اس کے لوگوں کی عزت نفس کو بلند کرنے کے لیے ہر موڑ پر کام کیا۔ بہار کے لوگوں نے تبدیلی دیکھی ہے۔اب شہروں اور دیہاتوں میں فرق کرنا مشکل ہے۔نتیش کمار حکومت کی قیادت میں ترقی کی کرنیں ہر جگہ پہنچی ہیں۔ ہمارے لیڈر کا کام کرنے کا انداز واضح ہے۔'کم بولو، زیادہ کرو'۔ ہماری بہنوں کو خود انحصار بننے کے لیے بااختیار بنانے کے لیے لاکھوں مالیت کی مالی مراعات فراہم کی جاتی ہیں۔نتیش کمار نے بیٹیوں کی پیدائش سے لے کر اسکول، کالج اور ان کے کیریئر تک ان کی دیکھ بھال کی ہے۔ حکومت ہر لڑکی پر لاکھوں خرچ کر رہی ہے وہ بہار کی ہمہ گیر ترقی کے خواب کو پورا کر رہے ہیں۔ وہ معاشرے کے ہر طبقے کی بہتری کے لیے پرعزم ہیں۔ اب ریاست میں طلباء کو اعلیٰ تعلیم کے لیے قرضوں پر سود ادا نہیں کرنا پڑے گا وہ 7 اور 10 سالوں میں آسان اقساط میں قرضوں کی ادائیگی کر سکیں گے۔اس فیصلے سے ریاست کے لاکھوں نوجوانوں کو اپنے خوابوں کو پورا کرنے میں مدد ملے گی۔ اب ہر نوجوان اپنے خوابوں کو پورا کرے گا۔ایک مضبوط بہار پولیس آج بہار کی نئی پہچان ہے۔جبکہ 2005 میں ریاست میں صرف 42 ہزار پولیس اہلکار تھے، آج یہ تعداد بڑھ کر 1.5 لاکھ سے زیادہ ہو گئی ہے۔ تقرریوں کا سلسلہ اب بھی نہیں رکا۔ ہم گزشتہ 20 سالوں سے بہار کی خدمت کر رہے ہیں۔نتیش جی نے اپنے بے مثال 20 سالوں کے دوران بہاریوں کا اعتماد بڑھا کر جو تحفظ کا احساس پیدا کیا ہے وہ بہار کی ترقی کی طرف پہلا قدم ہے۔ ہم نے قانون کی حکمرانی قائم کی اور ترقی کو تیز کیا اب مزید کام کرنا ہے۔ ہماری حکومت نے آپ کے لیے کام کیا ہے اب ہمیں بہار کے لوگوں کا ساتھ دینا ہے اور انہیں ان کے کام کا معاوضہ دینا ہے۔2005 کے بعد بہار نے گڈ گورننس کا ایک نیا باب لکھا۔ اندھیرے سے روشنی، خوف سے اعتماد، پسماندگی سے ترقی کی طرف حکومت ہے۔

# راجگیر اسمبلی حلقہ کے فتح پور کے قریب NDA ورکرس کانفرنس

## نتیش کی قیادت میں 2025 الیکشن دوبارہ جیتنے کا عہد کیا گیا



بہارشریف (مرشد دسنوی) راجگیر اسمبلی حلقہ کے بیڈو پور فتح پور کے ایک پرائیویٹ آڈیٹوریم میں NDA ورکرس کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام کی صدارت منڈل صدر دھرمیندر کمار نے کی جبکہ اسٹیج کی نظامت بگل سنگھ نے کی۔ کانفرنس میں بنیادی طور پر آئندہ اسمبلی انتخابات کے حوالے سے حکمت عملی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے راجگیر کے جے ڈی یو ایم ایل اے کوشل کشور نے کہا کہ این ڈی اے کے تمام حلقے مکمل طور پر متحد ہیں اور 2025 کے انتخابات میں بھاری اکثریت سے جیت کو یقینی بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ راجگیر کے عوام اچھی طرح جانتے ہیں کہ کس کی قیادت میں ترقیاتی کام ہوئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے نہ صرف سڑکوں کا جال بچھایا بلکہ راجگیر کو بین الاقوامی سطح پر پہچان بھی دلائی۔ ایم ایل اے نے کہا کہ جمہوریت میں ہر کسی کو احتجاج کرنے کا حق ہے لیکن نظم وضبط کے اندر احتجاج کرنا مناسب ہے۔ انفرادی مخالفت سے پارٹی کی پالیسیوں پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ بی جے پی لیڈر اور سیلاؤ کے چیف کونسلر جے لکشمی نے اپنے خطاب میں کہا کہ بہار میں ترقی کی رفتار کو برقرار رکھنے کے لیے 2025 میں وزیر اعلیٰ نتیش کمار کو دوبارہ اقتدار میں لانا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ کارکن نہ صرف خود ووٹ دیں گے بلکہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو ووٹ دینے کی ترغیب دیں گے۔ گزشتہ پانچ سالوں میں کئے گئے ترقیاتی کاموں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اور کارکنوں نے 2025 میں این ڈی اے امیدوار کی جیت کو یقینی بنانے کا عہد کیا۔ پروگرام کی صدارت منڈل صدر دھرمیندر کمار نے کی۔ اس موقع پر سدھیر سنگھ، محمد ارشد، پنکج سنگھ، وپن بابو، نوال سنگھ، رامانوج سنگھ، دھرمیندر کھیا، نریندر کمار، ببلو سنگھ، ضلعی ترجمان جے لکشمی، گولو کمار، دھیرج کمار، اشوک کمار، اومیش پرساد، سریش سنگھ، بھوشن سنگھ، اسوبندو کمار، پی سنگھ کمار وغیرہ موجود تھے۔

# نوتعمیر شدہ فورلین پر دو مہینے میں 17 بائک کی لوٹ

سمستی پور(اے این بی) سمستی پور ضلع کے موروا بلاک علاقے سے گزرنے والی تاجپور۔ چک لال شاہی فورلین پر جرائم پیشہ عناصر کا راج قائم ہے۔ سڑک کا باقاعدہ افتتاح تک نہیں ہوا اور مجرموں نے وارداتوں سے اپنے منصوبوں کا اشارہ دے دیا ہے۔ صرف دو مہینوں کے اندر 17 موٹر سائیکلوں کی لوٹ ہو چکی ہے۔ ایک سی ایس پی آپریٹر کو لوٹ کر بدماشوں نے پولیس کو کھلی چیلنج دی۔ بے قابو رفتار کے سبب آدھے درجن بڑے حادثات بھی ہو چکے ہیں جن میں دو افراد کی جان بھی جا چکی ہے۔ نوجوانوں کی ٹولیاں ریلز بنانے کے بہانے سڑک پر ایک جگہ اکٹھا ہوجاتے ہیں، جس کا فائدہ اٹھا کر مجرم واردات انجام دیتے ہیں۔ افتتاح نہ ہونے کی وجہ سے یہ سڑک جرائم پیشہ افراد کے لیے محفوظ پناہ گاہ بن گیا ہے۔ ادھر بارش کی وجہ سے کئی جگہوں پر سڑک ٹوٹ چکی ہے، جس کے سبب تاجپور کے مین انٹری پوائنٹ پر بیریکیڈنگ لگا کر آمدورفت روک دی گئی ہے۔ جب تک کسی واقعے کے بعد پولیس متبادل راستے سے فورلین پر پہنچتی ہے تب تک مجرم فرار ہونے میں کامیاب ہوجاتے ہیں۔ مقامی لوگوں نے بتایا کہ ہرپور بھنڈی، گنائی بسی اور نکس پور کے کئی نوجوان اس میں ملوث پائے گئے ہیں۔ پہلے جرائم کے لیے ڈیہا پل مشہور تھا مگر پولیس کی سختی کے بعد بدماشوں نے اپنا اڈہ بدل لیا اور اب فورلین کو سیف زون کے طور پر استعمال کر رہے ہیں۔ اب تک کی وارداتوں میں پولیس نے چار موٹر سائیکل برآمد کی ہے اور سات بدمعاشوں کو گرفتار کیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ہر حال میں جرائم پر قابو پایا جائے گا۔

ادھر ضلع کے محی الدین نگر میں ایک نابالغ معذور بچی کے ساتھ عصمت دری کئے جانے کا معاملہ سامنے آیا ہے۔ پیش آنے والے اس سنگین واقعے کی مدعیت میں متاثرہ کی والدہ کی شکایت پر پولیس نے نامزد ایف آئی آر درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ متاثرہ بچی کے ساتھ گاؤں کے ہی ایک سدھیر شخص نے خالی گھر میں بچی کو اکیلے دیکھ کر واقعہ کو انجام دیا۔ جب بچی کی ماں نے دیکھا تو اس نے اسے پکڑنے کی کوشش کی لیکن وہ فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔

# پورنیہ میں 1,17,501 پنشنروں کی جسمانی تصدیق کرنے کی ہدایت



پورنیہ (اے این بی) مسٹر امریش کمار، اسسٹنٹ ڈائرکٹر، سوشل سیکورٹی سیل نے ہفتہ کو پورنیہ ایسٹ بلاک کے تحت چندی پنچایت میں پنشنروں کی فزیکل تصدیق کا فیلڈ معائنہ کیا۔ بلاک کے دورے کے دوران چندی پنچایت بھون میں عوامی نمائندوں/ وکاس مترا اور وارڈ ممبران کی موجودگی میں ایک عوامی بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ محکمانہ ہدایات کی روشنی میں، اسسٹنٹ ڈائرکٹر، ڈسٹرکٹ سوشل سیکورٹی سیل، پورنیا نے پورنیہ ایسٹ بلاک کے تحت چندی پنچایت میں پنشنرز کی جسمانی تصدیق کا فیلڈ معائنہ کیا۔ معائنہ کے دوران، پنچایت کے معزز عوامی نمائندوں کی موجودگی میں، اندرا گاندھی نیشنل اولڈ ایج پنشن اسکیم کے تحت آنے والے پنشنرز کی گھر گھر جا کر ڈیٹا انٹری آپریٹر کی فراہم کردہ فہرست سے تصدیق کی گئی۔ کل 35 استفادہ کنندگان کی جسمانی تصدیق کے دوران، دو پنشنرز کو وکاس مترا/ پنشنر کے خاندان نے مردہ قرار دیا تھا، اور باقی 33 مستفیدین زندہ پائے گئے تھے۔ وہ لوگ جو ہر ماہ باقاعدگی سے پنشن کے فوائد حاصل کر رہے ہیں۔ محکمانہ ہدایات کے مطابق، پورنیہ ایسٹ بلاک ڈیولپمنٹ آفیسر کو جسمانی تصدیق کے دوران مردہ پائے جانے والے پنشنرز کے لیے ای بینیفشری پورٹل کے ذریعے 100٪ پنشن روکنے کے فوری عمل کو یقینی بنانے کی ہدایت دی گئی۔ قابل ذکر ہے کہ ڈائریکٹوریٹ آف سوشل سیکورٹی، بہار، پٹنہ نے 12.06 .2025 سے اندرا گاندھی نیشنل اولڈ ایج پنشن اسکیم کے تحت پورنیہ ضلع میں کل 1,17,501 پنشنروں کی جسمانی تصدیق کرنے کی ہدایت دی ہے۔ اب تک ضلع میں کل 324,83 پنشنرز یعنی 71٪ پنشنرز کی جسمانی زندگی کی تصدیق مکمل ہو چکی ہے۔ تصدیق کے دوران، اسسٹنٹ ڈائریکٹر نے کبیر جنازہ گرانٹ اسکیم کے لیے 05-06 نئی درخواستوں کی بھی نشاندہی کی۔ اس کے ساتھ ہی ان مستفیدین کی جسمانی تصدیق بھی کی گئی جنہوں نے پچھلی کبیر جنازہ گرانٹ اسکیم کے تحت پہلے ہی فوائد حاصل کیے تھے۔ اس کے علاوہ بلاک وزٹ کے دوران چاڑی پنچایت بھون میں عوامی نمائندے/ وکاس مترا، وارڈ ممبر کی موجودگی میں عوامی بیداری پروگرام کے تحت تقریباً 40 لوگوں کو سوشل سیکورٹی اسکیم، نیشنل فیملی بینیفٹ اسکیم، چیف منسٹر فیملی بینیفٹ اسکیم، کبیر جنازہ گرانٹ اسکیم وغیرہ کے تحت تمام پنشن کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی گئی۔

# ماں پورن دیوی کی مقدس سرزمین پر وزیر اعظم کی پورنیہ آمد لوگوں کے لیے فخر اور اعزاز کا لمحہ: منوج سنہا



پورنیہ (محمد عرفان کامل) بھارتیہ جنتا پارٹی کے ضلع صدر منوج سنگھ نے تاریخی تقریب کی کامیابی پر ضلع انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔ بی جے پی کے ضلع صدر منوج سنگھ نے 15 ستمبر کو ششی آبادی، گلاب باغ میں منعقد ہونے والے شاندار وزیر اعظم نریندر مودی کی تاریخی تقریب کی کامیابی کے لیے ضلع مجسٹریٹ، ضلع پولیس سپرنٹنڈنٹ، پوری ضلع انتظامیہ، میونسپل کارپوریشن انتظامیہ میونسپل کارپوریشن کے افسران اور تمام ملازمین کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر بی جے پی کے ضلع صدر منوج سنگھ نے ضلع مجسٹریٹ سے ملاقات کی اور کہا ضلع مجسٹریٹ اور ضلع پولیس سپرنٹنڈنٹ کی قابل رہنمائی، دور اندیش قیادت، اور مسلسل سرگرمی نے اس عظیم الشان تقریب کو تاریخی کامیابی سے ہمکنار کیا ماں پورن دیوی کی مقدس سرزمین پر وزیر اعظم کی آمد پورنیہ کے لوگوں کے لیے فخر اور اعزاز کا لمحہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ تقریب نہ صرف انتظامی کارکردگی کی ایک مثال ہے بلکہ پورنیہ کے لوگوں کے اجتماعی عزم اور نظم وضبط کی علامت بھی ہے۔

# حکومت فیصل اور انس کو مناسب معاوضہ فراہم کرے: اکیلا



بہارشریف (مرشد دسنوی) نالندہ ضلع کانگریس صدر کی قیادت میں کانگریس کی ایک ٹیم نے سیلاؤ بلاک کے کریانہ گاؤں کا دورہ کیا جہاں گزشتہ روز ندی میں ڈوبنے سے دو افراد کی ہلاک ہو گیا تھا۔ ہلاک ہونے والے کریانہ گاؤں رہائشی 23 سالہ فیصل فیروز اور 18 سالہ محمد انس کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے اہل خانہ سے ملاقات کی۔ متاثرین کے گھر پہنچ کر ضلعی صدر دل دہلا دینے والی صورتحال دیکھ کر جذباتی ہو گئے۔ انہوں نے تمام متعلقہ حکام سے فون کرتے ہوئے کہا کہ لواحقین کو مناسب معاوضہ دینے کا مطالبہ کیا۔ اس واقعہ کے بارے میں انہوں نے ریاستی حکومت سے متاثرہ خاندانوں کو 20 لاکھ روپے معاوضہ اور ہر ایک انحصار کرنے والے کو حکومتی ملازمت فراہم کرنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے محکمہ ڈیزاسٹر سے فوری مالی امداد کا بھی مطالبہ کیا۔ انہوں نے اپنے ریاستی صدر کو بھی اس واقعہ سے آگاہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ضلع صدر کے ساتھ مقامی لیڈر دلیپ پاسوان نے بھی اہل خانہ کو ہر ممکن مدد کا یقین دلایا۔ اس موقع پر نصف درجن پارٹی کارکنان موجود تھے۔

# الوداع ڈاکٹر ایچ کے ورما: صحافت کا ایک ستارہ گل



چھپرہ: سارن ضلع کی صحافتی دنیا کو گہرا صدمہ پہنچا ہے۔ معروف پروفیسر، سینئر صحافی ڈاکٹر ایچ کے ورما کا انتقال ہوگیا۔ وہ گزشتہ 45 دنوں سے پٹنہ کے ایمس اسپتال میں سنگین بیماری سے لڑ رہے تھے۔ ان کے انتقال کی خبر پھیلتے ہی ضلع بھر میں صحافیوں، رشتہ داروں، خیر خواہوں دانشوروں میں غم کی لہر دوڑ گئی۔ مشن روڈ، پروفیسر کالونی واقع رہائش گاہ پر لوگوں کا ہجوم ان کے آخری دیدار کو امنڈ پڑا۔ ان کی آخری رسومات آریہ سماج روایت کے مطابق ریول گنج سیمریا کے شمشان گھاٹ میں ادا کی گئیں۔ ڈاکٹر ورما نے نہ صرف ایک پروفیسر کے طور پر تعلیمی دنیا کو مالا مال نہیں کیا بلکہ صحافت میں بھی انمٹ نقوش چھوڑے۔ انہوں نے نوبھارت ٹائمز سے لے کر ٹائمز آف انڈیا تک جیسے معتبر اخبارات میں فعال طور پر تعاون کیا۔ ان کی تحریر کو حقائق پر مبنی اور سماجی ذمہ داری کا عکاس سمجھا جاتا تھا۔ وہ ہمیشہ اپنی غیر جانبدارانہ صحافت کے لیے جانے جاتے تھے۔ سارن ڈسٹرکٹ جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر ودیا بھوشن سریواستو نے کہا ڈاکٹر ورما کے انتقال سے صحافت کی دنیا نے قلم کے ایک حقیقی مالک کو کھو دیا ہے۔ وہ نہ صرف تحریک کا ذریعہ تھے بلکہ آج کی نوجوان نسل کے لیے ایک رول ماڈل بھی تھے۔ کئی سینئر اور نوجوان صحافیوں کے ساتھ سماجی، تعلیمی اور مذہبی تنظیموں سے وابستہ افراد نے ڈاکٹر ورما کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا۔ تعزیت کا اظہار کرنے والوں میں صحافی ڈاکٹر لال بابو یادو، ذاکر علی، راجیش پانڈے، کشور کمار، محمد ایوب، اومیش شرما، راجیو کمار سنگھ، امن کمار، سنتوش گپتا، ندیم احمد، پنکج کمار، پنکج سریواستو، چندن راجا سنگھ، پنکج سنگھ، راجیش سنگھ، راجیو سنگھ، سنیل گپتا، دیویندر سریواستو، چندر شیکھر سنگھ، وکاس کمار، سنجے سریواستو سمیت ایس کے مشن آشرم کے سکریٹری اچیوتانند مہاراج، ڈاکٹر ایس کے بوس، آل انڈیا بینک آفیسرز ایسوسی ایشن کے ضلعی صدر جے شنکر پرساد وغیرہ نے اپنی گہری تعزیت کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر ایچ کے ورما کا انتقال نہ صرف ضلع سارن کے لیے بلکہ پورے بہار کی تعلیمی وصحافتی دنیا کے لیے ایک ناقابل تلافی نقصان ہے۔ لوگوں کا ماننا ہے کہ ڈاکٹر ورما نے جس لگن اور حوصلے کے ساتھ صحافت کی زندگی گزاری وہ ہمیشہ متاثر کرتی رہے گی۔ ان کے خیالات، شرافت، برد و باش، ان کی تحریریں اور ان کی اقدار آنے والی نسلوں کے لیے رہنما کا کام کریں گی۔

# بہارشریف کے نئی سرائے مسجد میں جشن عید میلادالنبی

بہارشریف (اے این بی) حسب روایت اس ماہ ربیع الاول کے مبارک موقعہ پر جشن عید میلادالنبی کا انعقاد زیر نگرانی خواجہ سید عمران احمد اجمیری بہ مقام نئی سرائے مسجد بوقت بعد نماز مغرب عمل میں آیا جس میں مولانا عبدالحی مدظلہ العالی نے تمام حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ قیامت اب بہت قریب ہے۔ وقت بہت تیزی سے گزر رہا ہے، بے حیائی عام ہورہی ہے، عبادات میں اضافے ہورہے ہیں مگر ان میں خلوص زوال پزیر ہوتا جارہا ہے۔ ہر چیز میں ریاکاری وتصنع کا بول بالا ہے۔ علمائے دین خود گمراہ ہورہے ہیں جس کے باعث دیگر مومنین بھی گمراہی کے شکار ہورہے ہیں۔ باہمی محبت وہمدردی فنا کے دہانے پر کھڑی نظر آتی ہے۔ اخلاقیات بھی زوال پزیر ہیں جو حقیقتاً مسلمانوں کی اصل طاقت ہیں۔ قابل غور امر یہ ہے کہ تمام مسلمانان اس امر بیجا کو سمجھ اور محسوس کر رہے ہیں لیکن یہ ایسی غفلت کی ردائے سیاہ تانے پڑے ہیں۔ اس معاملے میں بیداری کو آمادہ ہی نظر نہیں آتے ہیں۔ ان حالات میں ملت اسلامیہ کا اللہ ہی حافظ ہے۔ اس لئے اب مسلمانوں کے لئے خود احتسابی ناگزیر ہوگئی ہے۔ ورنہ مسلمانوں کا حال اس ملک میں مزید برا ہونے جارہا ہے۔ ہم کم ابادی وکم وسائل کے باوجود جنگ بدر کی مانند مسلمانوں کی غیبی مدد کی توقع تو رکھ رہے ہیں لیکن بدری اصحاب کی مانند اپنے اعمال وکردار کو بنانا نہیں چاہتے۔ اس موقع پر سید عمران احمد اجمیری نے تمام شرکاء کی شرکت کے لئے اظہار تشکر فرمایا۔ آخر میں حاضرین کی زبردست ضیافت بھی عمل میں ائی۔ اس موقع پر یوں تو کثیر تعداد میں سامعین شریک تھے جن میں کچھ کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں۔ حبیب الرحمان، سعید الحسن، بے نام گیلانی، اصفہان احمد اجمیری، اصف اقبال، ایان گیلانی، شہزسدہ خان، سہباز انصاری، محمد بھلو وغیرہ تھے۔

# ECI اور بہار کے الیکشن ڈیپارٹمنٹ کی ہدایت کے مطابق اسمبلی انتخابات کے لیے تربیتی پروگرام

بہارشریف (اے این بی) الیکشن کمیشن آف انڈیا اور بہار کے الیکشن کمیشن کی ہدایت کے مطابق 20 ستمبر 2025 کو کندن کمار، ضلع الیکشن آفیسر۔کم۔ضلع مجسٹریٹ، نالندہ کی صدارت میں، نالندہ کے تمام اسمبلی حلقوں کے سیکٹر افسران کے لیے ایک تربیتی پروگرام منعقد ہوا۔ ٹاؤن ہال میں آئندہ بہار قانون ساز اسمبلی کے عام انتخابات 2025 کے لیے کیا گیا۔ صاف، منصفانہ اور خوف سے پاک ماحول ہو۔ اپنے خطاب میں ضلع الیکشن افسر نے کہا کہ 2025 کے بہار قانون ساز اسمبلی کے عام انتخابات کے دوران، تمام سیکٹر افسران اپنے فرائض اور ذمہ داریوں کی بروقت، منصفانہ اور شفاف ادائیگی کو یقینی بنائیں گے وہ نقشے کے مطابق تمام پولنگ اسٹیشنوں کی فزیکل تصدیق کو یقینی بنائیں گے اور اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ تمام پولنگ اسٹیشنوں کو بنیادی سہولیات اور رسائی سڑکوں کی حالت سے آگاہ کیا جائے۔ انہوں نے سخت ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ انتخابی کاموں میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ بنیادی مقصد کمزور گروہوں/افراد کو اپنے ووٹ کاسٹ کرنے اور صاف، منصفانہ اور شفاف انتخابات کرانے کے قابل بنانا ہے۔ ڈرانے یا دھمکانے والے افراد کی نشاندہی کی جائے اور سخت کارروائی کی جائے۔ مقامی تھانہ کے انچارج اور بی ڈی او کی مدد سے خطرے کی نقشہ سازی کو حتمی شکل دی جانی چاہیے۔ سیکٹر آفیسرز/سیکٹر مجسٹریٹس الیکشن کے انتظام میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ وہ پریذائیڈنگ آفیسر/ پولنگ ٹیم اور ریٹرننگ آفیسر/ضلع الیکشن آفیسر کے درمیان رابطے کا کام کرتے ہیں۔ سیکٹر آفیسرز انتخابی شیڈول کا اعلان ہونے کے دن سے ووٹنگ کا عمل مکمل ہونے تک اہم ذمہ داریاں انجام دیتے ہیں۔ سیکٹر آفیسرز کو ایک حلقہ/ بلاک کے اندر ایک "سیکٹر" تفویض کیا جاتا ہے تاکہ متعدد پولنگ سٹیشنوں/عمارتوں پر ہموار، منصفانہ اور خوف سے پاک انتخابات کو یقینی بنایا جا سکے۔ سیکٹر مجسٹریٹس پولنگ اسٹیشن کی تصدیق، پولنگ اسٹیشنوں پر بنیادی سہولیات کو یقینی بنانے، ووٹر کی آگاہی، کمزوری کی نقشہ سازی، کمیونیکیشن پلاننگ، ماڈل کوڈ آف کنڈکٹ، ووٹر سلپس کی تقسیم، ناقص ای وی ایم کی تبدیلی اور ہموار اور خوف سے پاک ماحول میں انتخابات کے انعقاد کے ذمہ دار ہیں وہ پولنگ اسٹیشنوں پر بنیادی سہولیات/ بنیادی سہولیات جیسے آلات، پینے کے پانی، ریمپ، شیڈز، بیت الخلا، بجلی، باؤنڈری وال اور پولنگ اسٹیشن کی عمارت کی حالت کے بارے میں ضلع کو رپورٹ پیش کرتے ہیں اور بنیادی سہولیات کی دستیابی کو یقینی بناتے ہیں وہ ووٹروں کو پولنگ اسٹیشنوں کے بارے میں معلومات بھی فراہم کرتے ہیں اور وسیع پیمانے پر تشہیر کرتے ہیں۔ اس موقع پر میونسپل کمشنر، تمام الیکٹورل رجسٹریشن افسران، ایڈیشنل کلکٹر ڈیزاسٹر مینجمنٹ، ضلع ڈپٹی الیکشن آفیسر، ضلع پبلک ریلیشن آفیسر، تمام اسسٹنٹ الیکٹورل رجسٹریشن آفیسرز، تمام سیکٹر آفیسرز بشمول متعلقہ ٹریژری آفیسرز وغیرہ موجود تھے۔

# ضلع پریشد کا عام اجلاس پورنیہ کے آڈیٹوریم میں منعقد

پورنیہ (محمد عرفان) ضلع پریشد کے وائس چیرمین تمام معزز ممبران اور سرکردہ لوگ بشمول ضلع



پریشد کے چیف ایگزیکٹیو آفیسر، پورنیا، ڈسٹرکٹ انجینئر، ضلع پریشد، پورنیا، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر، جنرل منیجر ڈسٹرکٹ انڈسٹریز سنٹر، پورنیہ لیبر سپر نٹنڈنٹ، پورنیہ برقی محکمہ کے دیگر افسران کے ساتھ ساتھ محکمہ برقی کے افسران بھی میٹنگ میں موجود ضلع پریشد کے معزز ممبران اور بلاکس کے سربراہان نے علاقے کی ترقی کے لیے کئی تجاویز پیش کیں اور ان تجاویز پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیف ایگزیکٹیو آفیسر ضلع کونسل پورنیہ نے کہا کہ تمام اراکین سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ معزز چیئرمین، ضلع کونسل پورنیہ کو ایک فہرست فراہم کریں تاکہ ضلع کونسل کی جاری اسکیموں، جیسے کہ 15 ویں مالیاتی کمیشن، پانچویں ریاستی مالیاتی کمیشن اور چھٹے ریاستی مالیاتی کمیشن کے باقی فنڈز کو اسکولوں میں پانی کی فراہمی پینے کی فراہمی تعمیراتی کاموں کو انجام دینے کے لیے استعمال کریں۔ آبپاشی کے لیے کنکریٹ کی نالیوں کا تمام اراکین نے اس منصوبے کو شروع کرنے پر اتفاق کیا۔ ضلع میں بے زمین اسکولوں کو اراضی فراہم کرنے صحت کی دیکھ بھال کو بہتر بنانے اور پرائمری ہیلتھ اور اضافی مراکز صحت میں ڈاکٹروں کی دستیابی بڑھانے پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر ضلع کونسل نے کئی ضروری ہدایات جاری کیں۔ معزز ممبران نے ضلع میں بجلی کے مسائل بشمول بجلی کے کھمبے، بوسیدہ تاروں اور ٹرانسفارمرز کو تبدیل کرنے کے مسائل اٹھائے۔ ایگزیکٹیو انجینئر، الیکٹریکل سپلائی ڈویژن پورنیہ کو اس کام کو ترجیح دینے کی ہدایت دی گئی ضلع کونسل پورنیہ کے جنرل اجلاس نے خصوصی طور پر ضلع کونسل کے پروجیکٹوں کے لیے ایگزیکٹیو انجینئر، فلڈ کنٹرول اینڈ ڈرینج کے دفتر میں زیر التواء این او سی کی فوری فراہمی کی ہدایت کی۔

# کرنٹ لگنے سے نوجوان کی موت

چھپرہ: سارن کے تریا تھانہ علاقے میں کرنٹ لگنے سے ایک نوجوان کی موت ہوگئی۔ پولیس ذرائع نے آج یہاں بتایا کہ اردیوا گاؤں کے رہائشی سنجیو کمار رام کا بیٹا امت کمار رام (15) اپنے گھر کے جلانے کے لئے لکڑی نکالنے جارہا تھا۔ اسی دوران وہ بجلی کے کھمبے سے نکل رہے ارتھنگ تار کے کرنٹ کی زد میں آگیا، جس سے وہ بے ہوش ہوکر گر گیا۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی اہل خانہ اسے علاج کے لیے قریبی صحت مرکز لے گئے۔

# نالندہ ڈویژن میں وزیر اعظم وشواتما ٹول کٹس کی تقسیم

بہارشریف (اے این بی) انڈیا پوسٹ، نالندہ ڈویژن نے نالندہ ڈویژن کے زیر اہتمام آج "وزیر اعظم وشواتما ٹول کٹ ڈسٹری بیوشن پروگرام" کا انعقاد کیا۔ اس موقع پر نالندہ کے پوسٹ ماسٹر کندن کمار نے بتایا کہ یہ ٹول کٹ دیہی ڈاک خدمات اور استفادہ کنندگان کو بااختیار بنانے کے لیے تقسیم کی جارہی ہے۔ اس سے خدمات کی فراہمی میں شفافیت، رفتار اور بھروسے کو مزید تقویت ملے گی۔ امیت کمار (نمائندہ ایم پی نمائندہ)، دھیرج پاٹھک (میڈیا انچارج، بی جے پی نالندہ)، پوسٹ ماسٹر بہارشریف منیش آنند، املیش کمار، سنکو کماری اور شیلیندر کمار نے پروگرام میں شرکت کی۔ ان سب نے اس اقدام کی تعریف کی اور کہا کہ اس سے دیہی ڈاک خدمات کی کارکردگی میں مزید بہتری آئے گی۔ انڈیا پوسٹ نالندہ ڈویژن کا خیال ہے کہ یہ اقدام دیہی اور شہری دونوں علاقوں میں لوگوں کو آسان خدمات فراہم کرے گا اور ڈیجیٹل انڈیا کے ہدف کو تیز کرے گا۔



# سقوطِ دہلی 1857: امام بخش صہبائی اور خاندان کی عظیم قربانی

شاہد صدیقی علیگ

ہندوستان کی تاریخ میں 20 ستمبر 1857 کا دن ایک خونچکاں باب کی حیثیت رکھتا ہے۔ برطانوی ایسٹ انڈیا کمپنی نے دہلی پر قبضے کے بعد جو ظلم و ستم ڈھایا، وہ ہلاکو، چنگیز اور نادر شاہ کی درندگی کو بھی شرمندہ کر گیا۔ اسی ہنگامے میں دہلی کے عظیم عالم، شاعر اور استاد مولانا امام بخش صہبائی اپنے صاحبزادوں اور خاندان کے دیگر افراد کے ساتھ شہید کر دیے گئے۔

مولانا امام بخش صہبائی ایک ہمہ جہت شخصیت کے مالک تھے۔ مولوی عبدالحق نے انہیں اپنے وقت کا عظیم فارسی ادیب، مصنف اور شاعر قرار دیا ہے۔ جن کی کتابیں نصابِ تعلیم میں شامل تھیں اور جنہیں شہر میں بے پناہ عزت حاصل تھی۔ آپ کا خاندانی سلسلہ والد کی طرف سے حضرت عمر فاروق اور والدہ کی طرف سے حضرت عبدالقادر جیلانی تک پہنچتا ہے۔ آپ کے جد امجد تھانیسر سے دہلی کے کوچہ چیلان میں آکر آباد ہوئے جہاں 1802 میں مولانا صہبائی کی ولادت ہوئی۔

ابتدائی تعلیم والد بزرگوار کے زیرِ سایہ حاصل کرنے کے بعد آپ نے حضرت عبداللہ علوی سے فیض پایا۔ عربی اور فارسی پر کامل عبور حاصل کرنے کے بعد شعر و سخن میں بھی طبع آزمائی کی۔ عملی زندگی کا آغاز تدریس سے کیا اور دہلی کالج میں کچھ عرصے تک معلم بھی رہے۔

جلد ہی ان کی علمی قابلیت اور ذہانت کا شہرہ دہلی کے کوچہ و بازار میں پھیل گیا۔ مرزا غالب، علامہ فضل حق خیرآبادی، صدرالدین آزردہ، حکیم مومن خاں مومن، آغا جان عیش،



مولوی مملوک علی، شیخ ابراہیم ذوق، شاہ نصیر، نواب مصطفیٰ خاں شیفتہ، سید غلام علی وحشت اور سر سید احمد خاں جیسے اہلِ علم آپ کے رفقا میں شامل تھے۔
اسی دوران مغلیہ سلطنت کا چراغ بجھنے کو تھا اور ایسٹ انڈیا کمپنی کا غلبہ بڑھ رہا تھا۔ کمپنی نے مذہب اور تہذیب کو نشانہ بنانا شروع کیا، جو بالآخر بغاوت کی آگ بھڑکانے کا سبب بنا۔ 10 مئی 1857 کو میرٹھ سے اٹھنے والی چنگاری نے دہلی کو اپنی لپیٹ میں لے لیا اور آخری مغل بادشاہ بہادر شاہ ظفر کی قیادت

میں جنگ لڑی گئی۔ مگر سازشوں اور غداروں کے سبب یہ جنگ ناکام رہی اور دہلی کو عبرت کدہ بنا دیا گیا۔ شہر میں قتل و غارت کا ایسا بازار گرم ہوا کہ گلی کوچے خون سے رنگین ہو گئے۔ تختۂ دار پر ستائیس ہزار افراد لٹکائے گئے، جن میں اکثریت بے گناہوں کی تھی۔ معمولی شبہ پر بھی لوگوں کو مار ڈالا جاتا۔ اسی ظلم کی نذر مولانا امام بخش صہبائی، ان کے بیٹے مولوی عبدالکریم سوز اور مولوی عبدالعزیز عزیز سمیت اکیس اہلِ خانہ ہوئے، جنہیں دریا کے کنارے کھڑا کر کے گولیوں سے بھون ڈالا گیا اور ان کا گھر بھی مسمار کر دیا گیا۔

مولانا صہبائی کی شہادت کی روداد ان کے بھتیجے مولانا قادر علی نے یوں بیان کی ہے، "دہلی میدانِ حشر بنی ہوئی تھی۔ ہم سب کو گرفتار کر کے دریا کے کنارے لایا گیا۔ ایک مسلمان افسر نے کہا کہ موت سامنے ہے، جو تیرنا جانتے ہیں وہ دریا میں کود جائیں۔ میں تیرنا جانتا تھا لیکن ماموں (صہبائی) اور ان کے بیٹے تیرنا نہیں جانتے تھے۔ دل نے گوارا نہ کیا کہ انہیں چھوڑ دوں، مگر ماموں کے اشارے پر کود پڑا۔ کچھ فاصلے پر پہنچا ہی تھا کہ گولیوں کی آوازیں آئیں اور میں نے دیکھا کہ وہ سب صف بستہ گر کر شہید ہو گئے۔" یوں مولانا امام بخش صہبائی نے وطن کی حرمت پر اپنی جان قربان کی لیکن انگریز کے آگے جھکنے سے انکار کیا۔ افسوس کہ آج ان کی قربانی تاریخ کے حاشیے پر دھندلا دی گئی ہے، حالانکہ وہ محض شاعر یا استاد نہیں بلکہ ہندوستان کی آزادی کے اولین شہیدوں میں سے ایک تھے۔

☆☆☆

# سابق حریت لیڈر پروفیسر عبد الغنی بھٹ فارسی کے اسکالر اور ماہر تعلیم تھے

خورشید ہنزانی

جموں کشمیر میں اس وقت نیشنل کانفرنس کی حکومت ہے اور نیشنل کانفرنس لیڈر عمر عبداللہ وزیر اعلیٰ ہیں لیکن ساری طاقت اور اختیارات لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کی انتظامیہ کو سونپ رکھا گیا ہے اور جن کے حکم سے ہندوستان خواہ علاحدگی پسند لیڈروں کو ان کے گھروں میں نظر بند رکھا گیا ہے۔ [illegible] سابق حریت کانفرنس [illegible] پروفیسر عبدالغنی بھٹ [illegible] 90 سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔ [illegible] میر واعظ عمر فاروق [illegible]



تھا تاکہ کوئی بھی اس لیڈر کو خراجِ عقیدت پیش کرنے ان کے گھر تک پہنچ نہ سکے۔ میر واعظ نے کہا کہ سکیورٹی دستوں نے ان کے گھر کی گھیرا بندی کی اور لون کے خاندان والوں کو مجبور کیا کہ وہ جس قدر جلد ممکن ہو سکے [illegible] ان کی تدفین کے انتظامات کر دیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کے گھر کے صدر دروازے پر باہر سے تالا لگا دیا گیا تھا اور مجھے اس لیڈر کے جنازے میں شرکت کی اجازت نہ دی گئی جس کا افسوس مجھے زندگی بھر رہے گا۔ میر واعظ

نے کہا عبدالغنی لون مرحوم کے ساتھ میرے تعلقات 35 سالوں سے تھے اور میری ان سے [illegible] ہر کوئی ان کی شرافت، دیانتداری اور دانشورانہ گفتگو کا قائل تھا۔ ہر کسی کی یہی خواہش رہتی تھی کہ مرحوم لون کے ساتھ کچھ وقت گزار سکیں اور ان کی مفید اور کارآمد باتیں [illegible] [illegible] 70 برسوں [illegible]

# میری زبان، میری پہچان- کوکن میں اردو کا غلبہ

جعفر حسین ماپکر مہاراشٹرا

کونکن کے دیہی علاقے، اپنے سبز پہاڑوں، دلکش گاؤں، اور تاریخی ادوار کی دلکشی کے لیے مشہور ہیں۔ یہ ایک ایسا دیہی علاقہ ہے، جس کی خوبصورتی نے صدیوں تک شاعروں اور مصوروں کو متاثر کیا، اور یہ کہنا مشکل نہیں کہ انہوں نے اپنے دیہی علاقوں کی خوبصورتی کو بے مثل کہا، لیکن شاید انہوں نے کوکن کی خوبصورتی نہیں دیکھی۔ کوکن، سرسبز و شاداب وادیوں، ناریل کے باغات، خوبصورت ساحلوں، آبشاروں اور پہاڑوں سے گھرا ایک دلکش علاقہ ہے۔ یہ مہاراشٹر کے تین اضلاع یعنی رتناگیری، تھانے اور رائے گڑھ (سابقہ ضلع قلابہ) پر مشتمل ہے۔ رائے گڑھ اور رتناگیری اپنے ساحلی حسن کے لیے مشہور ہیں، جبکہ کئی گاؤں اپنی ہریالی اور ناریل کے باغات کے لیے جانے جاتے ہیں۔

اسلام کی آمد سے بھی پہلے، عرب تاجر تجارت کی غرض سے کوکن آتے تھے اور مقامی لوگوں سے شادی کر کے یہیں بس گئے۔ یہی وجہ ہے کہ کوکنی برادری کے بہت سے لوگ انہی عربوں کی نسل سے ہیں، جن کا واضح اثر بھیونڈی، بھٹکل، نوائط، ہرکول اور شری وردھن جیسے علاقوں میں رہنے والے لوگوں کی گوری رنگت اور عربی خدوخال میں نظر آتا ہے۔ انہی عربوں کی بدولت کوکن اور ساحلی علاقوں کے لوگ سنی (شافعی) مسلک کے پیروکار ہیں، اگرچہ وقت کے ساتھ اب دوسرے مسالک کے ماننے والے بھی موجود ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ کوکنی زبان صرف مسلمان بولتے ہیں۔ یہاں کے ہندو اور عیسائی مراٹھی یا کوکنی بولتے ہیں۔ کوکن کے لوگ روایتی طور پر دیندار، راسخ العقیدہ اور سچائی پر قائم رہنے والے تھے، لیکن اب وہ بھی بدلتے وقت کے ساتھ اپنے فائدے کی اہمیت کو سمجھنے لگے ہیں۔ کوکنی بولی میں مقامی لوگوں کے جذبات، روزمرہ کی زندگی اور ان کی تہذیب و تمدن کی جھلک صاف دکھائی دیتی ہے۔ تاہم، کوکنی بولی کو کبھی بھی ایک مکمل ادبی زبان کا درجہ حاصل نہیں ہو سکا کیونکہ اس کا اپنا کوئی باقاعدہ رسم الخط نہیں ہے۔ دوسری طرف، اردو زبان، جس کی جڑیں شمالی ہندوستان میں ہیں، کوکن تک پہنچنے اور یہاں کے لوگوں کے دلوں میں جگہ بنانے کی ایک دلچسپ کہانی ہے۔ بنیادی استدلال یہ ہے کہ اردو زبان کا آغاز مسلمان فاتحین کی ہند میں آمد اور مقامی لوگوں سے میل جول اور مقامی زبان پر اثرات و تاثر سے ہوا۔ اور ایک نئی زبان وجود میں آئی جو بعد میں اردو کہلائی۔ مغلوں کے دور میں اردو زبان کا فروغ ہوا اور کوکن کے لوگوں نے اسے دربار اور مختلف روزگار کے مواقع کے لیے سیکھنا شروع کیا۔ اگرچہ کوکن کی بنیادی زبان مراٹھی نما کوکنی بولی ہے، لیکن اردو زبان نے بھی اس علاقے میں اپنی جگہ بنائی ہے۔ خاص طور پر مسلم آبادی میں اردو کا استعمال عام ہے، اور یہاں کئی اردو میڈیم اسکول آج بھی موجود ہیں۔ جب روزگار کی تلاش میں کوکن کے لوگ ممبئی کے ہوٹلوں اور بحری سفر کے لیے جانے لگے تو انہیں ذرائع ابلاغ کے لیے اردو کی ہی ضرورت محسوس ہوئی۔ تجارت اور کاروبار کے بڑھتے ہوئے تعلقات نے بھی اردو کو کوکن میں ایک رابطے کی زبان بنا دیا۔ اس طرح ضرورت اور حالات نے کوکنیوں کو اردو سکھا ہی دی، آہستہ آہستہ یہ زبان یہاں کے لوگوں کے دلوں میں گھر کرتی چلی گئی۔

کوکن میں اردو زبان کا کردار بہت اہم رہا ہے۔ اس نے کوکنی بولی کو ایک وسیع اور گہرا اظہار کا پلیٹ فارم فراہم کیا۔ یہاں کے شعرا اور ادیبوں نے اپنی تخلیقات کے لیے اردو کو استعمال کیا اور اس کے وسیع ذخیرہ الفاظ اور ادبی روایات سے فائدہ اٹھایا۔ کوکن نے کئی ایسے باکمال شاعر اور نثر نگار پیدا کیے ہیں جنہوں نے اردو ادب کی بے مثال خدمت کی ہے۔ ان میں شرف کمالی، ساحر شیوی، مشرف کتول، ڈاکٹر عبدالستار دلوی، پروفیسر میمونہ دلوی، طور پکار، نعیم پکار، پروفیسر میمونہ دلوی، پروفیسر زہرہ موڈک اور ان جیسے کئی نام شامل ہیں۔ ان کی تخلیقات میں کوکن کے حسین مناظر، لوگوں کی جدوجہد اور ان کی ثقافت کو بڑے خوبصورت انداز میں پیش کیا ہے۔ گزشتہ چند سالوں میں کوکن میں تعلیم کے میدان میں نمایاں ترقی ہوئی ہے۔ خلیجی ممالک میں کام کرنے والے کوکن کے لوگوں نے جب مالی طور پر خود کو مضبوط کیا تو انہوں نے اپنے بچوں کو اعلیٰ تعلیم دلوائی۔ اس تعلیمی انقلاب نے اردو زبان کو مزید فروغ دیا۔ آج کوکن کے لوگ گھروں میں کوکنی بولی بولتے ہیں لیکن گھر سے باہر اردو میں بات چیت کرتے ہیں۔ یہ ان کی اپنی زبان سے محبت اور اردو کو اظہار کا بہترین ذریعہ سمجھنے کی دلیل ہے۔ یہ کوکنی اور اردو کا حسین امتزاج ہی ہے جو کوکن کی لسانی اور ثقافتی میراث کا ایک اہم حصہ بن گیا ہے۔ کوکنی بولی جہاں اپنی مقامی رنگت اور مٹھاس کو برقرار رکھتی ہے، وہیں اردو اسے ایک ادبی وقار اور وسیع اظہار کا موقع فراہم کرتی ہے۔

آج بھی کوکن میں اردو زبان کو بڑی عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اور یہاں کے تعلیمی ادارے اور ادبی محفلیں اس کی ترویج و ترقی میں سرگرم ہیں۔ یہ کہنا بالکل درست ہوگا کہ کوکن کی زبان بھلے ہی کوکنی ہو، لیکن اسے اظہار کا وہ لباس اردو نے پہنایا ہے جس نے اسے ایک عالمی سطح تک پہنچنے کا راستہ دکھایا ہے۔ جب کوئی قوم اپنی تہذیب، مذہبی اور اخلاقی اقدار کو کھونے لگے تو سمجھ لینا چاہیے کہ اس کا زوال قریب ہے۔ کوکن کے معصوم لوگ، جب روزگار کی تلاش میں بڑے شہروں اور خلیجی ممالک کا رخ کرنے لگے تو سب سے بڑا نقصان گاؤں کی گہری جڑوں والی ثقافت کا ہوا۔ آہستہ آہستہ گاؤں کی اہمیت کم ہونے لگی اور اس کے ساتھ ہی اس کی تہذیب بھی دم توڑنے لگی۔ وہ وقت تھا جب محدود آمدنی میں بھی لوگ خوشی سے زندگی گزارتے تھے، جبکہ آج کی آسودگی میں وہ برکت نہیں رہی۔ پہلے گاؤں کا ہر فرد ایک دوسرے سے جڑا رہتا تھا، لوگ چھوٹی بڑی خوشیوں میں شریک ہوتے اور ایک دوسرے کے دکھ بانٹتے تھے۔ جن لوگوں کی دولت کھیتوں، باغات، جانوروں اور مرغیوں میں بھی جاتی تھی، جب ان کے پاس پیسے آئے تو ان کے کھیت ویران ہو گئے۔ دکھ کی بات یہ ہے کہ کوکنی بولی بھی آہستہ آہستہ ختم ہونے لگی ہے۔ دولت کے حصول کی دوڑ میں کوکن کے لوگ اپنی مٹی اور تہذیب سے دور ہوتے چلے گئے۔ گاؤں خالی کر کے شہروں میں جا بسے۔ اس کی ایک بڑی وجہ بچوں کے لیے اعلیٰ تعلیم کا حصول اور ساتھ ہی مشترکہ خاندان (جوائنٹ فیملی) سے دوری بنائے رکھنا تھا۔ جغرافیائی طور پر کوکن تیز بارشوں کا علاقہ ہے۔ اس لیے یہاں کے مخصوص طرز کے مکانات صدیوں سے اس کی پہچان رہے ہیں۔ مگر اب لوگ جدید طرز کے بنگلے اور عمارتیں بنا رہے ہیں، لیکن خود ان میں رہنے کے بجائے شہروں کے فلیٹوں میں منتقل ہو گئے ہیں، جیسے وہ ایک انگلش نسل بھی سمجھتے ہیں۔

افسوس کی بات یہ ہے کہ وہ اپنے بچوں کو قرآن و حدیث کی تعلیم دینے میں ناکام رہے ہیں۔ اس ذہنی پسماندگی کا کوئی حل نہیں کہ لاکھوں روپے خرچ کر کے بنائے گئے ان بنگلوں میں کوئی رہنے والا نہیں ہے۔ کل جب یہ لوگ گلف سے اپنے بچوں سمیت ریٹائر ہو کر واپس آئیں گے تو کیا وہ گاؤں میں رہ پائیں گے؟ کیا وہ ان بوسیدہ مکانات کی مرمت بھی کرا سکیں گے؟ اور سب سے بڑا نقصان ان کی کوکنی زبان اور تہذیب کا ہوگا جو ان کے ہاتھ سے نکل چکی ہوگی۔ مہاراشٹر حکومت کوکن اور گوا کے علاقوں کو ساحلی شاہراہوں سے جوڑنے کے لیے سنجیدہ ہے۔ یقیناً یہ قدم کوکن کی ترقی کے لیے ایک رحمت ثابت ہو سکتا ہے، لیکن اگر ہم نے اس سے فائدہ نہ اٹھایا تو دوسرے لوگ ضرور اٹھائیں گے۔ المیہ یہ ہے کہ ہم اپنی زمینوں کی قدر کو سمجھ نہیں پا رہے ہیں، جبکہ دوسری قومیں کوکن کی زمینوں میں سرمایہ کاری کے لیے ہمیشہ تیار رہتی ہیں۔

ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ کوکن کے لوگ مکانات کے ساتھ ساتھ عمارتیں بھی بناتے، زمینیں خریدتے، ان پر آم، کاجو، کوکم اور ناریل کے باغات لگاتے، اپنے گاؤں میں فارم ہاؤس بناتے اور اپنی زبان کو قائم رکھتے۔ گاؤں کی ہواؤں سے جڑے رہتے۔ تعلیم کے لیے گاؤں چھوڑنے کے بجائے اپنے ہی گاؤں میں اچھے اسکول اور کالج بناتے تاکہ کوکن کی فضا اور بھی خوبصورت ہو جاتی۔

اکثر بیتے دن یاد آتے ہیں، جب پانچ یا چھ من دھان جیسی چیزیں کوٹنے کے لیے اوکھل استعمال ہوا کرتی تھی اور دونوں جانب کھڑی عورتیں جب موسل کی دھمک کے ساتھ اپنی چوڑیوں کی کھنک کو ملاتی تھیں تو دل کو چھو لینے والی موسیقی پیدا ہوتی تھی۔ آج کوکن میں شادیاں جلد بازی میں ہوتی ہیں، جبکہ پرانے زمانے میں شادیوں کی رونق قابل دید ہوتی تھی۔ تین چار دن تک جماعت کے انتظام میں جو کھانا پکایا جاتا تھا، اس کا ذائقہ بریانی کی دیگوں میں کہاں؟ ترقی ہونی چاہیے، مگر ایسی ترقی کس کام کی، جو ہماری پہچان اور اخلاقی اقدار کو ختم کر دے؟ اس سے بڑھ کر افسوس کی بات اور کیا ہوگی کہ ہم نے مسلکی انا کی وجہ سے اپنے رشتے ناطوں کو ختم کر دیا ہے۔ ہمارے اندر سے اخلاقی اقدار اور مروت ختم ہو چکی ہے۔ اپنی تہذیب کو دفن کر کے نئی نسلوں کو دوسری قوموں کی زبان اور ثقافت سے آشنا کرنا ہمارا المیہ نہیں تو اور کیا ہے؟ ذرا سوچیے گا!

روزنامہ
عوامی نیوز
کولکاتا | اتوار ۲۱ ستمبر ۲۰۲۵ء

## رات کے اندھیرے میں اسرائیلی ٹینکوں کو غزہ میں داخل کیا جا رہا ہے

غزہ میں اس وقت سورج ڈھلتے ہی چاروں طرف لامتناہی اندھیرا چھا جاتا ہے اور اس اندھیرے میں اسرائیلی ٹینکوں کے گزرنے سے جو ہیبت طاری ہے اسے صرف محسوس کیا جا سکتا ہے۔ اسرائیلی ٹینک جو غزہ شہر میں داخل ہو چکے ہیں ان ٹینکوں کے چلنے کی گھڑ گھڑ پیدا ہونے والی آوازیں ماحول کو انتہائی خوفناک شکل میں پیش کر رہی ہیں جب وقفے وقفے سے اسرائیلی ٹینکوں سے بلا کسی مزاحمت اور اشتعال کے گولے داغے جا رہے ہیں اور جہاں بھی یہ گولے گر رہے ہیں وہاں دور دور تک آگ کے شعلے بلند ہو رہے ہیں۔ اس دوران غزہ پٹی میں انٹرنیٹ اور ٹیلی فون سروس کو مکمل طور پر معطل کر دیا گیا ہے۔ غزہ پٹی میں اسرائیلی فوج کی زمینی کارروائی میں بہت تیزی آ چکی ہے، غزہ شہر کے ایک رہائشی کے مطابق وہاں جو خاندان اب بھی زندہ ہیں ان کے درمیان رابطے کا واحد ذریعہ ای۔ سم ہے اور جو حالات اور ماحول تیار کر دیے گئے ہیں اس سے صاف اندازہ ہو چلا ہے کہ اب جو کچھ بھی ہوگا بہت ہی سفاکانہ ہوگا۔ اس نے بتایا کہ میرے ارد گرد ماحول انتہائی ناگفتہ بہ ہے۔ یہاں کے لوگ ہر دن علی الصباح سورج طلوع ہونے سے پہلے شہر کا انخلاء کر رہے ہیں کیونکہ انہیں معلوم ہے کہ اگر وہ یہاں مزید رکے تو ان کے پورے خاندان کو انتہائی بے رحمی سے قتل کر دیا جائے گا۔ بہت سے لوگ ایسے بھی ہیں جو شہر چھوڑ کر جانے کی استطاعت ہی نہیں رکھتے اور بہت ایسے بھی ہیں جو شہر چھوڑ کر جانا بھی نہیں چاہتے اور ان کا کہنا ہے کہ میرے خاندان کے کئی افراد جاں بحق ہو چکے ہیں اور وہ سب ڈھائی برسوں کے اندر اسرائیلی بمباری میں مارے گئے ہیں، لہٰذا بہتر ہے کہ میری موت بھی اسی جگہ ہو اور پھر شہر چھوڑ کر جاؤں تو کہاں جاؤں، موت تو ہر جگہ تعاقب کرتی پھر رہی ہے اور میں نہیں سمجھتا کہ اس جگہ کو چھوڑ کر کسی محفوظ جگہ پر جانے کی سوچوں، اب کون سی جگہ ہے جہاں موت کا سناٹا طاری نہیں ہے۔ اس نے بتایا کہ ڈھائی سال پہلے تک اسی علاقے میں میرے خاندان کے بہت سارے لوگ جن کی تعداد 29 تھی وہ بھی وقفے وقفے سے اسرائیلی بمباری میں مارے گئے ہیں اور میں اب تک کیوں سلامت ہوں، یہ خود میری سمجھ میں نہیں آتا۔ فلسطین کی وزارت صحت کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران غزہ پٹی میں اسرائیلی بمباری اور اندھا دھند فائرنگ میں 145 فلسطینی شہید ہو چکے ہیں جس میں بچوں کی تعداد 60 سے زیادہ ہے، 35 خواتین ہیں جن میں چند چلنے پھرنے سے قاصر ہیں اور وہ دل سے دعا کر رہی تھیں کہ خدا انہیں موت دیدے، کیونکہ اس بیچارگی کی حالت میں خدا سے موت کی دعا مانگ رہی تھیں جب وہ کبھی ہفتوں سے بھوکے پیاسے ہیں۔ واضح رہے کہ اسرائیلی فوجی فراعنہ مصر کو بھی شرمندہ کرتے ہوئے غزہ کے لیے پانی کی پائپ لائن کو کاٹ چکے ہیں۔

اس صورتحال میں امریکی سینیٹر جیف مرکلی نے ایک سینیٹ قرارداد پیش کی ہے جس میں واشنگٹن سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ ریاست فلسطین کو باضابطہ طور پر تسلیم کرے۔ یہ قرارداد سینیٹ میں اپنی نوعیت کی پہلی قرارداد ہے۔ مرکلی نے اپنے بیان میں کہا کہ یہ امریکہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ قیادت کرے اور یہ عمل کرنے کا وقت ہے۔ مرکلی نے کہا یہ تجویز آپسی معاہدہ امن کے قیام کے سلسلے میں منفرد پہل ہے۔ یہ قرارداد امریکہ سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ بین الاقوامی قوانین کے تحت اس حقیقت کو تسلیم کرے کہ آخر کس بنیاد پر غزہ میں نسل کشی کو برداشت کر سکتی ہے۔ اگر سنجیدگی سے صورتحال کا جائزہ لیا جائے تو احساس ہوگا۔ مرکلی نے کہا جب دنیا کے تمام بڑے چھوٹے ممالک بیک وقت یہ مطالبہ کر رہے ہیں کہ فلسطین کو تسلیم کر لیا جائے تو اس میں امریکہ کیوں جھجک رہا ہے اور وہ کس ناطے سے اسرائیل کو مسلسل ہتھیاروں کی سپلائی دے رہا ہے۔ اس وقت امریکہ کو چھوڑ کر دنیا کے بیشتر ممالک فلسطین کو ایک ریاست کے طور پر تسلیم کرنے کے لیے اپنا عندیہ ظاہر کر چکے ہیں اور ایسے میں امریکہ نے اپنی ضد جاری رکھی تو پھر یہ کہنے میں کوئی قباحت نہ ہوگی کہ امریکہ تنہا پڑ سکتا ہے اور امریکہ کو تنہا اور کمزور دیکھنے کے بعد اسرائیل بالکل اسی طرح سے بھاگ کر کسی دوسرے یورپی ملک میں پناہ لینے کی سوچے گا کیونکہ نیتن یاہو کی فطرت اس کا شیطانی عمل اس حقیقت کی غمازی کرتا ہے کہ اسرائیل پر اعتماد کرنا اندھے منہ کنواں میں گرنے کے مترادف ہے۔ (خ الف ف)

# شہید محمد محسن کا قتل، انصاف کے دامن پر ایک داغ



اسلم رحمانی
جواہر لعل نہرو یونیورسٹی، (جے این یو) نئی دہلی

بہار میں محض پانچ روپے کی چنگی نے انسانیت کو شرمسار کر دیا۔ جہان آباد کے کاکو بازار میں 17 ستمبر 2025 (بدھ) کی شام چنگی وصولنے والے وکی پٹیل نے ستر سالہ بزرگ سبزی فروش محمد محسن کو نہایت بے دردی سے موت کے گھاٹ اتار دیا۔ عینی شاہدین کے مطابق، محسن ہمیشہ کی طرح بدھ کی شام اپنی کھیتی کی سبزی لے کر کاکو بازار پہنچے تھے۔ اسی دوران وکی پٹیل نے ان سے پندرہ روپے چنگی کا مطالبہ کیا۔ محسن نے فوراً دس روپے دے دیے اور باقی پانچ روپے بعد میں دینے کی بات کہی۔ بس اتنی سی بات پر پٹیل آپے سے باہر ہو گیا اور اس نے پہلے لاتوں اور گھونسوں سے بے رحمی کے ساتھ محسن کو پیٹا، پھر بلکھرے سے ان کے سینے پر ایسا وار کیا کہ وہ وہیں ڈھیر ہو گئے۔ زخم اس قدر گہرا تھا کہ محسن نے موقع پر ہی دم توڑ دیا۔ مرحوم محمد محسن کا تعلق جہان آباد ضلع کا کو تھانہ علاقے کے پکھن پورہ گاؤں سے تھا۔ وہ نہایت خوش اخلاق اور ملنسار طبیعت کے مالک تھے۔ محسن ہر روز اپنے کھیت کی سبزیاں بیچنے بازار آیا کرتے تھے۔ ان کی المناک موت کی خبر جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی۔ مشتعل ہجوم نے این ایچ 33 کو جام کر دیا۔ تین گھنٹے تک ٹریفک مکمل طور پر ٹھپ رہا، جیل کی قیدی گاڑی سمیت سیکڑوں سواریوں کو جام میں سسکنا پڑا۔ ہر طرف ماتم کی فضا تھی، نعروں اور آہوں نے ماحول کو رنج والم سے بھر دیا۔ سب کی نظریں اس معصوم پوتے شمشاد پر ٹکی تھیں جو دھاڑیں مار مار کر رو رہا تھا: "دادا تو بس سبزی بیچنے آئے تھے، انہیں کیوں مار دیا گیا؟" یہ منظر ہر دل کو رلا گیا۔ خبر ملتے ہی نو تعینات تھانہ انچارج راہل کمار پولیس دستے کے ساتھ موقع پر پہنچے اور افسران کو حالات کی سنگینی سے آگاہ کیا۔ صورتِ حال کو دیکھتے ہوئے ایس ڈی ایم راجیو رنجن سنہا، ایس ڈی پی او (صدر) سنجیو کمار سنہا، ایس ڈی پی او (گھوسی)، کاکو بی ڈی او آشی مشرا، سی ای او محمد نوشاد سمیت کئی تھانوں کی پولیس موقع پر پہنچی۔ سیکورٹی کے حصار میں عوام کو سمجھانے اور قابو پانے کی کوشش کی گئی۔ انتظامیہ نے اعلان کیا کہ ملزم وکی پٹیل کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ ایس ڈی ایم نے مرحوم کے لواحقین کو سرکاری اسکیم (شکتی یوجنا) کے تحت دو لاکھ روپے مالی امداد اور بیس ہزار روپے فوری راحت دینے کا اعلان کیا۔ اس واقعے کے بعد پولیس اور انتظامیہ حرکت میں آئی۔ تھانہ انچارج، ایس ڈی ایم، ایس ڈی پی او، بی ڈی او اور دیگر افسران موقع پر پہنچے۔ حسبِ روایت امن و امان قائم رکھنے کی کوشش کی گئی۔ لیکن کیا عوام کے زخموں پر صرف تسلی کے الفاظ مرہم رکھ سکتے ہیں؟ سرکاری اعلان کیا گیا کہ مرحوم کے لواحقین کو دو لاکھ روپے مالی امداد اور بیس ہزار روپے فوری راحت دی جائے گی۔ یہ اعلانات عوام کو وقتی طور پر خاموش کرنے کے لیے کیے جاتے ہیں لیکن ان کا انجام ہمیشہ وہی ہوتا ہے کہ مظلوم کی لاش دفن ہو جاتی ہے، اہلِ خانہ کی آنکھوں کے آنسو سوکھ جاتے ہیں، لیکن قاتل اپنی سیاسی طاقت کے سائے میں دندناتا پھرتا ہے۔ مقامی ذرائع کے مطابق، وکی پٹیل اکثر بی جے پی اور حکمراں جماعت کی سرپرستی کا ڈھونگ رچا کر زبردستی وصولی اور غنڈہ گردی کرتا تھا۔ بہار کے نائب وزیر اعلیٰ وجے سنہا سمیت بی جے پی کے کئی بڑے لیڈروں کے ساتھ اس کی کئی تصویریں سوشل میڈیا پر وائرل ہیں جو اس کے اثر و رسوخ کی داستان سناتی ہوئی اس کی رعونت کی گواہی دے رہی ہیں۔ وکی پٹیل کے بارے میں مقامی لوگ پہلے سے جانتے تھے کہ وہ صرف ایک چنگی وصولنے والا نہیں بلکہ ایک غنڈہ ہے جو اپنی پشت پر سیاسی ہاتھوں کے سبب کسی کو خاطر میں نہیں لاتا۔ اس کی بڑے سیاست دانوں کے ساتھ تصویریں وائرل ہونا محض اتفاق نہیں بلکہ اس حقیقت کی گواہی ہے کہ وہ حکمراں جماعت کے لوگوں کا منظورِ نظر تھا۔ ایسے غنڈوں کو ہمیشہ تحفظ دیا جاتا ہے تاکہ وہ عوام پر دبدبہ قائم رکھ سکیں اور انتخابات میں یا دوسرے مواقع پر پارٹی کے کام آ سکیں۔ نتیش کمار سیکولرازم کے پرجوش نعرے بلند کرتے ہیں، مگر حقیقت یہ ہے کہ ان کے انتظامی اور عملی فیصلے اکثر بی جے پی اور آر ایس ایس کے مفادات کے ساتھ ہم آہنگ نظر آتے ہیں۔ جہاں لفظوں میں مساوات، انسانی حقوق اور عوامی تحفظ کی بات کی جاتی ہے، وہاں عملی طور پر طاقتور عناصر، سیاسی اثر و رسوخ رکھنے والے غنڈے اور فرقہ پرست قوتیں بلاخوف و خطر انسانی زندگیوں پر قابو پاتی ہیں۔ جہان آباد میں پانچ روپے کی چنگی کے لیے محمد محسن کی جان جانا صرف ایک حادثہ نہیں، بلکہ ریاستی طاقت کے غلط استعمال اور سیاسی تحفظ کی کھلی تصویر ہے۔ سیکولرازم کا دعویٰ اور عملی رویے کا تضاد اس واقعے میں پوری شدت کے ساتھ نمایاں ہوا۔ محسن جیسا سادہ، خوش اخلاق اور محنتی انسان، جس کی زندگی قانون کے دائرے میں محفوظ ہونی چاہیے تھی، پانچ روپے کی معمولی تاخیر کے لیے ایک قاتل کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا۔ اور یہ قاتل، وکی پٹیل، اپنے سیاسی تعلقات کی آڑ میں بے خوف و خطر انسانیت کے بنیادی اصولوں کو پامال کرتا رہا۔ کیا یہ سیکولر قیادت ہے، جس کا نعرہ بلند کیا جاتا ہے، یا ریاستی طاقت کا ایسا نظام جو طاقتور اور سیاسی طور پر محفوظ افراد کو تحفظ فراہم کر کے عام شہری کو غیر محفوظ اور بے بس کر دیتا ہے؟ یہ واقعہ بتاتا ہے کہ لفظوں میں سیکولرازم کے دعوے صرف عوام کو بہلانے کا ذریعہ ہیں، جب کہ عملی طور پر ریاستی مشینری بی جے پی اور آر ایس ایس کے اثر و رسوخ میں کام کر رہی ہے۔ انسانی جان، انصاف اور قانونی عمل کی قدر اس نظام میں کمزور پڑ جاتی ہے، اور ہر چھوٹے تنازع میں انسانی زندگی خطرے میں آ جاتی ہے۔ یہ تضاد نہ صرف اخلاقی اور سیاسی کمزوری کو ظاہر کرتا ہے بلکہ سماجی انتشار، خوف اور نفرت کے ماحول کو بھی فروغ دیتا ہے۔ نتیش کمار کی قیادت میں سیکولرازم کا یہ نقاب پھٹ چکا ہے: لفظوں میں انسانیت، مساوات اور انصاف کا نعرہ لگایا جاتا ہے، مگر عملی میدان میں عام شہری کے حقوق، حفاظت اور زندگی کی قدر کو بالائے طاق رکھا جاتا ہے۔ یہ صرف ایک فرد کی موت کا واقعہ نہیں بلکہ پورے سماجی اور سیاسی نظام کی ناکامی، ریاستی طاقت کی بدعنوانی اور عوام کے ساتھ ہونے والی بے رحمی کا عملی مظاہرہ ہے۔ پانچ روپے کی چنگی نے صرف محمد محسن کی جان نہیں چھینی، بلکہ یہ واقعہ ریاستی قیادت کے سیکولر نعرے کے پیچھے چھپی حقیقت، بی جے پی اور آر ایس ایس کے اثر و رسوخ، اور انصاف کی عدم فراہمی کا دردناک آئینہ بھی پیش کرتا ہے۔

یہی وہ سیاسی ڈھانچہ ہے جس نے بہار سمیت پورے ہندوستان میں غنڈہ گردی کو فروغ دیا ہے۔ اس سانحے نے ایک بار پھر یہ بات ثابت کر دی ہے کہ حکومت اور انتظامیہ کے بلند بانگ دعوے صرف کاغذوں پر رہ جاتے ہیں، عملی طور پر قاتل کو ہی تحفظ دیا جاتا ہے اور مظلوم کو انصاف کے لیے ترسا دیا جاتا ہے۔ آر ایس ایس اور بی جے پی کی سیاست نے ملک کو اس مقام پر لا کھڑا کیا ہے جہاں نفرت اور طاقت ہی سب کچھ بن گئی ہے۔ غریب، کسان، مزدور اور اقلیتیں بالخصوص مسلمان اس نظام کے سب سے زیادہ نشانے پر ہیں۔ جب کوئی مظلوم انصاف مانگتا ہے تو اسے یا تو مالی امداد کے چمکدار وعدوں سے بہلا دیا جاتا ہے یا پھر عدالتی اور پولیس نظام کی پیچیدگیوں میں الجھا کر خاموش کر دیا جاتا ہے۔ وکی پٹیل جیسے لوگ صرف بہار میں نہیں، پورے ملک میں حکمران جماعتوں کے سایے تلے پلتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے حوصلے بلند ہیں اور وہ قانون کو اپنی جوتی پر رکھتے ہیں۔ فرقہ پرست میڈیا کا کردار اس سے بھی زیادہ شرمناک ہے۔ یہی میڈیا جو معمولی جھگڑوں کو مذہبی رنگ دے کر دن رات نفرت کی آگ بھڑکاتا ہے، اسی میڈیا کو محمد محسن کے قتل پر بولنے کی ہمت نہیں ہوئی۔ وہ مجرمانہ خاموشی اختیار کر گیا تاکہ حکومت کے اصل چہرے کو چھپایا جا سکے اور قاتل کے سیاسی آقاؤں کی رسوائی نہ ہو۔ میڈیا کا یہ رویہ دراصل اس نظام کی ایک اور علامت ہے جس میں سچ کو دبا دیا جاتا ہے اور جھوٹ کو ہوا دے کر عوام کو گمراہ کیا جاتا ہے۔ آج میڈیا انصاف کا ساتھی نہیں رہا بلکہ حکومت کا پروپیگنڈہ مشین بن گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عوامی مسائل، کسانوں کے دکھ، مزدوروں کی محرومیاں اور محسن جیسے بے گناہوں کے خون کی کہانیاں ٹی وی اسکرینوں اور اخباروں سے غائب ہو جاتی ہیں۔ یہ سوال اٹھنا لازمی ہے کہ جب قاتلوں کو حکومت تحفظ فراہم کرے گی، میڈیا خاموشی اختیار کرے گا، پولیس اور انتظامیہ محض خانہ پری کرے گی تو انصاف کہاں سے آئے گا؟ اس ملک میں عدلیہ ہی وہ واحد ادارہ ہے جس سے عوام کو امید باقی ہے، لیکن اگر عدلیہ بھی سیاسی دباؤ کے آگے جھکنے لگے تو پھر مظلوم کے لیے کوئی سہارا باقی نہیں رہے گا۔ یہ وقت ہے کہ عدلیہ اپنے وجود کو ثابت کرے اور ایسے مجرموں کو سزا دے جو سیاسی رسوخ کے سہارے قانون کو روندتے ہیں۔ محمد محسن کے قتل کا سانحہ محض ایک فرد کی جان جانے کی کہانی نہیں بلکہ ایک پورے سماج کا نوحہ ہے۔ جب ایک کسان اپنی کھیتی کی سبزی لے کر بازار آتا ہے تو اس کا مقصد صرف اپنے گھر کا پیٹ پالنا ہوتا ہے۔ لیکن اگر وہ بھی قاتلوں کے نشانے پر ہو، اگر وہ بھی پانچ روپے کی چنگی کے جھگڑے میں جان سے مار دیا جائے تو پھر اس سماج میں کسی کی زندگی محفوظ نہیں۔ یہ پورا منظر نامہ اس بات کی علامت ہے کہ ہندوستان کا جمہوری ڈھانچہ کمزور ہو رہا ہے اور ظلم و ناانصافی بڑھتی جا رہی ہے۔ تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ جب بھی حکومتیں ظالموں کو تحفظ دیتی ہیں تو سماج کا شیرازہ بکھرنے لگتا ہے۔ ملک کے کئی واقعات اس کی گواہی دیتے ہیں جہاں سیاسی سرپرستی میں پلے غنڈے بے قصور لوگوں کی جان لیتے رہے ہیں۔ چاہے وہ مظفر نگر کے فسادات ہوں یا دادری کا اخلاق کا قتل، چاہے وہ جھارکھنڈ میں تبریز انصاری کی لنچنگ ہو یا پہلو خان کا قتل، سب میں ایک بات مشترک ہے کہ قاتل کو یا تو بچایا گیا یا اس کے خلاف کارروائی میں دانستہ تاخیر کی گئی۔ محسن کا قتل بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ آج پورے ملک کے سامنے سب سے بڑا سوال یہ ہے کہ کیا ہم ظلم کے اس نظام کو یوں ہی قبول کر لیں گے؟ کیا ہم اپنی آنکھوں کے سامنے محنت کش کسانوں اور مزدوروں کو قتل ہوتا دیکھ کر خاموش رہیں گے؟ یا پھر ہم اپنی اجتماعی طاقت سے ان مکروہ چہروں کو بے نقاب کریں گے جو قاتلوں کو تحفظ فراہم کرتے ہیں؟ یہ سوال صرف بہار کے عوام کا نہیں بلکہ پورے ہندوستان کے ہر شہری کا ہے۔ محمد محسن کی شہادت ہمیں ایک سبق دیتی ہے۔ یہ سبق یہ ہے کہ ظلم جب اپنی انتہا کو پہنچتا ہے تو عوام کی بیداری ہی اس کا علاج بنتی ہے۔ اگر ہم خاموش رہے تو قاتل اور ان کے سیاسی سرپرست اور زیادہ طاقتور ہوں گے، لیکن اگر ہم نے ظلم کے خلاف آواز بلند کی تو ایک دن انصاف ضرور قائم ہوگا۔ یہ سانحہ حکومت، میڈیا، عدلیہ اور سول سوسائٹی سب کے لیے امتحان ہے۔ اگر یہ ادارے اپنے فرائض میں ناکام رہے تو آنے والی نسلیں ہمیں معاف نہیں کریں گی۔ معاشرے میں قتل اور تشدد کے بڑھتے ہوئے واقعات صرف ایک فرد یا گروہ کی مجرمانہ سرگرمی نہیں بلکہ ایک پیچیدہ سیاسی، سماجی اور ادارتی تناظر کا نتیجہ ہیں۔ حالیہ برسوں میں بھارت کے مختلف حصوں میں ایسے واقعات کی تعداد میں اضافہ دیکھنے کو ملا ہے جہاں مقتولین اکثر مخصوص مذہبی یا سماجی پس منظر سے تعلق رکھتے ہیں اور قاتلوں کو کسی نہ کسی سیاسی یا سماجی پشت پناہی حاصل ہوتی ہے۔ یہ پشت پناہی مقامی انتظامیہ، پولیس اور بعض اوقات عدالتوں کی غیر مؤثر کارروائی کی وجہ سے مزید تقویت پاتی ہے، جس سے متاثرہ خاندانوں کو انصاف تک رسائی میں شدید مشکلات پیش آتی ہیں اور معاشرتی عدم تحفظ کا ماحول پیدا ہوتا ہے۔ سیاسی اثر و رسوخ کی وجہ سے اکثر تحقیقات متاثر ہوتی ہیں، مقدموں میں تاخیر ہوتی ہے اور قاتل بچ نکلتے ہیں، جس سے یہ پیغام عام ہوتا ہے کہ طاقتور افراد کسی بھی سطح پر مجرمانہ کارروائی کر سکتے ہیں اور انہیں کوئی قانونی قیمت نہیں چکانی پڑے گی۔ موجودہ سیاسی ماحول میں فرقہ وارانہ سیاست اور ہندو قوم پرستی کی بڑھتی ہوئی لہر نے معاشرتی ڈھانچے پر گہرے اثرات ڈالے ہیں۔ بی جے پی اور آر ایس ایس کے حامیوں یا وابستہ عناصر کے بعض اقدامات اور تقریبات سے معاشرے میں تقسیم اور خوف کا ماحول پیدا ہوتا ہے۔ یہ عناصر بعض اوقات مقامی انتظامیہ کے تعاون یا خاموشی سے فائدہ اٹھاتے ہیں اور وہ سرگرمیاں انجام دیتے ہیں جو فرقہ وارانہ حساسیت کو بڑھاتی ہیں۔ اس کے نتیجے میں دیگر طبقات میں عدم تحفظ، خوف اور نفرت پیدا ہوتی ہے، اور معاشرتی ہم آہنگی شدید متاثر ہوتی ہے۔ ایسے حالات میں فرقہ پرست میڈیا بھی اپنی ذمہ داری پوری کرنے کے بجائے حساس اور مبالغہ آمیز رپورٹس کے ذریعے ماحول کو مزید زہر آلود بناتا ہے۔ سوشل میڈیا، نیوز چینلز اور دیگر ذرائع ابلاغ پر نشر ہونے والی خبر کے انداز اور زبان نفسیاتی دباؤ پیدا کرتی ہے اور سماجی انتشار میں اضافہ کرتی ہے۔ عدلیہ اور انصاف کی عدم فراہمی اس صورت حال کو مزید سنگین بنا دیتی ہے۔ عدالتی کارروائی میں تاخیر، مقدموں کی غیر سنجیدہ تحقیقات اور مجرموں کے لیے نرم رویہ معاشرتی نظام کو نقصان پہنچاتا ہے۔ متاثرہ خاندانوں میں مایوسی، بے چینی اور عدم اعتماد پیدا ہوتا ہے اور سماجی پیغام یہ جاتا ہے کہ طاقتور عناصر کے لیے کوئی قانونی رکاوٹ نہیں۔ اس طرح معاشرتی اعتماد کا فریم ورک متاثر ہوتا ہے اور لوگوں کے ذہنوں میں غیر یقینی اور خوف کی کیفیت پروان چڑھتی ہے۔ قتل اور تشدد کی وارداتیں صرف انفرادی سطح تک محدود نہیں رہتیں بلکہ پورے معاشرتی دھارے پر اثر ڈالتی ہیں۔ فرقہ وارانہ تشدد معاشرتی ہم آہنگی کو نقصان پہنچاتا ہے، اقتصادی اور سماجی ترقی کے عمل میں خلل ڈال دیتا ہے، اور متاثرہ طبقوں میں نفرت، انتقام اور عدم تحفظ کے جذبات پیدا کرتا ہے جو آئندہ نسلوں تک منتقل ہو سکتے ہیں۔ یہ حالات اس بات کا ثبوت ہیں کہ سماجی انتشار، فرقہ وارانہ تشدد اور انصاف کی عدم فراہمی ایک دوسرے کے ساتھ جڑی ہوئی ہیں اور کسی ایک پہلو میں بھی بہتری کے بغیر مکمل اصلاح ممکن نہیں۔ موجودہ حالات میں ضروری ہے کہ پولیس اور عدلیہ مکمل طور پر غیر جانبدار اور شفاف تحقیقات کو یقینی بنائیں، سیاسی رہنماؤں کے لیے فرقہ وارانہ تشدد میں ملوث افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی لازمی قرار دی جائے، اور میڈیا کو ذمہ دارانہ رپورٹنگ کے اصولوں پر پابند بنایا جائے تاکہ معاشرتی نفرت اور انتشار کی لہر کو روکا جا سکے۔ اس کے ساتھ ساتھ معاشرتی سطح پر رواداری، اتحاد اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کے لیے تعلیمی بیداری مہم اور عوامی آگاہی کے اقدامات بھی ضروری ہیں۔ اگر یہ اقدامات نہ کیے گئے تو فرقہ وارانہ تشدد اور سماجی انتشار کی بڑھتی ہوئی لہر معاشرے کے ہر طبقے کو غیر محفوظ اور خوفزدہ بنا سکتی ہے اور ملک کے استحکام کو سنگین خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔

☆☆☆

☆☆☆☆☆☆





# متحدہ ہندوستان کی اسلامی سیاست میں مولانا ابوالمحاسن سجاد کا تجدیدی کارنامہ



مفتی قیام الدین قاسمی
سیتامڑھی

حضرت عمر رض کا وہ مشہور اثر آپ نے پڑھا ہوگا "لا إسلام إلا بجماعة ولا جماعة إلا بإمارة ولا إمارة إلا بطاعة" اسلام جماعت کے بغیر ناقص، اور جماعت امیر کے بغیر ناقص اور امیر اطاعت کے بغیر ناقص ہے، تو اسلام میں نصب امیر یعنی اپنا امیر مقرر کرنا حصولِ علم کی مانند واجب اور ضروری ہے، سب سے پہلے دس سال امیر خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم رہے، پھر اگلے 30 سال چاروں خلفائے راشدین، اس کے بعد 89 سال خلافت بنو امیہ پھر 500 سال خلافت عباسیہ اور پھر 700 سال خلافت عثمانیہ قائم رہی۔ ہندوستان کے تناظر میں جب تک مغلوں کی حکومت تھی تب تک تو ملک خلافتِ عثمانیہ کے زیرِ نگیں تھا لیکن انگریزوں کی حکومت آتے ہی یہ خلافت عثمانیہ کی حدود سے خارج ہو گیا تھا، آئیے جانتے ہیں کہ ہندوستان میں مسلمانوں کی حکومت کب ختم ہوئی اور اس کے بعد قیام امارت اور نصب امیر کے فریضے کو ادا کرنے کی کوششیں کس کس طریقے سے کی گئیں۔

***سلطنتِ مغلیہ کا سقوط اور اس کے بعد دو ادوار کے درمیان حدِ فاصل***

مولانا عبد الصمد رحمانی رح اپنی کتاب تاریخ امارت میں امارت شرعیہ کے قیام کی کوششوں کو پہلے دو حصوں میں تقسیم کرتے ہیں: 1803 سے پہلے کا دور اور 1803 کے بعد کا دور ان دونوں کے درمیان حد فاصل کا کام کرتا ہے انگریزوں کی جانب سے دہلی میں کرایا گیا اعلان "ملک بادشاہ سلامت کا اور اور حکم کمپنی بہادر کا، یعنی اس اعلان کے بعد عملی طور پر سلطنت مغلیہ کا خاتمہ ہو گیا۔

***انقلابی و آئینی تحریکات کا مرجع***

1803 کے بعد کے دور کو وہ پھر دو حصوں میں تقسیم کرتے ہیں انقلابی دور اور آئینی دور۔

دونوں ادوار کا مرجع شاہ عبد العزیز کا فتویٰ ("اکنون ہندوستان دارالحرب گشت" اب ہندوستان دارالحرب بن گیا ہے) قرار پایا۔

***انقلابی تحریک کے پہلے امیر***

اس فتوے کو عملی جامہ پہنانے والی سب سے پہلی شخصیت پہلے انقلابی امیر سید احمد شہید کی ہے جن کو اربابِ حل وعقد پہلے 1816 میں امیر منتخب کرتے ہیں اور ان کے ہاتھ پر خاندان ولی اللہی سب سے پہلے امارت کی بیعت کرتا ہے، پھر 1826 میں عمومی بیعت امامت ہوتی ہے اور جمعہ میں آپ کے نام کا خطبہ پڑھا جاتا ہے، اور یہ تحریک 1831 میں ان کی اور ان کے وزیر شاہ اسماعیل شہید رحمہا اللہ کی شہادت پر ختم ہو جاتی ہے۔

***انقلابی تحریک کے دوسرے امیر***

انقلابی دور کے دوسرے امیر حاجی امداد اللہ مہاجر مکی ہیں، یہ سید احمد شہید کی پھونکی ہوئی روحِ جہاد کے علمبرداروں میں سے ایک تھے، انقلابی تحریک کو پورے ہندوستان میں خفیہ طور پر منظم کیا جاتا ہے، اربابِ حل وعقد حاجی صاحب کو امام و امیر مقرر کرتے ہیں، تھانہ بھون دارالاسلام قرار پاتا ہے، شاملی کو فتح کر دارالاسلام سے الحاق کیا جاتا ہے، مولانا قاسم نانوتوی چیف آف آرمی بنائے جاتے ہیں، دار القضاء کا قیام عمل میں آتا ہے اور زمامِ قضا مولانا رشید احمد گنگوہی کے سپرد کی جاتی ہے، لیکن پھر اسے انگریزوں کی نظر لگ جاتی ہے اور یہ انقلابی تحریک غدر، انتشار، شورش و ناکامی کا نشانہ بن جاتی ہے، حاجی صاحب کو ہجرت، مولانا رشید احمد گنگوہی کو زندان اور مولانا قاسم نانوتوی کو روپوشی پر مجبور ہونا پڑتا ہے۔ ان دونوں تحریکوں میں قدرِ مشترک یہ بھی ہے کہ دونوں تحریکوں میں خانقاہوں کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔

***تیسری انقلابی تحریک کی بنیاد اور تیسرے امیر***

دوسرے انقلابی امارت کی ناکامی کے بعد تیسرے انقلابی امارت کی شجرکاری کے لئے چیف آف آرمی اسٹاف اور امیر لشکر مولانا قاسم نانوتوی دارالعلوم دیوبند کی بنیاد رکھتے ہیں اور اس کے بعد مولانا عبد الصمد صاحب انقلابی دور کے تیسرے امیر شیخ الہند مولانا محمود الحسن دیوبندی کو قرار دیتے ہیں، ریشمی رومال کی تحریک دراصل اسی تیسرے انقلابی تحریک کا شاخسانہ ہے، 21 فروری 1917 کو شیخ الہند مالٹا میں لا کر قید کر دیئے جاتے ہیں اور اس تحریک کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

***پہلی دو امارت اور تیسری امارت میں دو فرق:***

1 تیسری تحریک نہ پہلی دو امارتوں کی طرح مکمل انقلابی ہے کیوں کہ پورے ہندوستان میں اسلحوں پر پابندی لگا دی گئی تھی اور نہ اگلی آئینی تحریکوں کی طرح مکمل آئینی؛ اگرچہ اس تحریک میں انقلاب کا رنگ غالب ہے، اسے آپ تحریک انقلابی انتقالی بھی کہہ سکتے ہیں کیوں کہ یہ مکمل انقلابی تحریکوں اور مکمل آئینی تحریکوں کے درمیان کی تحریک ہے۔ 2 پہلی دو تحریکوں کا مرکز ہندوستان تھا لیکن اس تحریک انقلاب کا زیادہ تر انحصار بیرون ہند کی عالم اسلامی کی امداد پر تھا۔

***آئینی تحریک کی بنیاد***

اس کی صدا خاتمِ انقلابی تحریک شیخ الہند رح نے ہی لگائی، جون 1920 کو دہلی میں ڈاکٹر انصاری مرحوم کی کوٹھی پر ڈاکٹر انصاری، مولانا محمد علی جوہر اور حکیم اجمل خان وغیرہ سے گفتگو کرتے ہوئے آپ نے ہدایت فرمائی "آئینی اور پر امن تحریک میں ہندوستان کا لیڈر کسی ہندو کو ہونا چاہئے تاکہ تحریک کا بار بقدر حصہ اکثریت پر رہ سکے"۔

***انقلابی تحریک عزیمت کے امیر نے آئینی تحریک رخصت کی صدا کیوں لگائی؟***

1 کیوں کہ اندرون ہند ہتھیاروں پر پابندی لگا دی گئی تھی جو کہ کسی بھی انقلابی تحریک کا اہم عنصر ہوا کرتی ہے۔

2 بیرون ہند مسلم حکمران اب قومیت کے نشے میں چور ہو گئے تھے، ملت اسلامیہ کے بجائے عربوں نے عرب قومیت اور ترکوں نے تورانی قومیت کے نعرے کو اپنے لیے حرزِ جاں بنا لیا تھا جس سے بیرونی تعاون کی امید بھی ماند پڑ گئی تھی۔

***آئینی تحریک کے پہلے بانی***

1917 کے بعد انقلابی تحریک برپا کرنے کی گنجائش نہیں رہی تھی، اب وقت تھا کہ اُسی قدیم مقصد و فریضہ قیامِ امارت اور نصبِ امیر کو ایک نئے ڈھنگ و آہنگ اور نئے طور طریقوں سے مزین کیا جائے، اب فکِّ کلِ نظام کی تحریک ممکن نہیں تھی اب بس مالا یدرک کلہ لا یترک کلہ پر عمل کرنے کی گنجائش تھی، لیکن بقدر وسعت اسلامی احکام کے نفاذ و نصب امیر پر علماء کا متفق ہونا مشکل تھا کیوں کہ اکثر علماء کے نزدیک انقلابی تحریک ہی آئیڈیل تھا اور وہ اس سے تنزل اختیار کر کے قیامِ امارت و نصبِ امیر کو کسی صورت ماننے کو تیار نہ تھے، اس کے باوجود مولانا ابوالمحاسن سجاد رح پورے ہندوستان کا دورہ کر کے مسلمانوں کی دینی قیادت، دینی سیاست اور جماعتی امور کے سرکردہ علماء (بالخصوص شیخ الہند مولانا محمود الحسن دیوبندی، امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد اور مولانا قیام الدین عبد الباری فرنگی محلی وغیرہم) کو اس نقطے پر جمع کرنے اور اپنے مضبوط فقہی و عقلی دلائل سے قائل کرنے میں کامیاب ہو گئے کہ قوت نافذہ کے ختم ہو جانے اور حکومت کی باگ ڈور چھن جانے سے نصب امیر کا فریضہ ساقط نہیں ہو جاتا اور آئینی حدود میں رہ کر نصب امیر اور احکام اسلامی کے اجراء کی جو کوششیں کی جا سکتی ہیں وہ ہر حال میں کرنا ہم پر فرض ہے۔

***مولانا سجاد قیام امارت کے لیے علماء کی قیادت کو متحد کرتے ہیں***

**اس کے لیے سب سے پہلے اپنے قائم کردہ مدرسہ انوار العلوم گیا (1910) کے سالانہ اجلاس منعقدہ اکتوبر 1917 میں پورے علاقے کے علماء کو دعوت دی اور "انجمن علمائے بہار" کی بنیاد رکھی، پھر 1919 میں رولٹ ایکٹ (مارچ) کے خلاف گاندھی کی تحریک عدمِ تعاون (اپریل)، خلافت کمیٹی (5 جولائی) اور جمعیت علما (نومبر) بھی مولانا اور ان کے رفقاءِ کار کے اسی آئینی تحریک والے نظریے کے برگ وبار ہیں۔**

اس کے لیے سب سے پہلے اپنے قائم کردہ مدرسہ انوار العلوم گیا (1910) کے سالانہ اجلاس منعقدہ اکتوبر 1917 میں پورے علاقے کے علماء کو دعوت دی اور "انجمن علمائے بہار" کی بنیاد رکھی، پھر 1919 میں رولٹ ایکٹ (مارچ) کے خلاف گاندھی کی تحریکِ عدمِ تعاون (اپریل)، خلافت کمیٹی (5 جولائی) اور جمعیت علما (نومبر) بھی مولانا اور ان کے رفقاء کار کے اسی آئینی تحریک والے نظریے کے برگ وبار ہیں۔

***مولانا سجاد قیامِ امارتِ ہند کی تجویز پیش کرتے ہیں***

1920 میں جمعیت علماء کے دوسرے اجلاس عام میں مولانا نے امارت کے مسئلے کو اربابِ حل وعقد کے سامنے رکھا، شیخ الہند رح اپنی طبیعت کی ناسازی کے باوجود اس بات پر مصر تھے کہ امیر الہند کا انتخاب کر لیا جائے اور میری چارپائی کو جلسہ گاہ میں لے جایا جائے اور منتخب شدہ امیر کے ہاتھ پر سب سے پہلے میں بیعت کروں گا لیکن اس مسئلے کو شیخ الہند کی صحت پر موقوف کر کے ملتوی کر دیا گیا اور اس کے ایک ہی ہفتے بعد شیخ الہند کا انتقال بھی ہو گیا، اور یوں امارتِ ہند کا خواب ادھورا رہ جاتا ہے۔

***مولانا سجاد صوبائی امارت شرعیہ قائم کرتے ہیں***

مولانا ابوالمحاسن سجاد کو اپنا ارادہ تبدیل کرنا پڑا اور امیر الہند کے بجائے مئی 1921 کو جمعیت علمائے بہار کے اجلاس کے تیسرے اجلاس بمقام دربھنگہ میں 25 اور 26 جون کو بانکی پور پٹنہ پتھر کی مسجد میں ایک غیر معمولی اجلاس ہونا طے پایا، اور پھر اس خصوصی اجلاس میں امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد رح کی صدارت میں امارت شرعیہ بہار (اڈیشہ اور جھارکھنڈ بھی اس وقت بہار میں تھے) کی داغ بیل ڈال دی گئی اور خانقاہ مجیبیہ کے سجادہ نشین مولانا شاہ محمد بدر الدین رح امیر شریعت اور مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد رح نائب امیر شریعت مقرر کیے جاتے ہیں۔

***ہم نوجوانوں کے لیے 3 پیغام***

1 قیامِ امارت اور نصبِ امیر کے اس فریضے کی اہمیت کا ادراک کیجیے

جس کی وضاحت مولانا عبید اللہ سندھی نے کچھ اس طرح سے کی ہے:

* دہلی کے قرب وجوار میں (1857) چار مہینے کی مدت میں ستر معرکے ہوئے۔۔۔ حیدرآباد و کابل کے حکمرانوں نے علماء کو بے یار و مددگار چھوڑ دیا۔۔۔ دہلوی جماعت کے اساطین بالخصوص حاجی امداد اللہ مہاجر مکی اور شیخ عبد الغنی مجددی حجاز میں جمع ہوئے اور ہندوستان میں ایک دینی جامع مدرسہ کی بنیاد ڈالنے پر اتفاق رائے کر لیا۔۔۔ یہ حضرات حجاز مقدس میں ایک اسلامی مرکز کو مضبوط کرنا چاہتے تھے اور افغانستان میں ہندوستانی تحریک کے مرکز کی تجدید کا ارادہ رکھتے تھے اور ہندوستان میں نائب امیر کی حیثیت سے شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی کام کر رہے تھے* (التمھید لائمۃ التجدید)۔

ایک اور جگہ لکھتے ہیں

*" پھر اگر مسلمانوں کا کوئی خطہ ایسا ہو جس پر کافروں کا غلبہ ہو جائے، تو ان عام مسلمانوں پر جو ہجرت پر قادر نہ ہوں یہ واجب ہے کہ اپنے لیے ایک امام مقرر کریں، جس کی طرف تعلیم وفتویٰ کے معاملات میں رجوع کریں۔ اور ہمارے مشائخ جنہوں نے دہلی کے قریب دارالعلوم دیوبند کی بنیاد رکھی اور پھر اس کی شاخیں ہندوستان کے اطراف میں قائم کیں، ان کا مقصد دراصل اسی واجب کی ادائیگی تھا"* (مواقف المستر شدین از امام انقلاب مولانا عبید اللہ سندھیؒ بحوالہ شوریٰ کی شرعی حیثیت از مولانا ریاست علی بجنوریؒ)۔

لہذا آپ امارت شرعیہ کی تقویت کو اپنی زندگی کی ترجیحات میں شامل کیجیے؛

کیوں کہ آپ کی زندگی کا مقصد۔۔۔ فی سبیل اللہ اور اعلاء کلمۃ اللہ ہے۔ کیوں کہ آپ کے ادارے کی بنیاد دوسرے انقلابی تحریک کی ناکامی کے بعد تیسرے انقلابی تحریک کا کامیاب بنانے کے لیے رکھی گئی تھی کیوں کہ آپ کے اداروں اور مادر علمی کی بنیاد بلا واسطہ یا بالواسطہ* ایک نائب امیر، چیف آف آرمی اسٹاف اور سالار لشکر* کے ذریعے رکھی گئی تھی؛ لہذا آپ صرف عالم نہیں ایک آرمی کا حصہ ہیں اس لیے آپ کی سوچ، طرز فکر، گفتار و کردار اور زندگی کے فیصلے سب کچھ سپاہیانہ ہونے چاہئیں۔

2 چودہ سو سال سے چلے آ رہے امارت اسلامیہ اور نصبِ امیر کے اس تسلسل اور اس کے لیے اپنے بزرگوں کی دی گئی قربانیوں کو محسوس کیجیے تاکہ آپ اپنی قدیم تاریخ سے مربوط رہیں؛ کیوں کہ:

فرد قائم ربطِ ملت سے ہے تنہا کچھ نہیں
موج ہے دریا میں اور بیرونِ دریا کچھ نہیں

اور

ملت کے ساتھ رابطۂ استوار رکھ
پیوستہ رہ شجر سے امیدِ بہار رکھ

3 یہ غور کیجیے کہ اِس وقت کس تحریک کی زیادہ ضرورت ہے؟ کون سا میدان خالی ہے؟ کس جگہ نئے انداز سے کام کرنے کی ضرورت ہے؟ سوچئے اور پڑھئے کیوں کہ بعثت نبوی کا مقصد ہی تلاوت و قراءت اور تعلیم ہے اور ہم اس نبی کے وارث بنائے گئے ہیں* نوٹ: یہ وہ فکر ہے جو ہماری اوپر والی نسل اپنے زمانے کے حالات یا کسی وجہ کر ہم تک منتقل نہیں کر سکی لیکن اب ہمیں شیخ الکل، حجۃ اللہ فی الارض، شیخ الہند اور امام انقلاب اور ابوالمحاسن سجاد رحمہم اللہ اور ان کی تعلیمات سے اپنا رابطہ استوار کرنا ہوگا اور ایک امیر کی ماتحتی میں ایک فوجی کی طرح زندگی گزارنا ہوگا: کیوں کہ اس فکر کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنائے بنا نہ تو حوصلہ اور جذبہ بیدار ہو سکتا ہے اور نا ہی ہندوستان میں ہندوتوا کی برپا کی گئی نفسیاتی احساس کمتری اور ضمیر کی جنگ اور بیرونِ ہند حقیقی جنگ جیتنے کا خواب دیکھا جا سکتا ہے*

رابطہ: 7070552322

# ایچ-بی 1 ویزا: کھرگے، راہل نے مودی کو کمزور وزیر اعظم قرار دیا





نئی دہلی، 20 ستمبر (یواین آئی) کانگریس صدر ملکارجن کھرگے اور کانگریس کے سابق صدر راہل گاندھی نے ایچ-بی 1 ویزا فیس میں زبردست اضافہ کرنے کے امریکی فیصلے کو ہندوستانیوں کے لیے مایوس کن قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے ایک بار پھر امریکہ کے سامنے کمزور وزیر اعظم ثابت کیا ہے۔ ہفتہ کو سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں مسٹر کھرگے نے کہا کہ "وزیر اعظم، آپ کی سالگرہ کے فون کی مبارکباد کے بعد آپ کو ملنے والے واپسی تحائف سے ملک کے لوگ غمزدہ ہیں۔ آپ کی 'اس بار، ٹرمپ حکومت 'ٹرمپ حکومت کی طرف سے واپسی کا تحفہ ہے۔ ایچ-بی 1 ویزوں پر 100,000 ڈالر کی سالانہ فیس کا سب سے زیادہ اثر ہندوستانی ٹیکنیکل ورکرز پر پڑتا ہے، جیسا کہ ایچ-بی 70 1 فیصد ہندوستانی ٹیکنیکل ورکرز ہیں۔ "انہوں نے کہا کہ 50 فیصد درآمدی ڈیوٹی پہلے ہی عائد کی جا چکی ہے اور اس سے صرف ملک کے 10 شعبوں کو 2.17 لاکھ کروڑ روپے کا نقصان ہونے کا اندازہ ہے۔ یو ایس ہائر ایکٹ بل ہندوستانی آؤٹ سورسنگ کو نشانہ بناتا ہے، اور چابہار بندرگاہ کو استثنیٰ سے ہٹانا ہمارے اسٹریٹجک مفادات کے لیے نقصان دہ ہے۔ یہاں تک کہ یورپی یونین سے ہندوستانی اشیا پر 100 فیصد درآمدی ڈیوٹی لگانے کی بات کی جا رہی ہے۔ مسٹر ٹرمپ نے حال ہی میں اپنے اس دعوے کو دہرایا کہ ان کی مداخلت نے پاکستان کے خلاف ہندوستان کی فوجی کارروائی کو روکا، یہ دعویٰ وہ کئی بار کر چکے ہیں۔ مسٹر مودی پر طنز کرتے ہوئے کانگریس صدر نے کہا کہ "ہندوستانی قومی مفادات سب سے اہم ہیں۔ خارجہ پالیسی گلے لگانے، خالی نعرے لگانے، کنسرٹ منعقد کرنے اور لوگوں کو "مودی، مودی" کے نعرے لگانے کے بارے میں نہیں ہے۔ خارجہ پالیسی ہمارے قومی مفادات کے تحفظ، ہندوستان کو اولین ترجیح دینے اور دانشمندی کے ساتھ دوستی کو برقرار رکھنے کے بارے میں ہے اور اس سے ہمارے توازن کو خطرے میں نہیں ڈالا جا سکتا۔ "پارٹی کے سابق صدر اور لوک سبھا میں قائد حزب اختلاف نے ایک بار پھر مسٹر مودی کو ایک کمزور وزیر اعظم قرار دیتے ہوئے کہا کہ میں دوبارہ کہتا ہوں کہ ہندوستان کے پاس ایک کمزور وزیر اعظم ہے۔ کانگریس کے کمیونیکیشن ڈپارٹمنٹ کے سربراہ پون کھیرا نے مسٹر گاندھی کے 5 جولائی 2017 کے ٹویٹ کا حوالہ دیتے ہوئے مودی کو ایک کمزور وزیر اعظم قرار دیتے ہوئے کہا کہ "آٹھ سال بعد راہل گاندھی دوبارہ درست ثابت ہوئے ہیں۔ انہوں نے 2017 میں بھی یہی کہا تھا، اور کچھ نہیں بدلا ہے۔ ہندوستان اب بھی ایک کمزور وزیر اعظم کے ساتھ پھنسا ہوا ہے۔ "

واضح رہے کہ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے جمعہ کو کمپنیوں کے ذریعہ ایچ-بی 1 ویزا کے درخواست دہندگان کو اسپانسر کرنے کے لیے ادا کی جانے والی رقم کو بڑھا کر 100,000 ڈالر کے اعلان پر دستخط کیے ہیں۔

# کئی ریاستوں میں بارش اور تیز آندھی کا امکان، محکمہ موسمیات نے جاری کیا الرٹ



20 ستمبر: ملک کے مختلف حصوں میں اگلے کچھ دنوں تک بارش اور طوفانی ہواؤں کی پیشن گوئی کی گئی ہے۔ شمالی انڈمان ساگر اور میانمار ساحل کے قریب سمندری ہواؤں کا علاقہ بنا ہوا ہے جو 22 ستمبر تک بنگال کی خلیج تک پہنچ سکتا ہے۔ اس کے علاوہ 25 ستمبر تک میانمار-بنگلہ دیش کے ساحل کے قریب خلیج بنگال میں ایک نیا کم دباؤ والا علاقہ بننے کا امکان ہے۔ اس کی وجہ سے مدھیہ پردیش، بہار، اوڈیشہ اور انڈمان نکوبار جزائر گروپ میں ہلکی سے درمیانی بارش ہوگی۔ اس دوران گرج کے ساتھ ہلکی اور کچھ مقامات پر شدید بارش ہو سکتی ہے۔ مشرقی ہند میں اگلے 5-4 دنوں تک 40-30 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چل سکتی ہیں۔ محکمہ موسمیات (آئی ایم ڈی) کے مطابق اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ اور دیگر ریاستوں میں 23 ستمبر تک شدید بارش کا امکان ہے۔ اتراکھنڈ، مشرقی اتر پردیش اور راجستھان میں بھی بھاری بارش ہو سکتی ہے۔ جموں وکشمیر، ہماچل پردیش میں تیز ہوائیں چلیں گی۔ تمل ناڈو، آندھرا پردیش، تلنگانہ اور مہاراشٹر میں 25 ستمبر تک ہلکی سے درمیانی بارش کے اشارے ہیں۔ وہیں راجدھانی دہلی کا موسم مانسون کے آخری مرحلے میں داخل ہو چکا ہے۔ آج گرمی کے ساتھ ہلکی بارش کا نظارہ ہو سکتا ہے۔ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35 ڈگری سیلسیس اور کم سے کم 25 ڈگری سیلسیس کے ا?س پاس رہنے کا امکان ہے جس سے دن بھر اومس بھری گرمی محسوس ہوگی۔ آئی ایم ڈی نے پورے اروناچل پردیش میں 23 ستمبر تک بڑے پیمانے پر بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ اس کے تحت کئی ضلعوں میں گرج کے ساتھ درمیانی سے شدید بارش ہو سکتی ہے۔ بہار میں 24 ضلعوں میں بارش کا یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ ان اضلاع میں بارش کے ساتھ بجلی گرنے اور 40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کا بھی امکان ہے۔ راجدھانی پٹنہ میں بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ یوپی کی بات کی جائے تو یہاں مانسون ایک بار پھر سرگرم ہو گیا ہے۔ آج 33 ضلعوں میں بارش کا الرٹ ہے۔ 24 گھنٹے میں بجلی گرنے سے 7 لوگوں کی موت ہو گئی ہے۔ کانپور میں گنگا ندی میں پھر طغیانی ہے۔ 24 گاؤں سیلاب کی زد میں ہیں۔ دوسری طرف کرناٹک کے بنگلورو میں رات بھر ہوئی بارش کی وجہ سے نچلے علاقوں میں آبی جماؤ ہو گیا اور اہم راستوں پر آمد و رفت متاثر رہی۔ محکمہ موسمیات نے بنگلورو کے لیے یلو الرٹ جاری کیا ہے۔ یہاں بھی ہلکی سے درمیانی بارش یا گرج کے ساتھ پھوہاڑیں پڑنے اور کچھ مقامات پر 40-30 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ وہیں ا?ندھرا پردیش اور رائل سیما میں اگلے 24 گھنٹوں میں شدید بارش ہو سکتی۔ شمالی ساحلی آندھرا پردیش اور ینم میں 23 ستمبر کو شدید بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ محکمہ کے مطابق ساحلی ا?ندھرا پردیش، ینم، رائل سیما میں اگلے سات دنوں میں ہلکی سے لے کر درمیانی بارش ہو سکتی ہے۔

## ٹرینوں اور اسٹیشنوں پر پینے کا پانی ایک روپے سستا

نئی دہلی، 20 ستمبر (یواین آئی) ریلوے بورڈ نے ریل نیر اور ٹرینوں اور اسٹیشن کے احاطے میں فروخت ہونے والے بوتل بند پینے کے پانی کے دیگر مجاز برانڈز کی قیمتوں میں ایک روپے کی کمی کی ہدایت دی گئی ہے۔ نظر ثانی شدہ نرخوں کا اطلاق 22 ستمبر سے ہوگا۔ ہفتہ کو ریلوے بورڈ کی طرف سے جاری کردہ کمرشل سرکلر کے مطابق ریل نیر برانڈ کے پینے کے پانی کی ایک لیٹر بوتل کی زیادہ سے زیادہ قیمت 15 سے 14 روپے کر دی گئی ہے اور 500 ملی لیٹر کی بوتل کی قیمت 10 سے 9 روپے سے کم کر دی گئی ہے۔ یہ شرحیں آئی آر سی ٹی سی اور ریلوے ڈپارٹمنٹ کے دیگر مجاز برانڈز کے ذریعے ٹرینوں اور ریلوے احاطے میں فروخت کیے جانے والے بوتل کے پانی پر بھی لاگو ہوں گی۔ یہ سرکلر ریلوے کے تمام جنرل منیجرز اور انڈین ریلوے کیٹرنگ اینڈ ٹورازم کارپوریشن (آئی آر سی ٹی سی) کے چیئرمین اور منیجنگ ڈائریکٹر کو بھیج دیا گیا ہے۔ یہ فیصلہ اشیا اور خدمات ٹیکس کی شرحوں میں کمی کے پیش نظر کیا گیا ہے۔ اس سے ٹرینوں اور اسٹیشنوں پر فروخت ہونے والے پانی کی قیمت تقریباً 7 سے 10 فیصد تک کم ہو جائے گی۔

## پنجاب کے گورنر نے سیلاب متاثرین کے لیے امدادی سامان کے سات ٹرکوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا

جالندھر، 20 ستمبر (یواین آئی) پنجاب کے گورنر گلاب چند کٹاریا نے ہفتہ کے روز جالندھر کے بابا موہن داس آشرم سے سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کے لیے امدادی سامان کے سات ٹرکوں کو ہری جھنڈی دکھائی۔ ان کے ساتھ پنجاب کے محکمہ سیاحت اور ثقافتی امور کے مشیر دیپک بالی، ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر ہمانشو اگروال اور پولیس کمشنر دھن پریت کور بھی موجود تھے۔ اس موقع پر گورنر نے کہا کہ پنجاب حالیہ سیلاب سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والی ریاستوں میں سے ایک ہے لیکن ضرورت مندوں کی مدد کرنے کے پنجابیوں کے بے مثال جذبے سے انسانیت کی خدمت کا نیا معیار قائم ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس آفت کے دوران انہوں نے پنجاب میں جس بے مثال اتحاد اور خدمت کا جذبہ دیکھا اس کی مثال ملک میں کہیں نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا، "انسانیت کا بہت بڑا سمندر سیلاب زدگان کی مدد میں ایک ساتھ کھڑا ہے، اس قدرتی آفت سے نکلنے میں ان کی مدد کر رہا ہے۔ " گورنر نے بابا موہن داس ٹرسٹ کے تعاون کی خاص طور پر تعریف کی جس نے امدادی سامان کے سات ٹرک متاثرہ دیہات میں بھیجے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرسٹ انسانی خدمت کے ساتھ ساتھ تعلیم اور مذہبی شعبوں میں بھی نمایاں خدمات انجام دے رہا ہے۔ قبل ازیں جالندھر ضلع انتظامیہ نے گورنر کا آشرم پہنچنے پر استقبال کیا۔

# 'دیوالی اور دیگر تہواروں پر تحائف دینا بند کریں' وزارت مالیات نے سرکاری محکموں کو دی ہدایت

20 ستمبر: مرکزی حکومت میں وزارت مالیات کے معاشی مشیر ڈاکٹر سمتر پال کے ایک مشورہ نے ملازمین کو حیرت میں ڈال دیا ہے۔ انھوں نے مشورہ دیا ہے کہ سنٹرل پبلک سیکٹر کے اداروں (سی پی ایس یو) میں کام کرنے والے ملازمین کو دیوالی اور دیگر تہواروں میں جو تحائف دیے جاتے ہیں، اس رسم پر روک لگائی جائے۔ معاشی مشیر کی طرف سے 17 ستمبر کو اس سلسلے میں ڈپارٹمنٹ ا?ف پبلک انٹر پرائزیز (ڈی پی ای) کو ہدایت دی ہے۔ ڈاکٹر سمتر پال کا کہنا ہے کہ تحائف دینے سے سرکاری خرچ بڑھتا ہے اور معیشت میں عوامی وسائل کا منصفانہ استعمال ہو، اس کے لیے یہ قدم اٹھانا ضروری ہے۔

معاشی مشیر ڈاکٹر سمتر پال نے ڈی پی ای کے چیف ایگزیکٹیو کو تحریر کردہ خط میں کہا ہے کہ "دیکھنے میں ا?یا ہے مرکزی عوامی سیکٹرس کے اداروں میں دیوالی سمیت دیگر تہواروں پر تحائف دینے کی پریکٹس ہے۔ معیشت میں پبلک ریسورس کا منصفانہ استعمال ہو، اس کے لیے ایسی پریکٹس پر روک لگائی جانی چاہیے۔ یہی سبب ہے کہ اب سبھی سنٹرل پبلک سیکٹرس کے اداروں سے گزارش کی گئی ہے کہ وہ اس پریکٹس کو بند کر دیں۔ کسی بھی تہوار پر تحفوں کی لین دین روک دیں۔ معاشی مشیر نے یہ بھی کہا کہ ان ہدایات پر عمل یقینی بنایا جائے۔

اس معاملے میں ردعمل ا?نا بھی شروع ہو گیا ہے۔ 'نیشنل مشن فار اولڈ پنشن اسکیم بھارت' کے سربراہ ڈاکٹر منجیت سنگھ پٹیل کا کہنا ہے کہ وزارت مالیات کی یہ ہدایت مناسب نہیں معلوم پڑتی۔ سنٹرل پبلک سیکٹرس کے اداروں میں کام کرنے والے ملازمین کو اگر دیوالی یا دیگر تہوار پر تحائف مل جاتے ہیں تو اس میں حرج ہی کیا ہے۔ یہ ایک بہت چھوٹا سا ٹوکن ہوتا ہے، لیکن اس کی قدر بڑی ہوتی ہے۔ ملازم یہ سوچتا ہے کہ اس کے کام کا احترام کیا جا رہا ہے۔ اس چھوٹے سے تحفہ سے وہ ملازم دوگنے جوش کے ساتھ کام کرتا ہے۔ وہ واضح لفظوں میں کہتے ہیں کہ "حکومت نے ایسا حکم جاری کر غلط کیا ہے۔ یہ ملازمین کا حوصلہ توڑنے والا قدم ہے۔" واضح رہے کہ ڈی پی ای، وزارت مالیات کے تحت ایک نوڈل محکمہ ہے، جو سنٹرل پبلک سیکٹر کے اداروں سے متعلق پالیسیوں اور ہدایات کو تیار کرتا ہے، ان کی کارکردگی کی تشخیص کرتا ہے۔ بہرحال، ستمبر 1985 میں مرکزی حکومت کی وزارتوں اور محکموں کی تشکیل نو کے بعد بی پی ای (بیورو ا?ف پبلک انٹر پرائزیز) وزارت صنعت کا ایک حصہ بن گیا۔ مئی 1990 میں اس میں اصلاحات ہوئے، جس سے بی پی ای کو ایک مکمل محکمہ کا درجہ ملا جسے ڈی پی ای کے نام سے جانا گیا۔ ڈی پی ای کا مشن عوامی سیکٹرس کے اداروں کی مقابلہ جاتی اور سماجی اثرات کو بڑھانے کے لیے پالیسیاں تیار کرنا، شفافیت کو فروغ دینا اور ذمہ دار حکومت کو فروغ دینا ہے۔

☆☆☆

## دہلی کے کئی اسکولوں کو ایک بار پھر بم کی دھمکیاں، طلبہ کو نکالا گیا، کوئی مشتبہ نہیں ملا

نئی دہلی، 20 ستمبر (یواین آئی) قومی دارالحکومت ایک بار پھر ہفتہ کی صبح کئی اسکولوں کو بم کی دھمکیوں سے لرز اٹھا۔ یہ دھمکیاں صبح 9:30 بجے کے قریب فون کالز اور پیغامات کے ذریعے موصول ہوئیں، جس سے پولیس کو فوری طور پر مطلع کیا گیا۔ ایک پولیس اہلکار نے بتایا کہ دھمکیاں ملنے والے اسکولوں میں ڈی پی ایس دوارکا، کرشنا ماڈل پبلک اسکول، سرودیا ودیالیہ اور سرودیا کو-ایڈ سینئر سیکنڈری اسکول، قطب مینار (مہرولی) شامل ہیں۔ کچھ رپورٹس سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ نجف گڑھ کے علاقے کے اسکولوں کو دھمکی آمیز کالیں بھی موصول ہوئی ہیں۔ اطلاع ملتے ہی دہلی پولیس، بم اسکواڈ، فائر بریگیڈ اور ڈاگ اسکواڈ جائے وقوعہ پر پہنچے۔ تمام اسکولوں کو فوری طور پر خالی کرالیا گیا اور طلباء اور عملے کو بحفاظت نکال لیا گیا۔ والدین کو بھی الرٹ کر دیا گیا۔ پولیس اور بم اسکواڈ نے پورے کیمپس کی مکمل تلاشی لی لیکن کسی بھی اسکول میں کوئی مشکوک چیز یا دھماکہ خیز مواد نہیں ملا۔ ابتدائی تحقیقات سے پتہ چلتا ہے کہ یہ فرضی کال ہے۔ دہلی پولیس نے کہا کہ وہ اس بات کی تحقیقات کر رہے ہیں کہ دھمکی کال کس نے کی اور یہ کہاں سے آئی۔ سائبر سیل اور اسپیشل سیل کو بھی کال کرنے والوں کو ٹریس کرنے کے لیے الرٹ کر دیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ دہلی کے کئی اسکولوں کو اس سے قبل ای میل اور کال کے ذریعے جعلی بم دھماکہ کرنے کی دھمکیاں مل چکی ہیں۔ اسی طرح کے واقعات کی وجہ سے، دہلی حکومت نے پہلے ہی کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے اسکول انتظامیہ کے لیے ایس او پی (معیاری آپریٹنگ طریقہ کار) جاری کیے ہیں۔

فی الحال تمام اسکولوں کو محفوظ قرار دے دیا گیا ہے، اور پولیس کی تفتیش جاری ہے۔

## راج ناتھ سنگھ کا اگلے ہفتے مراکش کا دوروزہ دورہ

نئی دہلی، 20 ستمبر (یواین آئی) وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ 22 ستمبر کو مراکش کے قومی دفاع کے وزیر عبداللطیف لودیبی کی دعوت پر دوروزہ سرکاری دورے پر مراکش جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس قدم کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ امریکہ انتہائی ہنرمند ٹیلنٹ کو لائے جن کی جگہ امریکی کارکنان نہیں لے سکتے۔ اعلان میں کہا گیا ہے "پروگرام کے منظم غلط استعمال کے ذریعے امریکی کارکنوں کی بڑے پیمانے پر تبدیلی نے ہماری اقتصادی اور قومی سلامتی دونوں کو کمزور کیا ہے۔ "اس حکم کے مطابق، خصوصی پیشوں میں کام کرنے کے لیے ایچ 1-بی ویزا رکھنے والے غیر ملکی شہریوں کے امریکہ میں داخلے پر پابندی رہے گی، سوائے ان درخواست دہندگان کے جن کی درخواستوں میں ان کے آجر کی جانب سے چھ اعداد کی ادائیگی شامل ہے۔ اس داخلے پر پابندی کا اطلاق ان غیر ملکی شہریوں پر ہوگا جو اعلان کی تاریخ، 21 ستمبر کے بعد امریکہ میں داخل ہو رہے ہیں یا داخل ہونے کی کوشش کر رہے ہیں۔ کمپنیاں عام طور پر ایچ 1-بی ویزا کے لیے کئی ہزار ڈالر ادا کرتی ہیں۔

# معمولی تنازع پر نوجوان کا بے دردی سے قتل

نئی دہلی، 20 ستمبر (یواین آئی) باہری شمالی دہلی پولیس نے تیز رفتار اور مربوط کارروائی کے ذریعے صرف چھ گھنٹے میں قتل کے ایک گھناؤنے معاملے کو حل کیا ہے۔ سوروپ نگر میں معمولی جھگڑے پر ایک نوجوان کو چاقو مار کر قتل کر دیا گیا تھا۔ پولیس نے چھ گھنٹے میں تین ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے قتل میں استعمال ہونے والا خون آلود چاقو بھی برآمد کر لیا ہے جبکہ چوتھے مفرور ملزم کی تلاش کے لیے تلاشی مہم جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر آف پولیس ہریشور سوامی نے ہفتہ کو بتایا کہ یہ واقعہ جمعہ کی رات تقریباً 11:40 بجے پیش آیا۔ سوروپ نگر پولیس اسٹیشن کو اطلاع ملی کہ دیویندر (26) نامی شخص کو لور جی ٹی کے روڈ پر چاقو مارا گیا ہے۔ پولیس کی ایک ٹیم فوری طور پر اسپتال پہنچی، جہاں ڈاکٹروں نے دیویندر کو مردہ قرار دے دیا۔ پولیس کی جانچ میں پتہ چلا ہے کہ یہ واقعہ رات ساڑھے آٹھ بجے کے قریب پیش آیا۔ دیویندر کا چار جاننے والوں پون، وکاس، اویناش اور روہت سے جھگڑا ہوا تھا۔ جھگڑا یہاں تک بڑھ گیا کہ پون نے دیویندر کو چاقو مار دیا جس کے نتیجے میں اس کی موت ہو گئی۔ اس واقعہ کے بعد فوری طور پر سوروپ نگر پولیس اسٹیشن میں ایف آئی آر درج کی گئی اور تحقیقات شروع کر دی گئی۔ معاملے کی سنگینی کو دیکھتے ہوئے جوائنٹ کمشنر آف پولیس وجے سنگھ اور ڈپٹی کمشنر آف پولیس ہریشور سوامی کی رہنمائی میں اسٹیشن ہاؤس آفیسر آلوک کمار رنجن کی قیادت میں ایک خصوصی پولیس ٹیم تشکیل دی گئی۔ پولیس ٹیم نے فوری طور پر عینی شاہدین اور رات بھر سی سی ٹی وی فوٹیج اور تکنیکی نگرانی پر انحصار کیا۔ شواہد کی بنیاد پر پولیس نے رات گئے کئی مقامات پر چھاپے مارے۔ ایک منصوبہ بند کارروائی میں پولیس نے تین اہم ملزمان: روہت (23)، اویناش (30) اور پون (26) کو واقعے کے صرف چھ گھنٹے کے اندر گرفتار کر لیا۔

## تاریخ میں آج کا دن

نئی دہلی، 20 ستمبر (یواین آئی) ہندستانی اور عالمی تاریخ میں 21 ستمبر کے چند اہم واقعات اس طرح ہیں:۔

1784۔ امریکہ کا پہلا روزنامہ اخبار (پنسلوانیہ پیکیٹ اینڈ جنرل ایڈورٹائزر) کی اشاعت ہوئی۔

- 1790 پالگھاٹ نے جنرل میڈو کی قیادت میں برطانوی دستے کے سامنے 60 بندوقوں کے ساتھ خود سپردگی کی۔

1815۔ شاہ ولیم اول نے بریسلس میں حلف لیا۔

1857۔ بہادر شاہ ثانی نے انگریزوں کے سامنے خود سپردگی کی۔

1877۔ جان اور نکولس وان ڈر ہیڈن نے آگ بجھانے والے آلے کا پیٹنٹ حاصل کیا۔

1885۔ ہالینڈ کی عوام نے حق رائے دہی کے لئے مظاہرہ کیا۔

1905۔ اٹلانٹا لائف انشورنس کمپنی کا قیام عمل میں آیا۔

1928۔ مائی ویکلی ریڈر میگزین کا آغاز ہوا۔

1933۔ مشہور سماجی کارکن اینی بسنٹ کا انتقال۔

1934۔ جاپان کے ہونشو جزیرے میں اٹھے سمندری طوفان سے 4 ہزار لوگوں کی موت ہوئی۔

- 1938 نیو انگلینڈ میں سمندری طوفان (183 میل فی گھنٹہ کی رفتار) کی وجہ سے 700 افراد ہلاک ہوئے۔

1942۔ بوئنگ بی - 29 سپر فوٹریس نے اپنی پہلی پرواز بھری۔

- 1942 نازیوں نے یوکرین کے شہر ڈوناوٹسی میں 2588 یہودیوں کو قتل کیا۔

1964۔ مالٹا کو برطانیہ سے آزادی ملی۔

1965۔ سوویت یونین کی اوکومی ساروا نے پیراشوٹ سے سب سے اونچی 46250 فٹ سے چھلانگ لگا کر ریکارڈ قائم کیا۔

1966۔ ہندوستانی پیراک مہیر سین نے باسفورس چینل تیر کر پار کیا۔

1972۔ اس وقت کے سوویت یونین نے زیرزمین ایٹمی تجربہ کیا۔

1984۔ برونئی اقوام متحدہ میں شامل ہوا۔

1991۔ آرمینیا نے سوویت یونین سے آزادی حاصل کی۔

1999۔ وسطی تائیوان میں آئے زلزلہ سے 2400 افراد کی موت ہوئی۔

2000۔ ہندستان اور برطانیہ کے درمیاں بہتر تعلقات کے لئے لبرل ڈیموکریٹک فرینڈس انڈیا سوسائٹی کا قیام۔

- 2001 افغانستان میں حکمران طالبان حکومت اور شمالی اتحاد کے درمیان لڑائی شروع ہوئی۔

- 2003 آئینی ترامیم کے نئے مسودے کو بھی پاکستان کی اپوزیشن نے مسترد کر دیا۔

- 2004 امریکہ نے لیبیا پر سے اقتصادی پابندیاں اٹھالیں۔

- 2005 جونیچیرو کوئزومی دوبارہ جاپان کے وزیر اعظم منتخب ہوئے۔

- 2007 تنزانیہ کے سائنسدانوں نے مچھلی کی ایک نایاب نسل دریافت کرنے کا دعویٰ کیا۔

- 2008 ریلائنس کے کرشنا گوداوری بیسن میں تیل کی پیداوار شروع ہوئی۔

- 2009 بی جے پی ہائی کمان نے مہاراشٹر اور ہریانہ اسمبلی کے امیدواروں کی دوسری فہرست جاری کی۔

2013۔ نیروبی کے ویسٹ گیٹ شاپنگ مال میں دہشت گرد تنظیم الشباب کے حملے میں 67 افراد ہلاک ہوئے۔

## روہنی کے بدھ وہار تھانہ علاقے میں گینگسٹر للو اور ساتھیوں کے ساتھ مڈبھیڑ، دو زخمی، ایک گرفتار

نئی دہلی، 20 ستمبر (یواین آئی) قومی دارالحکومت کے روہنی ضلع میں پولیس اور بدنام زمانہ مجرم للو عرف اشرو اور اس کے ساتھیوں کے درمیان صبح سویرے مڈبھیڑ ہوئی۔ مڈبھیڑ میں دو ملزمان گولی لگنے سے زخمی ہو گئے، جب کہ ایک کو موقع سے گرفتار کر لیا گیا۔ دو دیگر اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہو گئے۔ ڈپٹی کمشنر آف پولیس راجیو رنجن نے آج بتایا کہ تھانہ بدھ وہار کی اسپیشل ٹیم گشت پر تھی۔ پولیس کو پیشگی اطلاع ملی تھی کہ گوگی گینگ سے وابستہ للو اپنے ساتھیوں کے ساتھ گورکشک دل سے جڑے ایک اہم شخص کے گھر یا دفتر پر حملہ کرنے والا ہے۔ بتایا گیا کہ یہ وہی شخص ہے جس نے حال ہی میں ایک مہاسبھا بلانے کی اپیل کی تھی۔ دراصل کچھ دن پہلے، للو اور اس کے ساتھیوں نے اپنی گینگ پاور کا مظاہرہ کرنے کے لیے تین لوگوں کو بے دردی سے پیٹا تھا اور ویڈیو انسٹاگرام پر پوسٹ کیا تھا۔ اس واقعہ کے سلسلے میں علی الصبح تقریباً 2:40 بجے سیکٹر 24- میں واقع بانکے بہاری مندر کے قریب پولیس نے سفید رنگ کی ایک مشکوک سوئفٹ کار کو روکنے کی کوشش کی۔ گاڑی میں سوار بدمعاشوں نے رکنے کے بجائے ایک سرکاری گشتی گاڑی کو ٹکر ماردی اور موقع پر اتر کر پولیس ٹیم پر اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی۔ پولیس نے فوری طور پر جوابی کارروائی کرتے ہوئے پوزیشنیں سنبھال لیں اور فائرنگ کی۔ تصادم کے دوران، پولیس نے کل چھ راؤنڈ فائر کیے، جبکہ مجرموں نے چھ سے سات راؤنڈ فائر کیے۔ للو عرف اشرو اور اس کا ساتھی عرفان پیروں میں گولیاں لگنے سے زخمی ہو گئے۔ تیسرے ملزم نتیش کو موقع سے گرفتار کر لیا گیا۔ وہیں دو دیگر ملزم گنڈا نالا، رٹھالہ کی دیوار پھاند کر فرار ہو گئے۔ زخمیوں کو فوری طور پر اسپتال میں داخل کرایا گیا۔ تحقیقات سے پتہ چلا کہ للو عرف اشرو (23) ایک بدنام زمانہ مجرم ہے جو گوگی گینگ سے وابستہ ہے۔ اس کے علاوہ وہ "نصرو گینگ " کا سرغنہ ہے، جس کا نام اس کے بھائی نصرالدین کے نام پر رکھا گیا ہے۔ نصرالدین اس وقت قتل کے دو مقدمات میں جیل میں ہے۔ للو خود بھی قتل کی کوشش اور ڈکیتی سمیت پانچ سنگین جرائم میں ملوث رہا ہے۔

عرفان (21) للو کا قریبی ساتھی ہے۔ وہ وجے وہار پولیس اسٹیشن میں قتل کی کوشش کے دو مقدمات میں مطلوب ہے۔ نتیش (30) پہلے بھی دھوکہ دہی کے معاملات میں ملوث رہا ہے۔ پولیس نے واقعہ کے سلسلے میں تعزیرات ہند اور آرمس ایکٹ کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا ہے۔ مفرور ملزمان کی تلاش جاری ہے اور پولیس اس بات کا بھی پتہ لگا رہی ہے کہ اس واردات کے پیچھے گوگی گینگ اور نصرو گینگ کا کتنا گہرا نیٹ ورک ہے۔

# پولیس کا خصوصی آپریشن: 67 افراد گرفتار، بڑی مقدار میں غیر قانونی اسلحہ اور منشیات برآمد

نئی دہلی، 20 ستمبر (یواین آئی) جنوب مشرقی دہلی پولیس نے ضلع میں منظم جرائم پر قابو پانے کے لیے ایک خصوصی مہم 'آپریشن آگھات ' شروع کی ہے، جس میں پولیس نے 67 افراد کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے بڑی مقدار میں غیر قانونی اسلحہ اور منشیات برآمد کی ہیں۔ یہ وسیع مہم جنوبی رینج کے مشترکہ پولیس کمشنر سنجے جین اور ڈپٹی پولیس کمشنر ہیمنت تیواری کی ہدایت میں چلائی گئی، جس کا مقصد مجرمانہ سرگرمیوں کا جڑ سے خاتمہ اور تحفظ کا احساس قائم کرنا ہے۔ اس مہم کی نگرانی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر آف پولیس ایشوریہ شرما اور ایشان بھردواج نے کی۔ آپریشن کے دوران پولیس ٹیم نے ضلع کے تمام سرگرم مجرموں کے خلاف چھاپہ ماری کی جس کے نتیجے میں پولیس کو ایک بڑی کامیابی ملی۔ اس ایک روزہ کارروائی میں 28 مجرم غیر قانونی ہتھیاروں کے ساتھ پکڑے گئے۔ پولیس نے ان کے پاس سے 14 دیسی پستول، ایک جدید ترین پستول، 24 کارتوس اور 16 چاقو برآمد کیے۔ پولیس نے غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث دیگر افراد کو بھی نہیں بخشا۔ منشیات کی اسمگلنگ کے الزام میں 9 افراد کو گرفتار کیا گیا، جن کے پاس سے 5.985 کلو گرام گانجہ، 51 گرام ہیروئن، 54 گرام ایم ڈی ایم اے اور ایک موٹر سائیکل ضبط کی گئی۔ اسی طرح غیر قانونی شراب کے کاروبار میں ملوث 13 افراد کو گرفتار کر کے 6,338 بوتلیں شراب ضبط کی گئیں۔ اس کے علاوہ سٹہ بازی اور جوا خانوں پر چھاپہ مار کر 13 جواریوں کو گرفتار کیا گیا اور ان کے پاس سے 78,350 روپے کی رقم برآمد کی گئی۔ املاک سے متعلق جرائم میں ملوث 5 مجرموں کو بھی پولیس نے گرفتار کیا، جن کے پاس سے 3 موبائل فون اور 2 موٹر سائیکلیں برآمد ہوئیں۔ پولیس نے روک تھام کی مختلف دفعات کے تحت بالترتیب 92 اور 72 افراد کے خلاف کارروائی کی۔ ساتھ ہی دہلی پولیس ایکٹ کی دفعہ 66 کے تحت 103 گاڑیاں بھی ضبط کی گئیں۔ ساؤتھ ایسٹ ڈسٹرکٹ کے ڈپٹی کمشنر آف پولیس نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ امن و امان قائم رکھنے میں تعاون کریں اور کسی بھی مشتبہ سرگرمی کی اطلاع فوراً پولیس کو دیں تاکہ علاقے کو مزید محفوظ بنایا جا سکے۔

☆☆☆

## مدھیہ پردیش: بولیرو کنوئیں میں گرنے کا اندوہناک حادثہ، 4 سادھوؤں کی موت، 3 شدید زخمی

20 ستمبر: مدھیہ پردیش کے چھندواڑہ ضلع میں جمعہ کی دیر شام بڑا حادثہ ہوا۔ یہاں بیتول بالاجی پورم سے درشن کر کے لوٹ رہے 7 سادھوو?ں کی بولیرو گاڑی کا اچانک ٹائر پھٹ گیا۔ گاڑی بے قابو ہو کر ٹیمنی گاؤں کے پاس سڑک کنارے بنے کچے کنوئیں میں جا گری۔ حادثے میں بولیرو میں سوار 7 سادھوو?ں میں 4 کی موت ہو گئی جبکہ دیگر 3 شدید طور پر زخمی ہو گئے۔ بتایا جاتا ہے کہ ٹائر پھٹنے اور گاڑی کے بے قابو ہوتے ہی تین سادھو مکھو گیری (27)، شیو پوجن گیری (60) اور ڈرائیور راکیش گیری (32) وقت رہتے کود کر اپنی جان بچانے میں کامیاب رہے۔ حالانکہ یہ تینوں سنگین طور سے زخمی ہو گئے اور فی الحال ضلع اسپتال چھندواڑا میں ان کا علاج چل رہا ہے۔ حادثے کے فوراً بعد پولیس، انتظامیہ اور ایس ڈی آر ایف کی ٹیم موقع پر پہنچی اور ریسکیو آپریشن شروع کیا۔ تین لاشوں کو فوراً نکال لیا گیا جبکہ چوتھی لاش کو دیر رات تک باہر لانے کی کوشش جاری رہی۔ تین مہلوکین کی پہچان ملکھان گیری (65)، راکیش گیری (35)، گردھاری اور گلاب گیری (40) کے طور پر ہوئی ہے۔ ڈی ایس پی آر پی چوبے نے بتایا کہ گاڑی کا ٹائر اچانک پھٹا اور گاڑی سیدھے پانی سے بھرے کنوئیں میں جا گری۔ ضلع اسپتال کے ڈاکٹر وکاس سنگھ نے تصدیق کی کہ چار سادھوؤں کی موت ہو چکی ہے اور ان کی لاش مرچری بھیج دی گئی ہے۔ تین زخمی سادھوؤں کی حالت ابھی مستحکم ہے۔

## ترک صدر کی وائٹ ہاؤس میں میزبانی کروں گا: ڈونلڈ ٹرمپ



واشنگٹن، 20 ستمبر (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ وہ جلد ہی ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان کی وائٹ ہاؤس میں میزبانی کریں گے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا میں 25 ستمبر کو ترک صدر اردوان کی وائٹ ہاؤس میں میزبانی کروں گا، ان کے ساتھ ہم کئی تجارتی اور فوجی معاہدوں پر کام کر رہے ہیں۔ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ معاہدوں میں بوئنگ طیاروں کی بڑی سطح پر خریداری بھی شامل ہے، ایف 16 اور ایف 35 پر بھی مذاکرات ہوں گے اور ہم ان معاہدوں کے مثبت انداز میں مکمل ہونے کی توقع رکھتے ہیں۔ صدر ٹرمپ نے کہا امریکہ میں تاریخی سرمایہ کاری آ رہی ہے، یوکرین جنگ سے بھی پیسہ کما رہے ہیں اور امریکہ کا اسلحہ فروخت ہو رہا ہے، کرپٹ پوسٹل ووٹنگ کے باوجود صدارتی الیکشن جیتا اور اب حکومتی اصلاحات سے جرائم میں کمی آ رہی ہے، وہ جرائم کر رہے ہیں ہم ان کے خلاف نبرد آزما ہیں، ہمیں چارلی کرک کے سیاسی قتل کی مذمت کرنی چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ چارلی کرک ٹک ٹاک پر بے حد مشہور تھا، کرک کی خواہش تھی ٹک ٹاک ڈیل فائنل ہو، اب یہ ڈیل تکمیل کے قریب ہے اور مذاکرات مثبت سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں، معاہدے پر دستخط رسمی کارروائی ہوگی۔ امریکی صدر نے کہا چین سے روس یوکرین جنگ اور غزہ پر بات چیت جاری ہے، روس کی جانب سے ایسٹونیا کی فضائی حدود کی خلاف ورزی قابل تشویش ہے، روس اور یوکرین جنگ رکوانے پر بھی چینی صدر سے گفتگو ہوئی، چینی صدر بھی چاہتے ہیں کہ یہ جنگ ختم ہو۔ ٹرمپ نے کہا بگرام ایئربیس کو کسی صورت نہیں چھوڑنا چاہیے تھا، بگرام ایئربیس کی واپسی کے لیے افغانستان سے بات کر رہے ہیں، افغانستان سے امریکی فوج کے انخلا کا طریقہ کار شرمندگی تھا، جو بائیڈن نے کئی افراد کو غیر قانونی طور پر معافی دی، بائیڈن نے 350 ارب ڈالر بھی یوکرین جنگ میں جھونک دیے، اب یوکرین جنگ سے پیسہ کما رہے ہیں ہمارا دفاعی سامان خریدا جا رہا ہے۔

## روس کی یوکرین پر میزائلز اور ڈرونز کی بارش



ماسکو، 20 ستمبر (یو این آئی) روس نے گزشتہ ہفتوں کے دوران سب سے بڑے حملے میں یوکرین پر میزائلز اور ڈرونز کی بارش کر دی۔ خبر رساں ایجنسی اے ایف پی کے مطابق روس نے یوکرین پر 40 میزائل اور تقریباً 580 ڈرونز کے ساتھ بڑا حملہ کیا جس کے نتیجے میں ہلاکتیں بھی ہوئیں۔ یوکرینی صدر ولادیمیر زیلنسکی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر جاری اپنے پیغام میں تصدیق کی کہ روسی حملوں میں تین افراد ہلاک اور درجنوں زخمی ہوئے ہیں۔ امریکہ کی بھرپور کوششوں کے باوجود روس یوکرین پر میزائلوں اور ڈرونز سے حملے کر رہا ہے جبکہ یوکرین نے روس پر امن کی کوششوں کو جان بوجھ کر روکنے کا الزام عائد کر رکھا ہے۔ یوکرینی صدر زیلنسکی نے بتایا کہ رات گئے حملوں میں ایک کلسٹر ایمونیشن والا میزائل براہ راست مشرقی شہر ڈنیپرو میں ایک عمارت پر لگا، رات بھر یوکرین پر روسی حملے جاری رہے، دشمن نے 40 میزائل (کروز اور بیلسٹک) اور مختلف اقسام کے تقریباً 580 ڈرونز داغے۔ زیلنسکی نے بتایا کہ اب تک ہمیں گولہ باری سے درجنوں افراد کے زخمی ہونے اور بدقسمتی سے تین افراد کے ہلاک ہونے کی اطلاع ملی ہے۔ دنیپروپیٹروسک علاقے کے فوجی انتظامیہ کے سربراہ سرگئی لیسک نے بتایا کہ روسی حملوں میں ایک شخص ہلاک اور 26 زخمی ہوئے جن میں سے ایک شخص کی حالت تشویشناک ہے۔ شمالی یوکرین کے چرنیہیو علاقے کے انتظامیہ کے ویچیسلاف چاؤس نے کہا کہ ایک 62 سالہ شخص ڈرون حملے میں ہلاک ہوا۔ خمیلنیتسکی علاقے میں تقریباً 20 رہائشی عمارتوں کو نقصان پہنچا۔ مقامی حکام کے سرگئی ٹیورن نے کہا کہ ایک گھر میں آگ بجھانے کے دوران ایک لاش ملی۔ دوسری جانب، روسی حکام کا کہنا ہے کہ فورسز نے وولگوگراڈ اور روستوف علاقوں میں یوکرین کے بڑے پیمانے پر حملوں کو پسپا کیا جبکہ قریبی ساراتوف علاقے میں ایک شخص زخمی ہوا۔ ہفتے کو روسی وزارت دفاع نے بتایا کہ اس کے فضائی دفاعی الرٹ سسٹمز نے رات کے وقت 149 یوکرینی ڈرونز کو روکا اور تباہ کیا۔

## دنیا اسرائیل سے خوف زدہ نہ ہو: انتونیو گوتریس



نیویارک، 20 ستمبر (یو این آئی) اقوامِ متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے جمعہ کے روز ایک انٹرویو میں کہا کہ دنیا کو اسرائیل اور اس کی جانب سے مقبوضہ مغربی کنارے کے بتدریج انضمام سے "مرعوب" نہیں ہونا چاہیے۔ اے ایف پی کے مطابق اسرائیل نے دھمکی دی ہے کہ اگر مغربی ممالک اقوام متحدہ میں فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کے منصوبے کو آگے بڑھاتے ہیں تو وہ مغربی کنارے کو اسرائیل میں ضم کر لے گا۔ تاہم انتونیو گوتریس نے کہا "ہمیں جوابی کارروائی کے خطرے سے ڈرنا نہیں چاہیے، ہم جو کچھ کر رہے ہیں وہ چاہے کریں یا نہ کریں، اسرائیل کی جانب سے کارروائیاں ویسے ہی جاری رہیں گی، کم از کم ہمیں بین الاقوامی برادری کو متحرک کرنے کا موقع تو ملے گا تاکہ ان اقدامات کو روکا جا سکے۔ "یہ گفتگو اقوامِ متحدہ کے سالانہ اعلیٰ سطحی اجلاس سے قبل ہوئی ہے، جس میں فرانس کے مطابق 10 ممالک فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کا اعلان کریں گے، جب کہ اسرائیل نے اس کی سخت مخالفت کی ہے۔ دنیا بھر کے 140 سے زائد سربراہانِ مملکت کے اس اجتماع کے دوران غالب امکان ہے کہ فلسطینیوں کے مستقبل اور غزہ کی جنگ پر بحث چھائی رہے گی۔ غزہ کی صورت حال پر بات کرتے ہوئے گوتریس نے کہا ہم غزہ میں جو کچھ دیکھ رہے ہیں وہ انتہائی ہولناک ہے۔ انھوں نے کہا یہ اموات اور تباہی کی ایک ایسی بدترین صورت ہے جو میں نے نہ اپنی پوری زندگی نہیں دیکھی۔ انھوں نے کہا قحط، مؤثر طبی سہولیات کی مکمل عدم دستیابی، اور لاکھوں افراد کا مناسب پناہ گاہوں کے بغیر ایک ہی جگہ پر غیر منظم حالت میں زندگی گزارنا، فلسطینی عوام کی ایسی تکالیف ہیں جنھیں الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا۔

## ٹک ٹاک کا کنٹرول اب امریکی سرمایہ کاروں کے پاس ہوگا: ٹرمپ

واشنگٹن، 20 ستمبر (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا ہے کہ شی جن پنگ سے ٹِک ٹاک معاہدے کی منظوری پر اتفاق ہوگیا ہے۔ دی گارڈین کے مطابق اوول آفس میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ٹِک ٹاک ڈیل تکمیل کے قریب ہے، اب ٹِک ٹاک کا کنٹرول امریکی سرمایہ کاروں کے پاس ہوگا۔ امریکی صدر نے کہا کہ ٹِک ٹاک ڈیل منظور کرنے پر چینی صدر کا شکریہ ادا کرتا ہوں، چینی صدر سے کئی موضوعات پر اچھی گفتگو ہوئی، چین سے روس یوکرین جنگ اور غزہ پر بات چیت جاری ہے۔ لیکن ٹرمپ نے اس معاہدے کے بارے میں یا اس پر دستخط کب ہوں گے کے بارے میں کوئی تفصیلات پیش نہیں کیں۔ امریکہ اور چینی رہنماؤں نے گزشتہ روز ایک فون کال کے ذریعے رابطہ کیا تھا، جو جون کے بعد دونوں کے درمیان پہلا براہ راست رابطہ تھا، چین اور امریکہ کے درمیان تجارت مذاکرات اور ٹک ٹاک کے مستقبل کے حوالے سے کشیدگی جاری ہے۔ ٹرمپ نے اس ہفتے کے شروع میں کہا تھا کہ واشنگٹن اور بیجنگ نے ٹک ٹاک کے حوالے سے ایک معاہدے پر اتفاق کیا ہے، جس کے تحت ٹک ٹاک کو امریکی کنٹرول میں منتقل کیا جائے گا، لیکن اس فریم ورک کی تفصیلات محدود ہیں اور رپورٹس کے مطابق کچھ عناصر پر ابھی بات چیت ہونی باقی ہے۔ رپورٹ کے مطابق امریکی سافٹ ویئر کمپنی اوراکل سمیت سرمایہ کار ٹک ٹاک کے امریکی آپریشنز میں بڑا حصہ لینے کے لیے مذاکرات کر رہے ہیں، جس سے چین کی ملکیت کا حصہ کم ہوگا تاکہ گزشتہ سال کانگریس کے منظور کردہ قانون کی تعمیل کی جا سکے۔

## چین اور روس نے قانون سازی میں تعاون کو مضبوط بنانے کا کیا عہد



ماسکو، 20 ستمبر (یو این آئی) چین اور روس نے منگل سے ہفتہ تک چینی وفد کے دورہ روس کے دوران اپنے قانون ساز اداروں کے درمیان تعاون کو مضبوط بنانے کا عہد کیا۔ دورے کے دوران وفد کی قیادت کر رہے چین کی قومی عوامی کانگریس کی قائمہ کمیٹی کے وائس چیئرمین پینگ چنگھوا نے روس کے ریاستی ڈیوما کے چیئرمین ویاچیسلاو وولودن، جمہوریہ تاتارستان کے سربراہ رستم منیخانوف اور تاتارستان کی ریاستی کونسل کے چیئرمین فرید مخمیتشین سے ملاقات کی۔ مسٹر پینگ نے روسی ریاست ڈوما کے ڈپٹی چیئرمین الیگزینڈر باباکوف کے ساتھ پارلیمانی تعاون پر چین-روس کمیٹی کے مشترکہ ورکنگ گروپ کے چوتھے اجلاس کی بھی شریک صدارت کی۔ مسٹر پینگ نے کہا کہ دونوں سربراہان مملکت کی اسٹریٹجک رہنمائی میں چین اور روس کے تعلقات تاریخ کی اپنی بہترین سطح پر ہیں۔ مسٹر پینگ نے مزید کہا کہ چین، دونوں سربراہان مملکت کی طرف سے طے پانے والے اتفاق رائے کو بنیادی رہنما اصول کے طور پر لیتے ہوئے، مشترکہ ورکنگ گروپ کے رول کو مزید فائدہ پہنچانے، قانون ساز اداروں کے درمیان تعاون کو مسلسل بڑھانے اور چین روس تعلقات کی اعلیٰ معیار کی ترقی میں تعاون دینے کے لیے روس کے ساتھ کام کرنے کے لیے تیار ہے۔ روسی فریق نے چین کے ساتھ اسٹریٹجک تعاون کو مزید گہرا کرنے، تمام سطحوں پر پارلیمانوں کے درمیان تبادلوں اور تعاون کو مسلسل مضبوط بنانے اور روس-چین تعلقات کے مفہوم کو مسلسل تقویت دینے پر آمادگی ظاہر کی۔

☆

## واشنگٹن میں شامی سفارت خانے میں شامی پرچم بلند



واشنگٹن، 20 ستمبر (یو این آئی) شامی وزیر خارجہ اسعد الشیبانی نے واشنگٹن ڈی سی میں شامی سفارت خانے پر ایک دہائی سے زائد عرصے کے بعد پہلی بار شامی پرچم کو سربلند کیا۔ جسے شامی-امریکیوں اور الشیبانی نے ایک 'تاریخی' لمحہ قرار دیا۔ یہ واقعہ بشار الاسد حکومت کے خاتمے کے نو ماہ بعد پیش آیا۔ الشیبانی نے تقریب کے بعد انادولو ایجنسی سے بات کرتے ہوئے کہا، "یقیناً یہ ایک تاریخی لمحہ ہے،" اور مزید کہا کہ یہ شامی عوام کی 14 سالہ خانہ جنگی کے دوران جدوجہد کی علامت ہے۔ یہ پرچم کشائی اس وقت ہوئی جب صدر احمد الشراع کی اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے لیے نیویارک کے دورے کی تیاری ہو رہی ہے۔ یہ کسی شامی صدر کا 58 سالوں میں امریکہ کا پہلا دورہ ہوگا۔ تقریب میں موجود بہت سے لوگوں کے لیے یہ دن وسیع علامتی معنی رکھتا تھا۔ 55 سالہ رغد بشناق، جن کا تعلق دمشق سے ہے، نے کہا کہ یہ 'ناقابل یقین' تھا۔ انہوں نے یاد دہانی کرائی کہ اسد کے دور میں، امریکہ میں مقیم شامی نگرانی کے خوف میں مبتلا رہتے تھے۔ انہوں نے کہا، "اب ہم یہاں ہیں، خوش ہیں۔ یہ ایک تاریخی لمحہ ہے۔ آپ شام میں آزادی کی مہک محسوس کر سکتے ہیں۔ " بشناق نے ترکیہ اور "تمام ان ممالک کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے ہماری مدد کی اور ہمارا ساتھ دیا۔ " امیر السمان، جو ایک شامی-امریکی اور پوڈکاسٹ سیریا اسپیک کے بانی ہیں، نے کہا کہ یہ دن "امریکہ-شام تعلقات میں ایک نئے باب کے حقیقی آغاز " کی علامت ہے۔ انہوں نے مزید کہا، "امید ہے کہ دمشق اور واشنگٹن بہتر تعلقات پر کام کریں گے۔ اور مجھے لگتا ہے کہ یہ اس بات کی علامت ہے کہ معاملات صحیح سمت میں جا رہے ہیں۔ " السمان نے یہ امید بھی ظاہر کی کہ باقی امریکی پابندیاں ختم ہو جائیں گی۔ انہوں نے کہا، "مجھے لگتا ہے کہ بہت سے لوگ شام کی پابندیاں ختم کرنا چاہتے ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ شام کی پابندیاں ختم ہوں۔ مجھے لگتا ہے کہ کانگریس کے بہت سے اراکین بھی ایسا چاہتے ہیں۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھی اس بارے میں بات کی ہے۔ میں پرامید ہوں۔ "اپنے دورے کے دوران، الشیبانی نے قانون سازوں اور اعلیٰ حکام سے ملاقات کی، جن میں امریکی نائب وزیر خارجہ کرسٹوفر لینڈاؤ اور نمائندہ خصوصی برائے شام ٹام باراک شامل تھے۔ یہ بات چیت شام کے مستقبل، اسرائیل-شام تعلقات، اور دمشق اور وائی پی جی کی قیادت والے دہشت گرد گروپ شامی ڈیموکریٹک فورسز (ایس ڈی ایف) کے درمیان 10 مارچ کے معاہدے پر مرکوز رہی۔ اس معاہدے کا اعلان اس سال کے اوائل میں کیا گیا تھا، جس میں ایس ڈی ایف کو ریاستی اداروں میں ضم کرنے کے منصوبے کا خاکہ پیش کیا گیا تھا، شام کی علاقائی سالمیت پر زور دیا گیا تھا اور علیحدگی پسندی کو مسترد کیا گیا تھا۔

☆

## پابندیاں بحال ہوئیں تو جوہری معائنوں کی بحالی کا معاہدہ معطل کر دیں گے: ایران کا انتباہ

تہران، 20 ستمبر (یو این آئی) ایران نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی جانب سے پابندیاں نہ ہٹانے کے فیصلے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے غیر قانونی قرار دیا۔ ایرانی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ سلامتی کونسل کا فیصلہ غیر منصفانہ ہے اور ایران اپنے قومی مفادات کے تحفظ کے لیے تمام ضروری اقدامات کرے گا۔ ایران کے نائب وزیر خارجہ نے خبردار کیا ہے کہ اگر اقوام متحدہ کی جانب سے 28 ستمبر کو ایران پر پابندیاں بحال کی گئیں تو قاہرہ میں عالمی جوہری نگراں ادارے (آئی اے ای اے) کے ساتھ ہونے والا حالیہ معاہدہ معطل کر دیا جائے گا۔ ایرانی سرکاری ٹی وی کو دیے گئے انٹرویو میں نائب وزیر خارجہ نے کہا کہ اگر سفارتی سطح پر کوئی پیش رفت نہ ہوئی تو 27 ستمبر تک یہ پابندیاں خودکار طریقے سے بحال ہو جائیں گی اور اس صورت میں آئی اے ای اے سے معاہدہ معطل سمجھا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر خارجہ عباس عراقچی بھی اس حوالے سے واضح کر چکے ہیں کہ ایران پر پابندیوں سے متعلق کسی بھی اقدام کی صورت میں آئی اے ای اے کے ساتھ معاہدہ ختم ہو جائے گا۔ یاد رہے کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے ایران پر 2015 کے جوہری معاہدے کے تحت پابندیوں میں نرمی جاری رکھنے کی تجویز مسترد کر دی ہے۔ رپورٹس کے مطابق اقوام متحدہ کی جانب سے ایران پر عائد پابندیاں ختم نہ کرنے کے فیصلے کا مطلب یہ ہے کہ ایران پر پہلے سے موجود تمام پابندیاں، اسنیپ بیک میکانزم کے تحت 28 ستمبر کو 30 روزہ مدت کے اختتام پر خودکار طور پر دوبارہ نافذ ہو جائیں گی۔ رواں ماہ 10 ستمبر کو ایران اور اقوام متحدہ کے جوہری نگراں ادارے (آئی اے ای اے) کے درمیان تعاون بحالی کا معاہدہ ہوا تھا۔ مصر میں ہونے والے اس معاہدے پر ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی اور عالمی جوہری نگراں ادارے کے ڈائریکٹر نے دستخط کیے تھے۔

## امریکی صدر کا "بگرام ایئربیس" دوبارہ حاصل کرنے کا منصوبہ، چین کا سخت ردِ عمل



بیجنگ، 20 ستمبر (یو این آئی) چین نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے افغانستان میں بگرام ایئربیس پر دوبارہ کنٹرول حاصل کرنے کے منصوبے پر سخت ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ خطے میں کشیدگی کو ہوا دینا اور محاذ آرائی پیدا کرنا عوامی امنگوں کے منافی ہے۔ ترک خبر رساں ایجنسی 'انادلو' نے چین کے سرکاری اخبار گلوبل ٹائمز کے حوالے سے رپورٹ کیا کہ ترجمان وزارتِ خارجہ لن جیان نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بیان پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ افغانستان کا مستقبل افغان عوام کو ہی طے کرنا چاہیے، چین افغانستان کی آزادی، خودمختاری اور علاقائی سالمیت کا احترام کرتا ہے۔ لن جیان نے کہا کہ کشیدگی کو ہوا دینا اور خطے میں محاذ آرائی پیدا کرنا عوامی خواہشات کے برعکس ہے، چین اُمید کرتا ہے کہ تمام فریقین خطے میں امن واستحکام کے فروغ میں تعمیری کردار ادا کریں گے۔ 18 ستمبر کو امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا تھا کہ ان کی انتظامیہ طالبان سے بگرام ایئربیس واپس لینے کی کوشش کر رہی ہے، حالانکہ اب تک ان خفیہ مذاکرات کے بارے میں زیادہ تفصیلات سامنے نہیں آ سکیں۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا تھا کہ اس اقدام کی ایک وجہ یہ ہے کہ بگرام بیس کے قریب ہی ایک مقام سے چین جوہری ہتھیار تیار کرتا ہے۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کیا کہ سابق صدر جو بائیڈن کے دور میں امریکی انخلا کے دوران امریکا نے بگرام پر اپنا کنٹرول برقرار نہیں رکھا۔ اگرچہ عبوری افغان حکومت نے ٹرمپ کے دعوؤں پر باضابطہ ردعمل نہیں دیا، لیکن طالبان کے ایک عہدیدار ذاکر جلالی نے کہا کہ افغان عوام نے کبھی بھی ملکی تاریخ میں فوجی موجودگی کو قبول نہیں کیا اور بگرام ایئربیس کی واپسی کو دوحہ مذاکرات کے دوران مسترد کر دیا گیا تھا۔ انہوں نے سماجی رابطے کی سائٹ 'ایکس' پر لکھا کہ افغان عوام نے تاریخ میں کبھی بھی فوجی موجودگی کو قبول نہیں کیا اور اس امکان کو دوحہ مذاکرات اور معاہدے کے دوران مکمل طور پر مسترد کر دیا گیا تھا۔ ذاکر جلالی نے مزید کہا کہ واشنگٹن کو افغانستان کے ساتھ تعلقات قائم کرنے چاہیں اور دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی و سیاسی تعلقات باہمی احترام اور مشترکہ مفادات پر مبنی ہیں، خواہ امریکہ کی افغانستان کے کسی حصے میں فوجی موجودگی ہو یا نہ ہو۔

☆

## کم جونگ ان کا آرٹیفشل انٹیلی جنس فوجی ڈرونز کی تیاری کا حکم



پیانگ یانگ، 20 ستمبر (یو این آئی) شمالی کوریا کے صدر کم جونگ ان نے آرٹیفشل انٹیلی جنس فوجی ڈرونز کی تیاری کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق شمالی کوریا کے صدر کم جونگ ان نے آرٹیفشل انٹیلی جنس (اے آئی) فوجی ڈرونز کی تیاری کو اعلیٰ ترجیح قرار دیتے ہوئے اس منصوبے پر فوری کام شروع کرنے کا حکم دیا ہے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی نے بتایا کہ کم جونگ ان نے پیانگ یانگ میں قائم ڈرون ٹیکنالوجی کمپلیکس کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے کثیر المقاصد ڈرونز اور بغیر پائلٹ نگرانی کرنے والی گاڑیوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ یہ دورہ ایسے وقت میں کیا گیا جب رواں ہفتے شمالی کوریا نے سولڈ فیول راکٹ انجن کا کامیاب تجربہ کیا، جو بین الاقوامی بیلسٹک میزائل کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ شمالی کوریا کے صدر نے اس موقع پر کہا کہ بیلسٹک میزائل دراصل شمالی کوریا کی جوہری صلاحیتوں کی توسیع ہے، جو ملکی دفاع کو مزید مضبوط کرے گی۔ خبر ایجنسی کے مطابق شمالی کوریا کے فوجی اثاثوں میں پہلے ہی جوہری ہتھیاروں سے لیس بیلسٹک میزائل شامل ہیں، ملک کے پاس تقریباً 10 لاکھ فعال فوجی اہلکار موجود ہیں جبکہ 70 لاکھ کی ریزرو فورس بھی دستیاب ہے۔

## عراق میں پہلے صنعتی پیمانے پر سولر پلانٹ کا افتتاح

بغداد، 20 ستمبر (یو این آئی) بغداد کے جنوب مغرب میں واقع کربلا صوبے کے وسیع صحرا میں ملک کے پہلے صنعتی پیمانے کے شمسی پلانٹ کا افتتاح کر رہا ہے۔ یہ منصوبہ حکومت کی جانب سے قابل تجدید توانائی کی پیداوار کو بڑھانے کی نئی کوششوں کا حصہ ہے، حالانکہ عراق تیل اور گیس کی دولت سے مالا مال ہے لیکن بجلی کے بحرانوں کا اکثر شکار رہتا ہے۔ کربلا میں نئے شمسی پلانٹ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر صفاء حسین نے کہا، "یہ عراق میں اپنی نوعیت کا پہلا منصوبہ ہے جس کی یہ صلاحیت ہے، " کہ اس کے پینلز سیاہ ہیں۔ اوپر سے یہ منصوبہ ایک سیاہ پوش شہر کی طرح دکھائی دیتا ہے جو ریت سے گھرا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پلانٹ کا مقصد "قومی نیٹ ورک کو بجلی فراہم کرنا، ایندھن کی کھپت کو خاص طور پر دن کے وقت کے عروج کے دوران کم کرنا، اور گیس کے اخراج کے منفی ماحولیاتی اثرات کو کم کرنا ہے۔ " کربلا میں نیا شمسی پلانٹ اپنی مکمل صلاحیت پر 300 میگاواٹ بجلی پیدا کرنے کے قابل ہوگا، ناصر کریم السعدانی، جو وزیر اعظم کے دفتر میں شمسی توانائی کے منصوبوں کی قومی ٹیم کے سربراہ ہیں، نے کہا انہوں نے مزید کہا کہ بابل صوبے میں زیر تعمیر ایک اور منصوبہ 225 میگاواٹ کی استعداد کا مالک ہے، اور جلد ہی جنوبی صوبے بصرہ میں 1,000 میگاواٹ کے منصوبے پر کام شروع ہوگا۔ یہ منصوبے بڑے پیمانے پر شمسی توانائی کے منصوبوں کو نافذ کرنے کے ایک پرجوش منصوبے کا حصہ ہیں تاکہ ملک کی دائمی بجلی کی قلت کو کم کیا جا سکے۔ نائب وزیر توانائی عادل کریم نے کہا کہ عراق کے پاس شمسی منصوبے ہیں جن کی مجموعی صلاحیت 12,500 میگاواٹ ہے، جن میں سے بعض پر کام ہو رہا ہے بعض منظوری کے عمل میں ہیں، یا مذاکرات کے تحت ہیں۔ اگر یہ منصوبے مکمل طور پر نافذ ہو جائیں تو یہ شمالی نیم خودمختار کرد علاقے کو چھوڑ کر عراق کی کل بجلی کی مانگ کے 15 تا 20 فیصد کو پورا کریں گے۔ کریم نے کہا، "تمام کمپنیاں جن کے ساتھ ہم نے معاہدہ کیا ہے یا جن کے ساتھ ہم ابھی بھی مذاکرات کر رہے ہیں، ہمیں بہت پرکشش قیمتوں پر بجلی فروخت کریں گی، اور ہم بدلے میں اسے صارفین کو فروخت کریں گے، " تاہم انہوں نے خریداری کی شرحوں کا انکشاف کرنے سے انکار کر دیا۔ تیل اور گیس کی دولت کے باوجود، عراق جنگ، بدعنوانی اور بدانتظامی کی وجہ سے دہائیوں سے بجلی کی قلت کا شکار رہا ہے۔ بجلی کی بندش عام ہے، خاص طور پر شدید گرمیوں کے مہینوں میں۔ بہت سے عراقیوں کو ڈیزل جنریٹرز پر انحصار کرنا پڑتا ہے یا 50 ڈگری سیلسیس (122 ڈگری فارن ہائیٹ) سے زیادہ درجہ حرارت میں بغیر ایئر کنڈیشننگ کے گزارا کرنا پڑتا ہے۔ کریم نے کہا کہ فی الحال عراق 27,000 سے 28,000 میگاواٹ بجلی پیدا کرتا ہے، جبکہ ملک بھر میں کھپت 50,000 سے 55,000 میگاواٹ کے درمیان ہے۔ ایرانی گیس سے چلنے والے بجلی کے پلانٹس موجودہ سپلائی میں تقریباً 8,000 میگاواٹ کا حصہ ڈالتے ہیں۔ عراق کی ایرانی گیس پر بھاری انحصار، نیز اپنی بجلی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ایران سے براہ راست درآمد کی جانے والی بجلی، ایک ایسا انتظام ہے جو امریکی پابندیوں کی زد میں آنے کا خطرہ رکھتا ہے۔ اس سال کے شروع میں، واشنگٹن نے ایران سے براہ راست بجلی کی خریداری کے لیے پابندیوں کی چھوٹ ختم کر دی، لیکن گیس کی درآمدات کے لیے چھوٹ برقرار رکھی۔

## سلامتی کونسل میں ایران پر پابندیاں مستقل طور پر ختم کرنے کی قرارداد مسترد

نیویارک، 20 ستمبر (یو این آئی) سلامتی کونسل میں ایران پر پابندیاں مستقل طور پر ختم کرنے کی قرارداد مسترد کر دی گئی ہے، صرف 4 ممالک نے ایران کے حق میں ووٹ دیا۔ پابندیاں ختم کرنے کے لیے ایران کے حق میں ووٹ دینے والے چار ممالک میں روس، چین، پاکستان اور الجزائر شامل تھے، جب کہ 9 اراکین نے قرارداد کی مخالفت کی، جس کی وجہ سے قرارداد ناکام ہوگئی۔ سلامتی کونسل کے فیصلے کے بعد ایران پر اقتصادی پابندیاں بدستور برقرار رہیں گی، یہ ووٹنگ برطانیہ، فرانس اور جرمنی کی طرف سے 28 اگست کو شروع کیے گئے 30 روزہ عمل کے تحت ہوئی، جس کا مقصد ایران پر دوبارہ اقوام متحدہ کی پابندیاں عائد کرنا تھا۔ ایران کے اقوام متحدہ میں سفیر امیر سعید ایروانی نے ووٹنگ کے بعد کہا کہ یہ فیصلہ سفارتکاری کو کمزور کرتا ہے اور جوہری ہتھیاروں کی روک تھام کے حوالے سے خطرناک نتائج کا باعث بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا سفارتکاری کے دروازے بند نہیں ہوئے اور ایران خود فیصلہ کرے گا کہ کس سے اور کس بنیاد پر بات چیت کرے گا۔ یاد رہے کہ امریکہ نے ایران کے خلاف نئی پابندیوں کا اعلان کرتے ہوئے کئی ایرانی شخصیات اور کمپنیوں پر پابندی لگائی ہے، ان اداروں اور شخصیات پر غیر قانونی مالیاتی لین دین کا الزام عائد کیا گیا ہے۔

# آسنسول کے شرامک بھون میں سب ریجنل ایمپلائمنٹ ایکسچینج کا جاب فیئر کا وزیر مولئے گھٹک کے ہاتھوں افتتاح



آسنسول: 20 ستمبر، (عوامی نیوز سروس ): وزیر قانون و وزیر محنت مولئے گھٹک کی قیادت میں آج آسنسول کے شرامک بھون میں سب ریجنل ایمپلائمنٹ ایکسچینج کی جانب سے جاب فیئر پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس میں مقامی ایمپلائمنٹ ایکسچینج میں رجسٹرڈ بے روزگار نوجوانوں کو ان کی قابلیت کی بنیاد پر کمپنیوں کے ذریعے براہ راست تقرری دی گئی یہاں 11 کمپنیاں آئی تھیں جنہوں نے ان نوجوانوں کا انٹرویو کیا اور انہیں ان کی اہلیت کی بنیاد پر اور کمپنی میں ضرورت کے مطابق تقرری دی۔ اس موقع پر وزیر قانون و وزیر محنت مولئے گھٹک، ضلع مجسٹریٹ ایس پونم بلم، ڈپٹی میئر ابھیجیت گھٹک، چیئرمین امرناتھ چٹرجی کے علاوہ موجودہ انتظامی افسران اور معززین موجود تھے اس موقع پر وزیر موصوف نے کہا کہ ممتا بنرجی ہمیشہ نوجوانوں کے روزگار کے بارے میں سوچتی ہیں یہی وجہ ہے کہ ایمپلائمنٹ ایکسچینج میں 100 بے روزگار نوجوانوں کے نام رجسٹرڈ ہیں، آج 11 کمپنیوں کے انٹرویو کے بعد انہیں میرٹ کی بنیاد پر تقرری دی جارہی ہے۔

# بونس کا مطالبہ کرتے ہوئے سیل کے تحت رام نگر کولیری پر سی آئی ٹی یو کا احتجاج

آسنسول: 20 ستمبر، (عوامی نیوز سروس ): کوئلہ مزدوروں کے لیے سالانہ پوجا بونس کا مطالبہ کرتے ہوئے سی آئی ٹی یو ورکرس تنظیم کی طرف سے سیل کے تحت رام نگر کولیری میں ایک احتجاجی مظاہرہ کیا گیا سی آئی ٹی یو ٹریڈ یونین کے سینئر لیڈر سوجیت بھٹاچاریہ نے کہا کہ قومی سطح پر نیشنل اسٹیل انڈسٹری سیل کے پاس کم سے کم 40,500 روپے کے بونس کا مطالبہ کیا اور سیل کولیری میں کام کرنے والے کنٹریکٹ ورکرز کے لیے منصفانہ بونس کا مطالبہ کیا۔ اس دوران مزدور رہنما سوجیت بھٹاچاریہ نے کہا کہ سیل کے تحت جھارکھنڈ میں چاسنالہ اور بنگال میں رام نگر کولیری سمیت ملک کے مختلف کولیریوں میں کوئلے کی پیداوار میں کمی آ رہی ہے۔ مزدوروں نے اہم حصہ ڈالا ہے اس کے علاوہ کنٹریکٹ ورکرز نے رام نگر کولیری میں کوئلے کی پیداوار میں اہم کردار ادا کیا ہے سیل میں پیداوار بڑھانے میں کارکنوں کے تعاون کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں کم از کم 40,500 روپے بونس کے طور پر دینے ہوں گیانہوں نے مطالبہ کیا کہ اسٹیل انڈسٹری میں اجرت کے معاہدے کے اصولوں کو رام نگر کولیری میں لاگو کیا جائے۔ اگر کارکنوں کو کم سے کم بونس نہیں دیا جاتا ہے، تو رام نگر کولیری سمیت سیل کی مختلف کولیریوں میں پیداوار روک دی جائے گی۔ اس موقع پر سی آئی ٹی یو مزدور تنظیم سے وابستہ رام نگر کولیری کے سینکڑوں کنٹراکٹ مزدوروں نے شرکت کی۔

# درگا پوجا سے پہلے ضروری بنیادی چیزوں جیسے بجلی، پانی اور سڑکوں کی مرمت پر زور

آسنسول: 20 ستمبر، (عوامی نیوز سروس ): آسنسول میونسپل کارپوریشن کے انتظامی ہیڈ کوارٹر میں بورڈ کی ماہانہ میٹنگ ہوئی میٹنگ کے دوران درگا پوجا سے متعلق کئی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اس بات کو یقینی بنانے کے انتظامات پر تبادلہ خیال کیا گیا کہ درگا پوجا کے دوران میونسپل ایریا میں عقیدت مندوں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے میئر بیدھان اپادھیائے، چیئرمین امرناتھ چٹرجی، ایم ایم آئی سی، بورو کے چیئرمین، اور مختلف وارڈوں کے کونسلر موجود تھے میٹنگ کے حوالے سے نامہ نگاروں سے خطاب کرتے ہوئے میئر بیدھان اپادھیائے نے کہا کہ آنے والی درگا پوجا پر تبادلہ خیال کیا گیا اور اس بات کو یقینی بنانے کی کوشش کی گئی کہ درگا پوجا کے دوران عقیدت مندوں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے انہوں نے مزید کہا کہ میونسپل ایریا کے مختلف علاقوں میں کئی سڑکیں خستہ حالت میں ہیں اور درگا پوجا سے قبل ان کی مرمت کی کوشش کی جارہی ہے میئر نے مزید کہا کہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ درگا پوجا کے دوران کسی بھی علاقے میں کوئی پریشانی نہ ہوا ایک ہنگامی کنٹرول روم کھلا رہے گا جو کسی بھی میونسپل ایمرجنسی سے نمٹنے کے لیے تیار ہے۔ بجلی، پانی اور صفائی پر خصوصی توجہ دی جائے گی امرناتھ چٹرجی نے یہ بھی کہا کہ درگا پوجا سے پہلے ضروری خدمات جیسے بجلی، پانی اور سڑکوں کی مرمت اور ہموار کرنے کے انتظامات کیے جا رہے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ اس وقت مسلسل بارش ہو رہی ہے بارش جاری رہی تو سڑکوں کی مرمت مکمل کرنا مشکل ہو جائے گا تاہم، اگر بارش رک جاتی ہے، تو اسے امید ہے کہ درگا پوجا سے پہلے سڑک کی تمام مرمت مکمل ہو جائے گی۔

# چوری معاملے میں تین ملزمین گرفتار

آسنسول: 20 ستمبر، (عوامی نیوز سروس ): سلان پور روپنارائن پور میں ایک تاجر کی دکان سے لاکھوں کا سامان چوری ہو گیا معلوم ہوا ہے کہ روپنارائن پور سمدی روڈ کے رہنے والے گوتم سائیں ایک ہول سیل اسٹیشنری اور گروسری اسٹور کے مالک ہیں روپنارائن پور پولیس اسٹیشن میں اس کی دکان سے لاکھوں مالیت کا سامان چوری ہونے کی شکایت درج کرائی گئی تھی لیکن دکان سے چوری کسی اور نے نہیں بلکہ اس کے ایک ملازم نے کی تھی، جو پچھلے پانچ ماہ سے لاکھوں مالیت کا سامان چوری کر رہا تھا دکان کے مالک کا کہنا ہے کہ اس کے ایک ملازم نے گزشتہ پانچ ماہ کے دوران بتدریج تقریباً 35 لاکھ روپے کا سامان چوری کر لیا ہے۔ تاہم پولیس میں شکایت درج کرانے کے بعد ملازم اور اس کے دو ساتھیوں کو روپنارائن پور پولس نے ایک مخصوص اطلاع کی بنیاد پر گرفتار کیا وہ اس وقت پولیس کی حراست میں ہیں اور ان سے تفتیش جاری ہے اور مسروقہ سامان کی بازیابی کی کوششیں کی جارہی ہیں روپنارائن پور سماڈی روڈ علاقے میں چوری کی واردات پیش آئی چوری کی واردات اسٹیشنری اور گروسیری کی دکان پر ہوئی۔ گوتم سین، سامان کے تھوک فروش، کا ایک کاروباری مرکز ہیا گرچہ وہ باقاعدگی سے تین گوداموں سے سامان بھیجتا تھا اور اپنے عملے کے ساتھ کاؤنٹرز کا انتظام کرتا تھا لیکن اسے کبھی کبھار ذخیرہ اندوزی میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا شک کی تصدیق اس وقت ہوئی جب ایک اور ملازم نے گوتم بابو کو اطلاع دی کہ اس نے گودام سے مختلف اشیاء نکالی ہیں لیکن انہیں دکان میں نہیں لایا ہے اس کے بعد، دو آدمیوں کو رات کو سامان واپس گودام میں لے جاتے ہوئے دیکھا گیا اس کے بعد گوتم سین نے روپنارائن پور پولیس میں تحریری شکایت درج کرائی پولیس نے تفتیش کی اور پتہ چلا کہ چھوٹو باجی مالک کے اعتماد کا فائدہ اٹھاتے ہوئے گودام سے قیمتی اشیاء جیسے ہارلکس، مختلف صابن، گھی اور دیگر اشیاء چرا رہے تھے یہ روپ نگر اور روپنارائن پور کے گوداموں سے چرائے گئے تھے۔ گرودوارہ علاقہ کے رام ناتھ پال اور دلیپ منڈل اسے بائک پر لے گئے تھے پولیس نے دونوں کو چھوٹو سمیت گرفتار کر لیا۔ دریں اثنا، گودام سے چوری ہونے والے سامان کی قیمت کو قبول کرنے سے انکار سے گوتم بابو سخت مایوس ہیں، حالانکہ مال کی قیمت پر اختلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کے اعتماد کا احترام نہیں کیا گیا۔ دریں اثنا، 17 ستمبر کو، پولیس نے گرفتار افراد کو آسنسول کی عدالت میں پیش کیا اور انہیں چار دن کے ریمانڈ پر بھیج دیا اب پولیس تفتیش کر رہی ہے کہ اس گینگ میں اور کون کون شامل ہے اور اتنی بڑی مقدار میں سامان کہاں اور کیسے چوری کی گئی۔

# پنڈیشور: بھٹموداگاؤں میں معمر جوڑا تنہا زندگی گزارنے کو مجبور

